# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Thursday, 18th June, 2026
(362nd Session)
Volume XVII, No.06
(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XVII SP.XVII(06)/2026
No.06 03

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran .......... 1
2. Recitation of Naat .......... 2
3. Leave of Absence .......... 2
4. Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The City University Islamabad Bill, 2026] .......... 4
5. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Standing Committee on Information Technology and Telecommunication on [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026] .......... 4
6. Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Islamabad Capital Territory Watersides Safety Bill, 2024] .......... 5
7. Presentation of the Annual Report of the Standing Committee on Finance and Revenue for the year 2025-2026 .......... 5
8. Presentation of Report on Standing Committee on Finance and Revenue on [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026] .......... 7
9. Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on the proposals for making recommendations on the Finance Bill, 2026, to the National Assembly .......... 7
10. Adoption of the recommendations of the Standing Committee on Finance & Revenue on the Finance Bill, 2026 containing the Annual Budget Statement. .......... 12
    - Senator Mohammad Azam Khan Swati .......... 14
11. Further discussion on the Finance Bill, 2026-27 .......... 15
    - Senator Syed Waqar Mehdi .......... 15
    - Senator Asad Qasim .......... 19
    - Senator Khalil Tahir .......... 22
    - Senator Khalida Ateeb .......... 27
    - Senator Rubina Naz .......... 29
    - Senator Bushra Anjum Butt .......... 33
    - Senator Hafiz Abdul Karim .......... 35
    - Senator Gurdeep Singh .......... 38
    - Senator Jam Saifullah Khan .......... 42
    - Senator Rana Sanaullah Khan .......... 45
    - Senator Nadeem Ahmed Bhutto .......... 47
    - Senator Rubina Qaim Khani .......... 50
    - Senator Khurram Zeeshan .......... 54
    - Senator Ashraf Ali Jatoi .......... 57
    - Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij .......... 59
    - Senator Muhammad Talha Mahmood .......... 61
    - Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition .......... 66
    - Senator Manzoor Ahmed .......... 66
    - Senator Kamil Ali Agha .......... 71
    - Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance and Revenue) .......... 72
12. Introduction and Passage of [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026] .......... 79
13. Announcement by Mr. Chairman .......... 80

**SENATE OF PAKISTAN**
**SENATE DEBATES**
Thursday, 18th June, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifty minutes past twelve in the afternoon with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَ
يَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ ۙ وَّ
اَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ؕۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَ
اتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾

ترجمہ: جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے گئے اُن کو مرے ہوئے نہ سمجھنا (وہ مرے ہوئے نہیں ہیں) بلکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زندہ ہیں اور اُن کو رزق مل رہا ہے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنے فضل سے بخش رکھا ہے اُس میں خوش ہیں اور جو لوگ اُن کے پیچھے رہ گئے اور ( شہید ہو کر) اُن میں شامل نہیں ہو سکے اُن کی نسبت خوشیاں منا رہے ہیں کہ (قیامت کے دن) اُن کو بھی نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے انعامات اور فضل سے خوش ہو رہے ہیں اور اِس سے کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا جنھوں نے باوجود زخم کھانے کے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ (کے حکم) کو قبول کیا جو لوگ اُن میں سے نیکوکار اور پرہیزگار ہیں اُن کے لیے بڑا ثواب ہے۔

سورۃ اٰل عمرٰن (آیات ۱۶۹تا۱۷۲)

## Recitation of Naat

دیکھی نہیں کسی نے اگر شانِ مصطفیٰ ﷺ

دیکھے کہ جبرائیلؑ ہے دربانِ مصطفیٰ ﷺ

میرے ہزار دل ہوں، تصدق حضور ﷺ پر

میری ہزار جان ہو قربانِ مصطفیٰ ﷺ۔

رشتہ میرا خدا کی خدائی سے ٹوٹ جائے،

رشتہ میرا خدا کی خدائی سے ٹوٹ جائے،

چھوٹ جائے رشتہ میرا خدا کی خدائی سے،

چھوٹے مگر نہ ہاتھ سے دامانِ مصطفیٰ ﷺ۔

دیکھی نہیں کسی نے اگر شانِ مصطفیٰ ﷺ،

دیکھے کہ جبرائیلؑ ہے دربانِ مصطفیٰ ﷺ۔

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Mir Dostain Khan Domki has requested for the grant of leave for 17th June, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 17th to 19th June, 2026 during the current session due to official engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sarmad Ali has requested for the grant of leave for 17th to 19th June, 2026 during the current session due to illness. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Kazim Ali Shah has requested for the grant of leave for 15th to 16th June, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mirza Muhammad Afridi has requested for the grant of leave for the whole current session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Ahmad Khan has requested for the grant of leave for the whole current session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Rana Sanaullah Khan has requested for the grant of leave for 17th June, 2026 during the current session due to official engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saadia Abbasi has requested for the grant of leave for 18th June 2026, during the current session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training, may move Order No.02.

**Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The City University Islamabad Bill, 2026]**

Senator Bushra Anjum Butt: I, Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, move under sub-rule of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill to provide for the establishment of the City University Islamabad [The City University Islamabad Bill, 2026] introduced by Senator Nadeem Ahmed Bhutto on 10th February 2026, may be extended for a period of sixty days with effect from 10th June 2026.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.03, Senator Palwasha Mohammed Zai Khan on her behalf Senator Dr. Afnan Ullah Khan may move Order No.03.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Standing Committee on Information Technology and Telecommunication on [The Pakistan Telecommunication (Re-organization) (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Dr. Afnan Ullah Khan: I, Senator Dr. Afnan Ullah Khan, on behalf of Senator Palwasha Mohammed Zai Khan, Chairperson Standing Committee on Information Technology and Telecommunication, move under Sub-Rule 1 of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act 1996 [The Pakistan Telecommunication (Amendment) Bill, 2026], referred to the Standing Committee

on 15th June 2026, may be extended for a period of forty-five days with effect from 18th June 2026.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No. 4, Senator Faisal Saleem Rahman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control may move Order No.04.

**Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Islamabad Capital Territory Watersides Safety Bill, 2024]**

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Islamabad Capital Territory Watersides Safety Bill, 2024, introduced by Senator Shahadat Awan on 1st January, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 11th June, 2026.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.05, Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing on Finance and Revenue, may move Order No.05.

**Presentation of the Annual Report of the Standing Committee on Finance and Revenue for the year 2025-2026**

Senator Saleem Mandviwalla: Thank you Mr. Chairman! I, Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present the Annual Report of the Committee for the year 2025-2026.

جناب چیئرمین! اس میں I will distribute the report ایک دو چیزیں mention کرنا چاہوں گا کہ۔

Report is actually during the year a Committee remained one of the most active oversight bodies of the Parliament, combining legislative, scrutiny, budget, examination, institutional accountability, and stakeholder engagement. The Committee held 30 meetings, extensive proceedings covering budget scrutiny, Finance Bills, oversight of FBR, State Bank of Pakistan, SECP, public entities, audit observation, trade facilitation, during finance and emerging economic issues. (Cont… T-02)

**T02-18June2026 Tariq/Ed: Waqas. 01.00 pm**

Senator Saleem Mandviwalla…(continue)…oversight of FBR, State Bank of Pakistan, SECP, Public Entities, audit observation, trade facilitation during finance and emerging economic issues. The purpose of making this report is to make an institutional memory and to keep on record of the Senate, the working of the Senate Committee on Finance and Revenue.

I place on record my appreciation for all the members of the Committee, the Ministry of Finance, FBR, State Bank, SECP, Auditor General of Pakistan, stakeholders from the private sector and Committee Secretariat. My team for their cooperation throughout the year.

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: نہیں سینیٹر صاحب، positive بات یہ ہے کہ یہ رپورٹ lay نہ کریں؟ یہ کر لیں، اس کے بعد آپ کو floor دیں گے،آپ positive بات کر لیں۔ اس پر کیا کر سکتے ہیں، آپ کو کوئی legal objection ہے؟ وہ آپ کی تعریف کرنا چاہتے ہیں، جب وہ کر لیں، پھر آپ کریں، ابھی تو ایوان کی کارروائی چل رہی ہے۔ نہیں ایسے نہیں کھول سکتا، you are interfering in his speech, I have already given the floor to him. Please اب انہیں کوئی objection بھی نہیں ہے۔

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جناب اس کے بعد والا Order No.6 لے لیں؟

Mr. Chairman: This was Order No.5. The report stands laid. Order No.6, Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue may move Order No.6.

**Presentation of Report on Standing Committee on Finance and Revenue on [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Saleem Mandviwalla: I, Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on a Bill further to amend the Federal Board of Revenue Act, 2007 [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.7, Senator Saleem Mandviwalla, please move Order No.7.

**Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on the proposals for making recommendations on the Finance Bill, 2026, to the National Assembly**

Senator Saleem Mandviwalla: I, Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on the proposals for making recommendations on the Finance Bill, 2026, containing the Annual Budget Statement.

Mr. Chairman: The report stands laid. Please move on Order No.9.

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں تو میں اس رپورٹ پر کچھ بولنا چاہوں گا

before coming to Order No.9.

Mr. Chairman: You want to say something? OK.

Senator Saleem Mandviwalla: Thank you honourable Chairman, for giving me the opportunity to report and express my views on the Federal Budget 2026-

27. Sir, I have been doing this budget exercise for the last eight budgets. Today in the first stance I want to extend my sincere thanks to the Committee members, Madam Sherry Rehman, Senator Farooq Hamid Naek, Senator Mohammad Abdul Qadir and all the members of the Committee.

جناب چیئرمین: آپ باقی اراکین کے نام بھی لیں۔

Senator Saleem Mandviwalla: OK Sir. Senator Syed Faisal Sabzwari and others. Today I want to extend my sincere thanks to all the Committee members, I want to extend my special thanks to Minister for Finance, Senator Muhammad Aurangzeb, Minister of State, Bilal Kiyani, Chairman, FBR, Mr. Langriyal and their team, Mr. Jam Aslam, from Ministry of Law, representatives of various sectors of the business community, media and so on. In the last but not the least, the Secretary of the Committee Ms. Iffat Mustafa, her team, Senate Secretariat, my own team, Miss Sana Javed, Yamin Hussain and whole staff who have spent their nights working on this report. Each and everyone, who is part of the Committee have made their contribution to make this report effective and meaningful.

Mr. Chairman! I have termed this budget, although the Minister has not, but I have termed this, a war budget. You have brought a budget during a war situation in the region which has affected the world and specially Pakistan, because we are an oil dependent country. The Finance Bill supports Pakistan's on-going macro-economic stabilization, helps maintain compliance with IMF commitments, which is critical for economic credibility an investor confidence. The Government has maintained a commitment to primary budget surplus, helping improve fiscal discipline and economic resilience. The Committee welcomes the shift towards enforcement based revenue collection, instead of excessive taxation. The income

tax slabs revised proved relief to the low income class. Digitalization and faceless audits are positive reforms, reduction of human interaction and discretion with FBR can improve transparency and reduce harassment. Relief for the solar sector; Pakistan must incentivize clean and affordable energy. Removal of taxes on air tickets; which has been an issue on along. Removal of taxes on credit cards, which generally people have been complaining, and ATM cards.

Mr. Chairman! While the Senate Standing Committee has proposed a number of important amendments and reliefs, it is equally important to acknowledge that the Finance Bill, 2026-27 contains several positive reforms. The Senate recommendations are intended not to oppose these reforms but to improve their fairness, effectiveness and public acceptability. The Finance Committee has made 108 recommendations and Planning Committee has made 15 recommendations. In total 123 recommendations have been made to the National Assembly for consideration.

Mr. Chairman! The greatest concern of the Committee is not any particular tax measure, rather it is the absence of continuity an institutional memory in economic policy making. We move from one policy to the another and from one regime to another without learning lessons from the previous experiences. Failed experiments are abandoned and then revived after few years.

جناب میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم ہر سال نئے experiments کرتے ہیں، پھر کچھ سال کے بعد ہم انہی experiments کو ختم کر دیتے ہیں۔

Accordingly, the Committee has directed the Ministry of Finance and FBR to conduct a comprehensive study of the budgets of the last ten years to determine

which policies worked, which failed, how often policy reversals occurred and why mistakes are reportedly reproduced. Pakistan cannot afford annual experiments.

Now I will come to the sectors for which we saw no relief. There is no relief for health and education sectors in the budget. Unrealistic revenue expectations, the Committee notes revenue projections must be grounded in economic realities rather than optimism alone. Burden on documented tax payers. The salaried class remains the easiest and most compliant tax segment of Pakistan. Meanwhile, agriculture, retail trade, real estate, speculation and large segments of professional services continue to remain under taxed or not taxed.

The Committee therefore, recommended relief for salaried classes, at least 15% increase in salaries, broadening the tax base rather than increasing burden on existing tax payers. Defreeze medical allowance for Federal Employees and pensioners. Withdrawal of additional taxes and surcharges on electricity bills, including fixed charges on electricity bills. Reduce GST on food items, medicines, educational materials and agriculture inputs. Avoid imposing new taxes on basic necessities.

Climate sector; ensure climate support levy proceeds or used exclusively for climate and environmental purposes. The Committee advocated rig fencing, climate levies and increasing investments in climate resilience. Followed by (T-03)

**T03-18Jun2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 01:10 p.m.**

Senator Saleem Mandviwalla: (Continued…..) Climate Sector, ensure climate support levy proceeds are used exclusively for climate and environmental purposes. The committee advocated rig fencing, climate levy and increasing investments in climate resilience, food protection and disaster. Education should

not be taxed, the committee strongly opposed taxation in education, stationery and recommended restoration of zero rating. In a country struggling with literacy and human development, note books and pencils should not be treated as luxury items.

In support for Industry and exports, the committee recommended to reinstate 1% final tax regime for exporters to maintain export competitiveness. Increase super tax threshold to rupees one billion. Clear all outstanding tax refunds through one time settlement of mechanism. Ensure refunds for digitally integrated tax payers within one month, maximum tax compliance easier for exporters and manufacturers. Relief in electricity and gas tariffs, support for SMEs, incentives for IT exports and freelancers, promotion f digital transformation.

Agriculture and Food Security the committee recommended reducing taxes on fertilizers, seeds, agricultural machinery and irrigation technology, avoiding indirect and direct burdens that ultimately affect farmers and food prices.

Mr. Chairman! the committee believes in a business friendly economy, a common man friendly budget, stable and predictable policies, evidence based decision making, environmental sustainability, support for education and innovation broadening the tax base instead of squeezing compliant tax payers. Learning from mistakes instead of repeating them every year. Budget should not become annual exercise in changing direction, policy inconsistency is itself a within tax on investment. We should stop repeating failed experiments as I mentioned before and expecting different results. Budget making should be guided by evidence not by annual impulses. The salaried class cannot remain the easiest target, stability is necessary but stability without growth is nearly stagnation. The

nation cannot borrow its way to prosperity we need continuity of economic policies not annual changes of direction.

The Senate Standing Committee on Finance and Revenue has presented recommendations in that spirit and hopes the future budget will move beyond stabilization and focus on sustainable growth, competitive and prosperity of people of Pakistan. Nation's progress through continuity institutional memory and evidence based policy making. Pakistan Zindabad. Thank you.

Mr. Chairman: Order No. 9. Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, please move Order No.9.

یہ چھوٹی سی بات کر لیں۔

**<u>Adoption of the recommendations of the Standing Committee on Finance & Revenue on the Finance Bill, 2026 containing the Annual Budget Statement.</u>**

Senator Saleem Mandivawalla: I, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, move that the recommendations on the Finance Bill, 2026, containing the Annual Budget Statement, as reported by the Committee, be adopted.

Mr. Chairman: It is moved that the recommendations on the Finance Bill, 2026, containing the Annual Budget Statement, as reported by the Committee, be adopted.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The recommendations of the Committee on the Finance Bill, 2026, containing the Annual Budget Statement, are adopted.

یہ تو سارے بات کرنا چاہتے ہیں۔آپ نے غلطی کی ہے آپ کو کمیٹی میں جانا چاہیے تھا۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: میں آپ کو بتادوں کہ ہم اجلاس جاری رکھیں گے۔

I, will give point of order only to you, no debate.

(مداخلت)

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! یہ point of order نہیں ہے۔ میں اچھی بات کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں نے floor دے دیا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: It is related to the budget.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: اب میں floor دے چکا ہوں۔ Please take your seats. Order in the house.

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman! Our impulse should not be the impulse of a doctor. We are sitting here and we are basically representing our Provinces.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جو دوست رہ گئے ہیں وہ آج بول لیں، ہماری طرف سے بھی، 03:30 wind up کر دیتے ہیں۔ 01:15 ہو گئے ہیں 03:30 Minister Finance آ جائیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جب دو، تین لوگوں نے بات کرنی ہے۔

Let me check with the Minister. Do you want to wind up at 03:30?

Mohammad Aurangzeb: Mr. Chairman! Yes.

Mr. Chairman: He will wind up at 03:30.

**Senator Mohammad Azam Khan Swati**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: Point of Order یہ ہے کہ میں نے سینیٹ کے floor پر یہ بتانا تھا کہ PTI کی طرف سے 13 recommendations گئی ہیں اور recommendation committee نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ میں صرف یہ گزارش کر رہا ہوں، اسی recommendation کے اوپر بات کر رہا ہوں کہ انہوں نے ہمیشہ اچھا کام کیا ہے اور گزارش یہ ہے کہ جب چاروں صوبوں کی اجتماعی طور پر equal representation ہے تو وزیر خزانہ صاحب کم از کم جو آپ کی Recommendation Committee کے Chairman ہیں ان کی recommendation and Senate's recommendation ہے اس کو بہتر طور پر دیکھیں کیونکہ اسی طریقے سے ملک آگے چلتا ہے۔ Opposition and Treasury benches نے جو recommendation دی ہیں اور سلیم مانڈوی والا صاحب نے جو پیش کی ہیں۔ وزیر خزانہ صاحب کو مثبت انداز میں ان کو دیکھنا چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: اب بات ہو گئی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the house, please. Senator Waqar Mehdi.

(Interruption)

جناب چیئرمین: سینیٹر وقار مہدی آپ بات کریں۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ آپ house تو order میں کریں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Let me give the ruling. I want to give the ruling, please order in the house.

آپ تشریف رکھیں۔ عبدالقادر صاحب تشریف رکھیں۔ میں جواب دے رہا ہوں۔ Annual report پر تصویر آ سکتی ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔T04)

جناب چیئرمین: Annual Report پر تصویر آ سکتی ہے۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈسک بجائے)

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی، وقار مہدی صاحب! شروع کریں۔ I'll give you only 10 minutes.

## Further discussion on the Finance Bill, 2026-27

### Senator Syed Waqar Mehdi

سینیٹر سید وقار مہدی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے اس بجٹ سیشن کے موقع پر بات کرنے کا موقع دیا۔ بجٹ پر بات کرنے سے پہلے میں ایران امریکہ جنگ کے حوالے سے پاکستان کا ایک تاریخی اور سنہرا کردار رہا ہے۔ اس پر بات کرنا چاہوں گا کہ پاکستان نے ایک تاریخی نوعیت کا کردار ادا کیا اور فروری کے مہینے سے یہ جنگ شروع ہوئی تھی، تو شروع دن سے پاکستان نے اس میں جو اپنی کاوشیں کیں اور اس میں دو طرفہ ثالثی کا کردار ادا کیا۔ میں اس حوالے سے وزیرِ اعظم میاں محمد شہباز شریف صاحب، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر صاحب، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار صاحب اور وزیر داخلہ محسن نقوی صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور اس سارے process کے اندر حکومت نے گاہے بہ گاہے صدر آصف علی زرداری صاحب اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب سے بھی مشورہ کرتے رہے اور ہمارے ان دونوں لیڈرز نے اس کے اندر اپنا بھرپور role جو play کر سکتے تھے وہ بھی play کیا۔ خدا کا شکر ہے کہ ان ساری کاوشوں کے بعد کل رات کو دونوں جانب سے اس معاہدے پر electronic sign بھی ہو گئے ہیں جس پر میں پوری قوم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ ایک شاندار اور بہتر انداز سے یہ کام انجام ہوا اور خدا کا شکر ہے کہ اس خطے کے اندر اس امن معاہدے کے نتیجے میں جو امن اور استحکام پیدا ہوگا تو اس کے دور رس نتائج نکلیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ساری صورت حال میں پوری دنیا کے اندر جو مہنگائی بڑھی ہے اور خصوصاً ہمارا ملک جو متاثر ہوا ہے اس سے بھی باہر نکلیں گے۔

جناب چیئرمین! اب میں بجٹ پر بات کروں گا کہ جب بھی جون کا مہینہ آتا ہے، تو خاص طور پر غریب طبقہ خوفزدہ ہو جاتا ہے اور ڈر جاتا ہے۔

Mr. Chairman: Please, order in the House.

سینیٹر سید وقار مہدی: وہ ڈر جاتا ہے کہ پہلے ہی ہم مشکل کا شکار ہیں۔ ہم پر مزید کوئی ستم نہ ہو جائے۔ مگر ستم بالائے ستم ان پر بجٹ بجلی بن کر گر جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! وزارتِ خزانہ جو اس بجٹ کو بناتی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ شاید انہوں نے کبھی کسی غریب کے ساتھ دن نہیں گزارا۔ ان کو نہیں پتا کہ کسی مزدور کا، کسی کسان کا، کسی عام آدمی کا ایشو کیا ہے۔ اس کے وسائل کیا ہیں؟ وہ کماتا کتنا ہے؟ اس کی جیب میں نیٹ انکم کتنی آتی ہے؟ جناب چیئرمین! اگر ملازمین کی 7 فیصد تنخواہیں بڑھائی گئی ہیں۔ 7 فیصد پنشن میں اضافہ کیا گیا ہے۔ کم سے کم تنخواہ 41,700 روپے رکھی گئی ہے۔ جناب چیئرمین! میں اگر یہاں پہ وزیرِ خزانہ صاحب کے سامنے ایک مزدور کے گھر کا بجٹ بنا کر ان کو دکھاؤں، تو کیا یہ justify کریں گے جو یہ تنخواہ بڑھا رہے ہیں؟ کیا انہوں نے اس کو صحیح طریقے سے calculate کیا تھا؟ اس کی مشکلات کا اندازہ لگایا تھا؟ جناب چیئرمین! میں آپ کو بتاؤں کہ ایک غریب مزدور کے گھر کے اخراجات 55,000 روپے آتے ہیں۔ جس میں کچی آبادی میں رہنے والے مزدور کے گھر کا 10,000 کرایہ بھی میں نے اس میں شامل کیا ہے۔ میں نے اس میں اگر پورے مہینے میں وہ کسی شادی میں جاتا ہے یا بچوں کو پارک میں لے جاتا ہے، وہ میں نے اس کے اندر شامل نہیں کیا ہے۔ اس میں وہ شامل کیا ہے کہ جو مزدور، ایک کلرک اور ایک عام آدمی اپنے گھر سے دفتر جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو میں بتاؤں کہ پٹرول اس وقت 373 روپے لیٹر مل رہا ہے اور تقریباً 3 کروڑ کے قریب اس ملک میں موٹر سائیکل استعمال کی جاتی ہیں۔ اگر میں ایک موٹر سائیکل والے کا 2 لیٹر کا خرچہ روز کا لگاؤں تو 22,380 روپے اس کے مہینے کے پٹرول کا خرچہ بنتا ہے۔ یہ جو آپ نے 7 فیصد بڑھایا، یہ جو پنشن میں اضافہ کیا یا ماہانہ اجرت میں جو 10 فیصد اضافہ کیا، وہ کہاں سے justify ہوتا ہے؟ وہ جو بیچارہ غریب آدمی ہے، 15 دن کے بعد اس کی جیب خالی ہو جاتی ہے۔ اس کے پاس کچھ نہیں ہوتا۔ وہ قرض پر قرض لیتا رہتا ہے۔ جب حکومت 7 ہزار ارب کا deficit کا بجٹ پیش کرے گی، جب وہ خسارے میں ہوگی، تو عام آدمی کو کیا فائدہ ہوگا؟ وہ تو خود ہی خسارے میں رہے گا۔

جناب چیئرمین! یہ جو ان کا FBR ہے، یہ کبھی اپنا ٹارگٹ پورا نہیں کرتا۔ ہمیشہ اپنے ٹارگٹ سے کم یہ ریونیو جمع کرتے ہیں۔ ان سے بہتر تو وہ صوبے والے ہیں۔ صوبہ سندھ ہے یا پنجاب ہے، KPK ہے، ایک دوست نے figure بھی بتائی، وہ تو ان سے بہتر Revenue collect کر رہے ہیں۔ آپ یہ صوبوں کو دے دیں، صوبے بہتر کر کے دے دیں گے۔ اگر آپ کا FBR کا جو محکمہ ہے یا وزارت ہے، جو بھی ہے، وہ اگر صحیح طریقے سے Revenue collect نہیں کر رہا ہے، تو اس کو تبدیل کریں۔ بہتر معاشی ٹیم لے کر آئیں، جو بہتر انداز سے کام کر

سکیں۔ لیکن مجھے نہیں سمجھ میں آتا کہ کیوں نہیں حکومت اس جانب دیکھتی ہے، اگر ان کی کارکردگی بہتر نہیں ہے اور Tax collection صحیح نہیں کر رہے ہیں۔ ان کا کام صرف لوگوں کو ڈرانا۔ لوگوں کو سہولت فراہم کرنا نہیں ہے۔ میں وزیر اعظم صاحب سے کہوں گا کہ وہ اپنی جو معاشی ٹیم ہے، اس پر نظرِ ثانی کریں۔ خاص طور پر FBR کے اوپر کہ وہ ہر سال اپنے ٹارگٹ کو کیوں نہیں achieve کر پاتی؟ یا یہ Target realistic نہیں ہوتے یا اس کو صحیح طریقے سے calculate نہیں کیا جاتا۔ میں نہیں سمجھتا کہ اگلا جون 2027-28 کا بجٹ جب آئے گا تو اس وقت یہ Targets achieve ہوں گے۔

جناب چیئرمین! دوسری بات میں یہ کرنا چاہوں گا کہ صوبہ سندھ اس وقت پانی کی شدید مشکلات کا شکار ہے۔ ارسا نے تو سندھ کو ترسا دیا ہے۔ 1991 کے Accord کے مطابق سندھ کو کبھی اس کے حصے کا پانی نہیں ملا۔ آج بھی 41 فیصد سندھ پانی کی کمی کا شکار ہے۔ ابھی میں میڈم شیری رحمان صاحبہ کے ساتھ Standing Committee on Climate Change کی میٹنگ میں تھا۔ وہاں پر Chairman NDMA موجود تھے۔ میں نے on record ان سے پوچھا کہ پاکستان کے reservoirs اپنی capacity سے کتنے کم ہیں یا کتنے زیادہ ہیں؟ تو انھوں نے مجھے بتایا کہ reservoirs میں پانی last year سے اس وقت 11 فیصد زیادہ ہے۔ جب آپ کے پاس reservoirs میں پانی زیادہ ہے، تو آپ صوبہ سندھ کو پانی کیوں نہیں دیتے؟ ہر وقت آپ صوبہ سندھ کے پانی پر کٹ مار دیتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس وقت اگر آپ جا کر بدین کی زمینوں کو دیکھیں، دادو کی زمینوں کو دیکھیں، خیرپور یا نوابشاہ یا لاڑکانہ وہاں پر ہاری کے پاس اپنے کھیتوں میں پانی دینے کے لیے نہیں ہے۔ وہاں وارہ بندی کے تحت بھی پانی پورا نہیں ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین! جب یہاں پر ایک میٹنگ ہوئی اور ہمارے نیشنل اسمبلی کے کچھ دوستوں نے بات کی تو ارسا والے ماننے کو تیار نہیں تھے۔ جب figure دیکھی گئی تو وہ figure وہی تھی جو سندھ بتا رہا تھا۔ جناب چیئرمین! کم از کم میں حکومت سے کہوں گا کہ ارسا کو بلا کے بازپرس تو کی جائے کہ آپ کیوں نہیں اپنے کیے ہوئے وعدے، جو agreement میں لکھا ہوا ہے، اس کے مطابق آپ سندھ کو پانی دیں۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ میں دوسری بات بجلی سے متعلق کرنا چاہوں گا۔

Mr. Chairman: One minute more.

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! کل ممبران نے 15 منٹ اور 22 منٹ بات کی ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب نے wind up کرنا ہے۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! عابد شیر علی صاحب بھی تشریف رکھتے ہیں۔ ماشاءاللہ انہوں نے بھی بات کی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، منسٹر صاحب نے wind up کرنا ہے۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! اس وقت حکومتِ سندھ کی جانب سے جو تھر کول بنایا گیا، وہ نیشنل گرڈ کے اندر 3000 میگا واٹ ڈالتا ہے۔ نوری آباد پاور پلانٹ سے K-Electric کو 100 میگا واٹ بجلی دی جاتی ہے۔ لیکن جناب چیئرمین! اس وقت صوبہ سندھ میں 16، 16 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہے اور کراچی میں تو تباہی ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T05)

**T05-18Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 1:30 pm**

سینیٹر سید وقار مہدی: (جاری) کراچی میں تو تباہی ہے۔ آپ 163 ارب روپے K-Electric کو subsidy کے لیے دیتے ہیں۔ کیا آپ اس لیے دیتے ہیں کہ وہ لوڈ شیڈنگ سے لوگوں کو ماریں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ جو بل pay کرتا ہے، اس کو بجلی کیوں نہیں دی جاتی۔ جو بل نہیں pay کرتا، اس کی بجلی کاٹیں، اس کا میٹر لے جائیں۔ آپ ان کو کیوں سزا دیتے ہیں جو بجلی کی payment کرتے ہیں۔ جناب! ہمیں دیکھنا چاہیے کہ ناجائز لوڈ شیڈنگ کیوں ہوتی ہے۔ اگر آپ بل pay کر رہے ہیں تو آپ کو بجلی ملنی چاہیے۔ یہاں تو وہ بھی عذاب میں ہے جو بل کی payment کر رہا ہے۔

جناب! سندھ 71 فیصد گیس produce کرتا ہے لیکن سندھ میں لوڈ شیڈنگ ہے، گیس کا پریشر نہیں ہے اور گیس غائب ہے۔ اس کے علاوہ K-IV منصوبے کے لیے دس ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ دس ارب کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ پانی کا ایک اہم منصوبہ ہے اور اس کے ذریعے 260 MGD پانی کراچی میں آنا ہے لیکن اس کے لیے بھی بہت کم پیسے رکھے گئے ہیں۔ کراچی حیدر آباد سکھر موٹروے کے لیے 30 ارب روپے رکھے گئے جبکہ NHA نے 70 ارب روپے مانگے تھے۔ یہ تو بہت کم رقم ہے۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ رقم بڑھائی جائے۔ میں حکومت پاکستان کی بات کر رہا ہوں، انہوں نے مانگے تھے۔

دوسری بات، امریکہ ایران جنگ کے حوالے سے کرنا چاہوں گا۔ ایران اور پاکستان کے درمیان گیس پائپ لائن کا ایک معاہدہ تھا۔ حکومت اس بات کو بھی یقینی بنائے کہ ایران کے ساتھ گیس پائپ لائن کا منصوبہ مکمل ہو تاکہ آصف زرداری صاحب کا ایک بہترین منصوبہ مکمل ہو۔

اس کے ساتھ TAPI جو کہ ترکمانستان، افغانستان، پاکستان اور انڈیا کے درمیان ایک منصوبہ ہے۔ یہ منصوبہ 2014 سے اب تک مکمل نہیں ہوا۔ اس کو بھی مکمل ہونا چاہیے۔

میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہاں اس ہاؤس سے جو recommendations آتی ہیں، حکومت انہیں ایک کان سے سن کر دوسرے سے نہ نکالے۔ یہاں غریب عوام کی بات کی جاتی ہے، ان کی بات سننی چاہیے کیونکہ یہ جو بجٹ پیش کیا گیا، وزیر خزانہ نے جو 52 صفحوں کا بجٹ پیش کیا، اس میں غریبوں کے لیے ساڑھے تین لائنیں ہیں جبکہ باقی سب امرا کے لیے ہیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: I give the floor to Senator Asad Qasim.

**Senator Asad Qasim**

سینیٹر اسد قاسم: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) چیئرمین صاحب! سب سے پہلے تو میں اپنے colleagues اور عوام کو اپنا چھوٹا سا تعارف کروادوں۔ میرا نام اسد قاسم ہے، بلوچستان کے ایک چھوٹے سے شہر بیلہ سے میرا تعلق ہے۔ یہ تعارف کیوں کروارہا ہوں آپ کو؟ میرا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی یا مسلم لیگ (ن) جیسی بڑی جماعتوں سے نہیں ہے۔ میرے پاس اتنے وسائل نہیں اور نہ ہی اتنا بڑا پارٹی فورم ہے کہ اگر اپنے وزیراعظم سے ملنا چاہوں تو constitutional right کے اوپر ایک لیٹر لکھ کر کہ وہ مجھے ایک کال پر بلالیں۔ میں ایک آزاد امیدوار اور ایک آزاد سینیٹر کی حیثیت سے یہاں کھڑا ہوں۔ اگر اس budget speech پر کسی سے مشورہ کرنا چاہوں تو میں اپنے وزیراعظم کو آئینی، constitutional right پر لیٹر لکھتا ہوں کہ میں ملنا چاہتا ہوں لیکن دو مہینے سے وہ ہمیں نہیں ملتے۔ شاید اگر میرا تعلق پنجاب سے ہوتا یا میرا تعلق سندھ سے ہوتا تو ایک ہی لیٹر پر میرا بلاوا آجاتا۔ بہر حال، یہ شکایتیں ہم اس فلور پر کرتے رہیں گے جبکہ باقی لوگ کر چکے ہیں۔ یہ ہمارا constitutional right ہے۔

محترم چیئرمین صاحب! آج میں یہاں کھڑا ہوں تو میرے دل و دماغ میں ایک ہی فکر ہے اور وہ ہے بلوچستان۔ میں ایک سینیٹر ہوں لیکن اس سے بڑھ کر میں اس مقدس سرزمین کا بیٹا ہوں جس نے پاکستان کو جو وسائل دیے ہیں، اس کے بدلے میں اس نے کیا پایا ہے اور کیا نہیں پایا، وہ میرے خیال میں مجھے بتانے کی ضرورت نہیں ہے، ماشاءاللہ، یہ سارا ایوان جانتا ہے۔

اس سال وفاقی حکومت نے اپنے پیش کردہ بجٹ میں بلوچستان کو ایک دفعہ پھر نظر انداز کیا ہے۔ شاید میں سمجھ گیا ہوں یا حکومت کو یہ علم نہیں ہے کہ ہمارے گھر میں کیا گزرتی ہے یا کیا گزر رہی ہے۔ آپ ٹی۔وی پر دیکھ لیتے ہیں آج اتنے لوگ شہید ہوگئے، آج اتنے گھر جل گئے، آج اتنی سڑکیں ٹوٹ گئیں، آج اتنی بسیں جل گئیں لیکن ہم وہاں رہتے ہیں، ہمیں پتا ہے وہاں ہماری کیا حالت ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین! ہمارے بلوچستان کی غربت کی شرح 47 فیصد ہے۔ یہ قومی اوسط 28.9% سے دوگنا ہے۔ دوسرا، ہمارے صوبے میں ہر شخص بھوکا ہے۔ جب میرے نوجوان ڈپلومے ہاتھ میں لے کر گھومتے ہیں اور کام نہ ہونے کی وجہ سے کوئٹہ میں اپنی ڈگریوں کو نذر آتش کر رہے ہوتے ہیں تو وہاں پر عوام تالیاں بجا رہے ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اگر کسی پارٹی سے ہوتا جو یہاں پانی، پانی، پانی مانگتے ہیں یا کسی دوسری پارٹی سے ہوتا جو کینال، کینال، کینال مانگتے ہیں تو میں اپنے صوبے بلوچستان کے لیے کھڑے ہو کر یہ نہیں کہوں گا کہ آپ مجھے اس بجٹ میں اتنا بڑا جو سب کے پاس پرچے موجود ہیں، اس میں سے آپ صرف 743 ملین share رکھتے ہیں کہ یہ آپ کا budget share ہے۔ کیوں؟ اگر آپ NFC کی طرف جاتے ہیں تو population-wise ہم نے آپ کو share دیا۔ چلیں، آئیں جی NFC کی طرف، آپ نے NFC کے اندر ہمارا 80 فیصد share رکھا۔ اگر NFC کے اندر weight factor 82% دیتے ہیں تو یہ نہیں دیکھا جاتا کہ ان صوبوں میں عوام کے علاوہ کتنے مسائل ہیں؟ یہ نہیں دیکھا جاتا کہ اس صوبے میں عوام اگر کم ہیں تو نقصانات کتنے زیادہ ہیں؟ پنجاب میں لوگوں کی جانیں نہیں جارہی ہیں جس طرح بلوچستان میں جارہی ہیں، جس طرح وہاں education sector بند ہے، جس طرح وہاں بچے اپنے اسکولز جانے سے قاصر ہیں۔ کیوں؟ Law and order situation. لہٰذا، آپ نے کس طرح بجٹ reforms بنائیں۔ آپ نے NFC ایوارڈ کے تحت صرف population-wise بنادی ہیں؟ اس صوبے پر جو گزر رہی ہے، آپ اس کو نہیں دیکھ رہے ہیں کہ اس کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ کیا آپ اس کے لیے کوئی فنڈز نہیں رکھیں گے؟

جناب چیئرمین! میں زیادہ time نہیں لوں گا، کیونکہ ماشاءاللہ، میرے senior colleagues یہ سب کچھ بول چکے ہیں، آپ کو facts and figures دے چکے ہیں۔ میں صرف ground realities کی بات کررہا ہوں۔ FBR کی کیا بات کریں، ابھی ہمارے ساتھی بول کر گئے ہیں، FBR کے پچھلے تین سال سے جو deficits چل رہے ہیں، 36 ارب تین سال پہلے، 47 ارب دو سال پہلے، ماشاءاللہ،

اس دفعہ تو 1,235 ارب۔ ان کی وجہ سے ہمارے صوبے efficient ہوتے ہیں، shortfall ہمیں صوبوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ ان کے لیے تو میری ایک تجویز ہے کہ بڑا سا بورڈ لگا دیں، جنت میں صرف filers کو حوریں ملیں گی، باقی سب کو شاید اپنی بیویاں ہی مل جائیں۔

جناب چیئرمین! اگر حکومت serious ہے، اگر حکومت بلوچستان کو تھوڑا سا حق دینا چاہتی ہے، اگر بلوچستان کے نمائندوں کو سننا چاہتی ہے تو کچھ recommendations ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں۔ Water emergency funds. سب کا رونا یہیں پر ہے۔ سندھ کہتا ہے پانی نہیں، پنجاب کہتا ہے پانی نہیں، خیبر پختونخوا کہتا ہے پانی نہیں۔ بھئی! جا کر بلوچستان کی حالت دیکھو۔ آپ کے گھروں میں پانی ٹوٹیوں میں آرہا ہے، وہ بے چارے بالٹیاں بھر بھر کر لا رہے ہیں۔ آپ کبھی آئیں، ہم آپ کو بلوچستان گھمائیں کہ پانی کی قدر کیا ہوتی ہے۔ اس مرتبہ اس کے لیے ماشاءاللہ، 1.37 ارب دیے گئے ہیں۔ اس کو emergency water fund بولا گیا ہے۔ اگر آپ ہمیں اتنا ہی serious لیتے ہیں، آپ ہمیں dams دیں، خاران، لسبیلہ، نصیر آباد کو۔

اس کے بعد youth employment package آتا ہے۔ میڈیکل کالج کی ڈگریاں بچوں کے ہاتھوں میں ہیں، بلوچستان کے تعلیم یافتہ لوگ بے روزگار ہیں۔ وفاقی سطح کا کوٹا جو کہ چھ فیصد ہے، اس پر بھی کوئی عمل درآمد نہیں ہے۔ آپ مجھے دکھائیں، یہاں چھ فیصد کوٹے پر کتنے لوگ کھڑے ہیں۔ وزیراعظم صاحب کے یوتھ پروگرام کو محض اعلانات تک محدود رکھا جاتا ہے، نافذ کرنے کے لیے پتا نہیں کون آئے گا جو نافذ کروائے گا۔

سب سے بڑا بحران صحت کا ہے۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے بچے پولیو جیسی بیماریوں سے جاں بحق ہو رہے ہیں۔ وفاق صرف ماہر ڈاکٹرز کی ایک ٹیم بھیج دیتا ہے لیکن وہ بلوچستان کے vast area کو cover نہیں کر پاتے۔ سب سے بڑا issue تو آپ کے میڈیا کا ہے۔ ہمارے ہاں میڈیا سپورٹ پروگرام چلتے ہیں۔ کوئٹہ میں اخبار فروش آج بھی پچھلے پانچ سالوں سے وزیراعلیٰ کی جانب سے طے شدہ گرانٹ کے منتظر ہیں جو کہ نہیں ملی۔ حکومت، اخبارات اور مقامی میڈیا کے لیے کوئی فوری ریلیف دے تاکہ یہ ہماری آواز آپ تک پہنچائیں۔

Mr. Chairman, to conclude, Balochistan does not need your promises, it needs your action. We are not asking for charity, we are asking for our constitutional right. The Government needs to amend this budget and provide

relief measures immediately; otherwise, you are failing, not only the common people but the politicians as well. We are failing 15 million people of this country.

جناب چیئرمین! دنیاکے باقی ملکوں سے ہم اپنے آپ کو کیا compare کریں، یہ اس سال کا per capita دیا گیا ہے۔ بنگلہ دیش کا per capita, 56 dollars ہے جبکہ ہم 25 پر کھڑے ہیں۔ سری لنکا 78 ڈالرز پر ہے۔ انڈیا کو تو چھوڑ دیں، افغانستان 59 dollars per capita ہے۔ بہر حال، زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا، اس کو conclude کرتے ہوئے حکومت سے یہ گزارش کر سکتے ہیں کہ آپ لوگ پلیز بلوچستان کو serious لیں۔

(T06 پر جاری ہے)

T06-18June2026 Abdul Razique/Ed: Shakeel 01:40 p.m.

سینیٹر اسد قاسم: (---جاری) تو please آپ لوگ بلوچستان کو serious لیں۔ پچھلے ایک سال سے بلوچستان پر جو گزری ہے، یہاں جو لوگ بیٹھے ہیں، ان سب نے وہ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ ہم جو وہاں سہہ کر آئے ہیں، وہ ہمیں پتا ہے۔ ہمیں پتا ہے کہ ہم نے کتنی لاشیں اٹھائی ہیں اور اپنے شہیدوں کو کس طرح دفنایا ہے۔ خدارا، ہوش کے ناخن لیں اور انہیں اس بجٹ سے کوئی ریلیف دیں۔ بلوچستان اس ملک کا حصہ ہے اور وہ آپ کے بھائی ہیں۔ میں بس conclude کرنا چاہوں گا۔ اللہ کرے میرے اس forum پر بات کرنے سے کسی کے کان تھوڑے ہل جائیں اور ہماری کوئی بہتری ہو سکے۔ Thank you so much for your time.

Mr. Chairman: Thank you. Senator Manzoor Ahmed. Not present. Senator Samina Mumtaz Zehri. Not present. Senator Faisal Sabzwari. Yes, Senator Khalil Tahir Sindhu *sahib*.

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! کل یہاں بات ہو رہی تھی کہ چونکہ بجٹ ہے تو بجٹ پر بات کریں۔ کم علمی اور کم فہمی کا یہ نتیجہ ہے کہ ان کو پتا نہیں کہ بجٹ زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے اور آپ بجٹ پر ہر قسم کی بات کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے میں آپ کو اور اس پورے ہاؤس کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ایران اور امریکہ کا جو امن معاہدہ تھا، ہمارے honourable Prime Minister صاحب نے جن کی عظمت کو میں salute کرتا ہوں، انہوں نے اس پر دستخط کر دیے ہیں اور معاہدہ تکمیل کو جا پہنچا۔

اس پر پوری پاکستانی قوم بشمول اپوزیشن کے مبارکباد کے مستحق ہیں کہ یہ معاہدہ ہو گیا۔کامران صاحب کہہ رہے ہیں کہ پہلے اپنے کچھ فیصلے کرلیں تو میں یہ کہوں گا کہ

اکثر دھوکہ دے جاندے نے شکلوں ویکھے جاچے لوگ
تے سانوں آگے راون دسڑن اپنے گھروں گواچے لوگ

دیکھنا پڑتا ہے کہ آپ کے بجٹ کا global level پر کیا impact پڑا ہے۔میں پٹیل صاحب کی بھی بات کروں گا، گٹکے والی بات بھی لازمی کروں گا اور سوٹ کی بھی بات کروں گا۔

Mr. Chairman: No cross-talk, please.

سینیٹر خلیل طاہر: تو دیکھنا یہ پڑتا ہے کہ global اداروں اور global village میں آپ کا ملک کس سطح پر پہنچتا ہے۔آپ کی policies کیا ہیں اور آپ کی ترجیحات کیا ہیں۔جب آپ کی priorities ہوں گیں تو اس کے مطابق آپ کا بجٹ بنتا ہے، پھر ملک آگے چلتا ہے اور انسان کے جو جسم اور روح کا رشتہ برقرار رکھنا ہے، وہ آسان ہو جاتا ہے۔اس لیے میں سب سے پہلے یہ کہوں گا کہ Prime Minister صاحب نے ، پوری قوم نے اور خاص طور پر it is very pertinent to mention the name of General Asim Munir اور محترم آصف علی زرداری صاحب، صدر پاکستان اور قابل احترام، ان سب نے مل کر unanimous طریقے سے ملک کو عالمی تنہائی سے نکالا۔ جہاں پہلگام کا concocted, fabricated اور جھوٹا واقعہ ہوا جو نہیں ہوا تھا لیکن انہوں نے ہمیں ایک side پر دھکیلنے کے لیے کوشش کی لیکن پوری قوم نے، Prime Minister صاحب نے، وزیر خارجہ صاحب اور ہماری پاک فوج نے اس level کا جواب دیا کہ وہ کہتے ہیں کہ آج تیری داستان بھی نہ ہوگی داستانوں میں اور وہ اس level پر پہنچ چکے ہیں۔اس کے علاوہ یہ بھی دیکھنا پڑتا ہے کہ پائیدار ترقی کے لیے جو عالمی ادارے کہتے ہیں اور آپ کی جو monetary policy ہے اور اس monetary policy کی وجہ سے افراط زر جو single digit میں آیا ہے، یہ کس کا دانشمندانہ فیصلہ ہے۔ Naturally, I would like to say Prime Minister, his team and the Government. میں admitted facts پر بات کروں گا۔اپوزیشن کے ممبران بیٹھے ہیں۔اگر وہ rebut کرنا چاہتے ہیں تو میرے ساتھ بحث بھی کر سکتے ہیں۔اسی معاشی استحکام کی وجہ سے سٹیٹ بینک نے اپنے policy rate کو بتدریج کم کر کے 11 فیصد کر دیا۔روپے کی قدر میں استحکام اس حوالے سے آرہا ہے کہ ڈالر کی سمگلنگ، حوالہ ہنڈی

اور غیر قانونی مارکیٹ کے خلاف سخت ترین اقدامات لیے جارہے ہیں۔ زرمبادلہ کے ذخائر کو تحفظ ملا ہے جس سے ملکی ساکھ عالمی سطح پر بحال ہوئی ہے۔

دیکھنا یہ بھی پڑے گا اور میں تین اداروں کے نام لوں گا جو S&P Global, Fitch and Moody's ہیں، ان جیسی عالمی rating agencies نے ملکی معیشت کو default کے خطرے سے پاک اور مستحکم قرار دیا ہے۔ This is the cumulative statement of these international organizations which have impact and affect at international level اور انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جو معیشت ہے، یہ بالکل خطرے سے باہر ہے۔ اسی طرح long-term میں ہماری foreign currency rating کو بہتر کرنے کے لیے مستقبل کا جو معاشی منظر نامہ ہے، اسے بھی stable outlook قرار دیا ہے اور Moody's نے پاکستان کی ملکی اور غیر ملکی کریڈٹ بندی کو CAA2 سے CAA1 کر دیا ہے۔ جب تک ہم انہیں نہیں دیکھتے تو ہمیں پتا نہیں چلتا۔ کل جس طرح چوہدری عابد شیر علی صاحب بات کر رہے تھے۔ میں آخر میں آپ کی اجازت سے ایک انتہائی اہم حوالے کا ذکر کرنا چاہوں گا لیکن ابھی یہ کہوں گا کہ جب انہوں نے اقتدار سنبھالا تو اس وقت چار ارب ڈالر کے ذخائر رہ چکے تھے۔ سواتی صاحب میرے لیے بہت قابل احترام ہیں and he is a very competent person but I am ready to argue on that تو وہ اس وقت کہہ رہے تھے کہ ملک سری لنکا بن جائے گا اور دیوالیہ ہو جائے گا۔ جناب چیئرمین دیکھنا پڑے گا کہ یہ ہوا کیسے۔ ہمارے Constitution of Pakistan میں Article 95 ہے جس کے تحت no-confidence move آتی ہے۔ اس بات کا ان کو اتنا رنج، صدمہ، غصہ اور grudge ہے کہ Article 95 کے تحت ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کیوں آئی۔ We are member of Commonwealth countries اور آپ دیکھیں کہ برطانیہ میں وہ اپنے پانچ Prime Ministers کے خلاف عدم اعتماد لے کر آئے ہیں اور وہ کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ یہ کوئی illegal or un-constitutional کام تو نہیں ہوا۔ تو اس وجہ سے اتنا غصہ کرنا اور اس پر پھر کرنا کیا۔ یہ کرنا کہ باہر سے جو پیسے بھیجتے ہیں، جو remittances ہیں، وہ نہیں بھیجیں۔ آپ کا لیڈر بجلی کا بل جلا دے، آپ کا لیڈر سوئی گیس کا بل جلا دے، آپ کا لیڈر امریکہ میں بیٹھ کر کہے کہ میں جا کر میاں نواز شریف کے کمرے کا اے سی اتروا دوں گا، ہماری بہن کے ہوٹل پر جہاں وہ اپنے husband کے ساتھ ٹھہری تھیں، آپ کے لیڈر نے وہاں raid کروا دی، آپ کا

لیڈر رانا ثناءاللہ خان صاحب کے خلاف 15 کلو ہیروئن کا پرچہ کروا دے، آپ کا لیڈر اس قسم کے ایسے کام کرے اور خود جب ان پر آئی تو کہتا ہے کہ میں ایک اور ورلڈ کپ جیت کر آیا ہوں۔ کون سا ورلڈ کپ؟ کامران مرتضیٰ صاحب، ایک senior lawyer ہیں اور میری بات کو second کریں گے کہ انڈیا نے Article 370 and Article 35-A کے تحت Indian constitution میں تبدیلی کرکے مقبوضہ جموں وکشمیر کو اپنا حصہ بنا لیا ہے۔

پھر چکری میں ایک میٹنگ ہوتی ہے جہاں انہوں نے پوری قوم کو چکر دیا۔ یہ سات لوگ تھے جن میں بہت بڑے بڑے لوگ تھے اور جن سے یہ فیض یاب ہوتے تھے کہ ہم نو مئی کو ہر institution پر حملہ کریں گے۔ میں نے ان سے پہلے بھی کہا کہ خدا کے لیے مئی کے مہینے میں فوج کو تنگ نہ کرنا پھر ہمیں نا کچھ کہنا کہ آپ نے مئی کے مہینے میں کیا کیا۔ ذوالفقار علی بھٹو شہید ہو گئے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید ہو گئیں۔ آپ کو سپریم کورٹ نے ایک غلط فیصلے کے تحت اور وہ کہتے ہیں نا کہ کسی دا یانہ وچھڑے اور اب کہتے ہیں کہ کسی دا ثاقب نثار نہ وچھڑے، ایک غاصب نے آپ کو کرسی سے اتار دیا۔ ہمارے میاں نواز شریف صاحب کو کہ جب انہوں نے یہ بار، بار کہا کہ 50روپے کا اشٹام not at all لیکن آپ کی Cabinet نے پھر وہ اشٹام عدالت میں دیا اور آپ کی Cabinet نے انہیں permission دی کہ وہ باہر جا کر اپنا treatment کرواسکیں۔ اگر آپ کی Cabinet اجازت نہ دیتی تو وہ باہر نہیں جاسکتے تھے۔ ان admitted facts کو مد نظر رکھتے ہوئے خدا کے لیے کوئی ایسی بات کریں جس بات کا کوئی اثر بھی ہو۔ پھر پروگرام کیا شروع کر رہے ہیں؟ مجھے نہیں پتا کہ کیا منصوبہ تھا اور مجھے تھوڑا سا بھول گیا کہ کتنے مرغے تھے اور کتنی مرغیاں تھیں۔

Mr. Chairman: Try to wind up, please.

سینیٹر خلیل طاہر: جی بس 10 منٹ کے بعد ختم کرتا ہوں۔ سینیٹر کامران صاحب کو پتا ہے کہ اور وہ مجھے کل بتا رہے تھے کہ خیبر پختونخوا میں غلطی سے چار مرغے اور ایک مرغی دے بیٹھے۔ باقی جو مرغی کا حال ہوا ہوگا، یہ انہیں پتا ہے مطلب یہ اس level پر کام کرتے ہیں۔ انہیں پتا نہیں کہ کیا کرنا ہے۔ کہاں گئے وہ 50 لاکھ گھر اور ایک کروڑ درخت؟ کہاں پر ہماری بہتری ہوئی؟ ہمیں عالمی سطح پر تنہا کر دیا گیا اور ہر روز یہ کہا گیا کہ ہم ختم ہو جائیں گے۔ ان کے بانی ہمارے فیصل آباد میں ایک پناہ گاہ میں گئے۔ ایک بابا جی کو پوچھتے ہیں کہ کی حال ہے اور آپ کو پناہ گاہ

کیسے لگا۔ انہوں نے کہا پتر آپ کی وجہ سے مجھے گھر بیچ کر ادھر آنا پڑا ہے۔ جس حد تک ہوا، انہوں نے کیا۔ آئی ایم ایف سے معاہدہ انہوں نے توڑا جس کی وجہ سے جب ڈالر کی قیمت بڑھ گئی تو وہ معاہدہ ہمیں کرنا پڑا۔۔۔ (جاریT07)

T07-18-06-2026 Babar:Ed/Mubashir 1:50PM

سینیٹر خلیل طاہر: IMF سے معاہدہ انہوں نے توڑا، جس کی وجہ سے ہم، جب ڈالر کی قیمت بڑھ گئی، وہ معاہدہ ہمیں کرنا پڑا۔ اس معاہدے کی وجہ سے، ٹھیک ہے، ملک کو کچھ مشکلات آتی ہیں، لیکن recently پرائم منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ میں اپنی قوم کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر مشکل کو برداشت کیا ہے۔ آخر میں، جناب چیئرمین، I am truly grateful to you رمشا کالونی والوں کی طرف سےappeal کر رہا ہوں ، جہاں پر آپ نے minorities کو پہلے بھی محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے، چار آبادیوں کو یہاں اسلام آباد میں مالکانہ حقوق دیے تھے، کہ یہ میں اپنی government سے سوال کر سکتا ہوں تو خدا کے لیے ان کو بھی، ان سے بھی وہbehave کیا جائے جو آپ one Constitution Avenue کے لوگوں سے برتاؤ کرتے ہیں۔ بہت مجھے یاد ہے، اور ان کو مالکانہ حقوق دے، کیونکہ شہر سڑکوں سے خوبصورت نہیں لگتے، وہ لوگوں سے خوبصورت لگتے ہیں۔ یہ state کی responsibility ہے، اور it is the legitimate rights of every citizen which is mentioned in Article 36 in the Constitution of Pakistan. آخر میں، جناب چیئرمین، کل ہمارے ایک ایم این اے صاحب لیاری کے ایم این اے ایک لاکھ 33 ہزار ووٹ لے کر چیئرمین بنے، تو آپ کو اپنے سات سے زائد لوگوں سے زیادہ ووٹوں سے چیئرمین بنے ہیں i have a lot of respect for you۔ مجھے نہیں پتہ انہوں نے کس کو message دیا کہ یہ سینیٹرز جو ہیں، شاید ان کو accommodate نہیں کیا گیا یا پتہ نہیں کیا، اور شاید وہ گھٹکا کی حالت میں تھے، بہت زیادہ کھاتے ہیں گھٹکا ، کہ یہ لوگ جو پینٹ کورٹ پہن کے آ جاتے ہیں۔ میں نے خود دیکھا، انہوں نے پوری گٹ خرید لی ہوتی ہے۔ اس وقت کراچی میں تھا جی، پوری گھٹ ہوئی ہے، جو ہر روز نیا pant, shirt پہنتے ہیں، وہ بھی تو سر اس طرح سے کسی کی تذلیل کرنا it's not fair and thank you for listing me so patiently.

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ from MQM انہوں نے بات نہیں کیonly for 10 minutes

**Senator Khalida Ateeb**

سینیٹر خالدہ اطیب: ہو سکتا ہے میں 10 minutes سے پہلے ہی ختم کر دوں، اس لیے کہ بہت سارے لوگ بہت ساری باتیں کرتے ہیں، ایسی چیزوں کا repeat کرنا زیادہ بہتر نہیں ہوتا، بہتر یہ ہوتا ہے کہ ہم کوئی نئی بات کہیں۔تو سب سے پہلے تو میں جو آج کل situation چل رہی ہے، signing کے حوالے سے، جو ایک امن کا معاہدہ ہو رہا ہے، اس پر میں جناب وزیراعظم صاحب، فیلڈ مارشل جناب عاصم منیر صاحب، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار صاحب اور وزیر داخلہ محسن نقوی صاحب کو مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ ان کی شب و روز کوششوں سے پاکستان کو نہ صرف دنیا میں سرخروئی عطا ہوئی بلکہ پاکستان کا ایک soft image ابھر کر سامنے آیا۔ہمیں اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے اور ہمیں بہت ساری relief مل سکتی ہے۔اس تمام situation میں ہم دنیا سے بہت سارے relief حاصل کر سکتے ہیں۔یہ depend کرتا ہے ہمارے اپنے اوپر، ہم باہر تو بہت اچھا اپنا تاثر چھوڑ رہے ہیں لیکن اندرونی طور پر ہمارے معاملات کیا ہیں، یہ ہمارے عوام بہتر بتا سکتے ہیں۔جس کے لیے یہ بجٹ پیش کیا گیا، جناب چیئرمین، اور اس بجٹ میں صرف عوام کو relief دینے کی بات نہیں کی گئی بلکہ واقعی elite class کو بہت relief دیا گیا۔ credit card .05% پر relief دیا گیا، تو کون غریب credit card استعمال کرتا ہے؟ electrical گاڑیوں پر relief دیا گیا، کون غریب electrical گاڑی استعمال کرتا ہے؟ کراچی پیکج کے حوالے سے میں بات کروں بجٹ میں 65% revenue کراچی کا شامل ہے، لیکن کراچی کو کیا relief دیا گیا؟ ہم یہ نہیں کہتے کہ آپ ہمیں 65% دیں، ٹھیک ہے، لیکن ہمیں اس حد تک تو دیں، ہماری ٹوٹی ہوئی سڑکیں، ہمارے بہتے ہوئے گٹر۔ کراچی جو روشنیوں کا شہر کہلاتا تھا، کراچی جہاں جانے کے لیے لوگ picnic کے طور پر جاتے تھے کہ کراچی ایک بہت خوبصورت پاکستان کا شہر ہے، لیکن آج اسی کراچی میں کراچی کے لوگ بھی بہت مشکل اور سخت زندگی گزار رہے ہیں۔اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ان سڑکوں کا ذمہ دار کون ہے؟ پانی نہ ملنے کا ذمہ دار کون ہے؟ K-4 منصوبے کے لیے جو ابھی رقم دی گئی ہے، اس پر آپ اندازہ لگائیے کہ صرف 10 ارب روپے دیے گئے ہیں، کیا اس سے K-4 منصوبہ مکمل ہو جائے گا؟ اور اگر ہو بھی جائے گا، جناب چیئرمین، اگر یہ منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچ بھی جائے، تو وہ پانی جو منصفانہ طور پر تقسیم ہوگا، اس کی کیا guarantee ہے؟ کیونکہ وہاں tanker mafia حکومت کی تحفظ میں بہت سرگرم عمل ہے۔

میں بہت افسوس کے ساتھ یہ بات کہتی ہوں کہ سندھ حکومت ہی یہ بات نہیں چاہتی کہ کراچی کے لوگوں کو relief ملے۔ کراچی میں education institute بہت اچھے بنے، پورے سندھ کی بات میں کر رہی ہوں، صرف کراچی کو چھوڑ دیا جائے تو کراچی پھر بہتر

حالت میں ہے۔سندھ میں جو سکولوں کی کمی ہے، جہاں health کے معاملات ہیں، جہاں کتے کے کاٹنے کی vaccine موجود نہیں ہے، یہ انتہائی افسوسناک صورتحال ہے، جناب چیئرمین۔ ہمیں اس طرف توجہ دینی چاہیے، کیونکہ یہ تمام معاملات عوام سے related ہیں۔جب عوام کو ہم relief دیں گے، جب ہم عوام کو پرسکون رکھیں گے، کیونکہ شاید یہ لوگ نہیں چاہتے کہ عوام سوچیں۔ جب انہیں سہولتیں ملیں گی تو پھر عوام سوچنے لگیں گے، سمجھنے لگیں گے، حالات کی طرف دیکھنے لگیں گے۔جناب چیئرمین، ایم کیو ایم نے shadow budget اگر آپ لے لیں، تو ایم کیو ایم نے وہ shadow budget اتنا perfect بنایا ہے کہ اگر اس کو سامنے رکھتے ہوئے اس بجٹ میں کچھ چیزیں شامل کر لی جاتیں تو یقیناً یہ بجٹ ایسا نہ ہوتا کہ ہم یہاں اس کی خامیاں گنوا رہے ہوتے۔تو جناب چیئرمین! میں یہ بات پھر دہرانا چاہوں گی کہ ایم کیو ایم کا بہت پرانا دیرینہ مطالبہ ہے کہ 18ویں ترمیم میں شامل 140-A کو پورے طور پر نافذ کیا جائے۔140 amendment bill یہاں اس سینٹ میں؛ میں نے ہی پیش کیا تھا، لیکن اس کو Law and Justice Committee نے pending کر دیا۔اس 140-A-amendment میں بہت وضاحت کے ساتھ یہ بات کہی گئی ہے کہ ہم کس طرح local government کو empower کر سکتے ہیں۔ جب تک ہم لوگوں کو ان کے دروازے پر انصاف نہیں دیں گے، جب تک ہم انہیں دروازے پر سہولتیں فراہم نہیں کریں گے، جناب چیئرمین، عوام مطمئن نہیں ہوں گے۔لوگوں کے گھروں کے آگے گٹر کا پانی بہہ رہا ہے، لوگوں کو پینے کا صاف پانی میسر نہیں ہے، یہ کس لیے؟ یہ سوتیلی ماں والا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے؟

جناب چیئرمین! میری بہت humble گزارش ہے آپ سے کہ اس دیرینہ مطالبے کو پورا کیا جائے۔ 26ویں ترمیم میں ہم نے آپ کا ساتھ دیا، حکومت پاکستان کا، صرف اس امید پر کہ شاید آگے ہماری بات مانی جائے گی۔ 27ویں ترمیم میں ہم نے ساتھ دیا اس امید پر کہ شاید 28ویں ترمیم میں یہ چیزیں شامل ہو جائیں گی، لیکن اب 28ویں ترمیم میں بھی نظریں چرائی جا رہی ہیں جناب چیئرمین۔ کسی بھی جگہ پر اگر کسی طوفان میں شترمرغ اپنی گردن ریت میں دبا لے تو طوفان ٹل نہیں جاتے، طوفان اپنی جگہ پر آتے ہیں۔اور پھر میں آپ سے یہ بات کہوں گی کہ جناب چیئرمین، 140-A ایک ایسی ترمیم ہے جس میں بہت وضاحت سے یہ بات لکھی گئی ہے،اور یہ بات کمیٹی کے چیئرمین آج یہاں موجود نہیں ہیں، جناب نائیک صاحب کو یہ بہت اچھی طرح معلوم ہے، اور میں نے اس بات کی بہت وضاحت بھی کی ہے، میں نے اس پر کئی بار تفصیل سے بات بھی کی ہے، لیکن اس پر توجہ نہیں دی جا رہی۔ ہم عوام کے مفاد کی بات کرتے ہیں، ہم عوام کو سہولتیں پہنچانے کی بات کرتے

ہیں، اور میں اپنی بات کا اختتام کرتے ہوئے، آپ سے کیا گیا وعدہ پورا کرتے ہوئے کہ میں 10 minutes سے پہلے اپنی speech ختم کر دوں گی، اپنی بات کو ایک شعر پر ختم کرتی ہوں:

ہم کریں بات دلیلوں سے تو رد ہوتی ہے،
اور ان کے ہونٹوں کی خاموشی بھی سند ہوتی ہے،
کچھ نہ کہنے سے بھی چھن جاتا ہے اعزازِ سخن،
ظلم سہنے سے بھی ظالم کی مدد ہوتی ہے۔

اس لیے ہم ظلم کے خلاف بولتے رہیں گے، ظلم کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے، کیونکہ یہ سندھ کے ساتھ ظلم ہے۔ ابھی میرے بھائی نے بلوچستان کی بات کی، بلوچستان کے ساتھ بھی ظلم ہے، لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ جتنا سندھ revenue pay کرتا ہے، اس کے جواب میں اسے کیا دیا جاتا ہے؟ سندھ کے شہری علاقوں کو تو چھوڑ دیں، آپ اندرونی سندھ کی حالت دیکھیں جا کر، لوگ بے روزگار ہیں، تعلیم سے دور ہیں۔ انہوں نے ابھی کہا کہ ڈگریاں ہاتھوں میں لے کر لوگ اور کام کر رہے ہیں۔ میں آپ کو بتاؤں، جوہر میں، کراچی میں، جوہر کا علاقہ ہے، وہاں ایک گول گپے والا لڑکا ٹھیلا لگاتا ہے، NED position holder ہے۔ میں نے وہ شعر سنا دیا آپ کو، لیکن جو چیزیں میرے ذہن میں آئیں، ان کو یہاں point out کرنا بھی بہت ضروری ہے، جناب چیئرمین، کیونکہ کراچی کے ساتھ یہ ظلم ہم نہیں ہونے دیں گے، کیونکہ ظلم کے خلاف بات کرنا، ظلم کے خلاف آواز اٹھانا بھی جہاد ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : سینیٹر ناز صاحبہ۔۔ (جاری T08)

T08-18JUN2026 Taj/Ed. Mubashir 02:00 p.m.

جناب چیئرمین: ناز صاحبہ۔

Senator Rubina Naz: Sir, I am Senator Rubina Naz.

جناب چیئرمین: روبینہ ناز۔ میں نے ناز صاحبہ کہا ہے۔

**Senator Rubina Naz**

سینیٹر روبینہ ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ کا نام میری لسٹ میں شامل نہیں ہے لیکن آپ کا مائیک کھلا ہوا تھا اس لیے میں نے وقت دیا۔

سینیٹر روبینہ ناز: علی ظفر صاحب نے آج میرا اور گردیپ سنگھ صاحب کا نام دیا ہے۔

سینیٹر روبینہ ناز: لیکن خیر اب بات کیا کرنی ہے، پہلے ہی سے فیصلہ سنا دیا گیا ہے کہ سننے سے پہلے ہی آج بجٹ pass ہو جائے گا۔ ہمیں تو حیرانی ہو رہی ہے بلکہ دکھ ہو رہا ہے اور تکلیف ہو رہی ہے کہ اتنا وقت ہم نے بجٹ پڑھنے میں ضائع کر دیا تو اس کا کیا کریں۔ ہم نے جو وقت اس پر گزارا، ایک ایک تفصیل ہم نے نکالی کہ ہم لوگ بھی اس کا analysis کریں گے تو اس کا فائدہ کیا ہوا جب پہلے ہی سے آپ کو فیصلہ سنا دیا جاتا ہے۔ جناب چیئرمین ! آپ کی توجہ چاہیے۔اس مقدس ایوان میں ہم محض صوبوں کو یا مخصوص سیاسی پارٹیوں کو represent کرنے کے لیے موجود نہیں ہوتے بلکہ یہاں پر ہم 24 کروڑ سے زیادہ پاکستانیوں کی خواہشات، امیدوں اور ضروریات کو represent کر رہے ہوتے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ جاری رکھیں، یہ کچھ information دے رہے ہیں۔

سینیٹر روبینہ ناز: جناب ! پیر کے دن بجٹ پر بحث کا آغاز ہوا ہے، تب سے ہم نے دیکھا ہے کہ ماشاءاللہ Opposition Benches سے جتنی بھی تقاریر ہوئی ہیں، بڑی مدلل قسم کی speeches اس side سے بھی ہوئی ہیں لیکن مایوسی کہاں پر ہوئی، جب Treasury Benches سے، آج چوتھا، پانچواں دن ہے، بجٹ کے حوالے سے ایک بھی تقریر اگر مسلسل ہوئی ہو چار منٹ کی بھی، وہاں سے ایک ہی آواز آتی ہے، مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ ہم لوگ اس سینیٹ میں نہیں ہیں، ہم لوگ KP Assembly میں Treasury Benches پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہاں پر صرف ایک ہی آواز آتی ہے کہ تین سالہ حکومت، پی ٹی آئی کی تین سالہ حکومت میں یہ ہوا، پی ٹی آئی کی تین سالہ حکومت میں یہ ہوا، خیبر پختونخوا حکومت یہ کر رہی ہے، خیبر پختونخوا حکومت کا یہ project ایسے جا رہا ہے، ویسے جا رہا ہے لیکن بجٹ پر کوئی بات نہیں ہو رہی۔ بجٹ پر تب ہی یہ بات کرتے اگر ان بے چاروں اور بد نصیبوں سے پوچھا جاتا۔ یہ بجٹ ان سے پوچھ کر بنایا جاتا۔ یہ اس کی تیاری میں حصہ لیتے۔ تب یہ اس position میں ہوتے کہ یہ ایک لفظ اس بجٹ کے بارے میں کہہ سکتے۔ اسی لیے تو یہ مجرمانہ خاموشی اُس side نے رکھی ہے۔ جو بجٹ تقاریر ہم expect کر رہے تھے، ہر تقریر کا محور، اس کا nucleus صرف عمران خان ہے۔ ماشاءاللہ عمران خان۔ خان صاحب نے، خان صاحب کی پارٹی نے اتنا کچھ کیا ہے۔ اتنے projects دیے جن پر ان بے چاروں نے چار، پانچ دن بجٹ اجلاس کے گزار لیے۔ یہ ہمارے لیے بڑے فخر کی بات ہے کیونکہ خود تو ان کے پاس کچھ ہے نہیں۔۔۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر روبینہ ناز: آپ دیکھیں کہ اپریل 2022 سے یہ آئے ہیں۔ ابھی جون 2026 ہے۔ تقریباً سوا چار سال ہو گئے ہیں لیکن ان سوا چار سالوں میں ہم نے ان کا کوئی قابل ذکر کارنامہ پاکستانی عوام کے لیے نہیں دیکھا جو پاکستانی عوام کی بہتری کے لیے ہو۔ ان ساڑھے چار سالوں میں صرف دو اہم چیزیں ہوئی ہیں جن سے پاکستان کا نام internationally بھی بڑے اچھے الفاظ میں آیا ہے، ایک تھی ہماری پاکستان اور انڈیا کی جنگ جس میں ہم نے انڈیا کو دھول چٹائی اور ہم نے وہ جنگ جیتی ہے۔ دوسرا، حال ہی میں امریکہ اور ایران کے درمیان جو mediation تھی لیکن اس کا credit تو پاک آرمی کو جاتا ہے۔ آپ کس لیے بغلیں بجا رہے ہیں؟ کیا کیا ہے، کیا کارنامہ انجام دیا ہے؟ اس سارے کھیل میں آپ کا کردار کیا ہے؟ جو بے گانوں کی شادی میں عبداللہ دیوانہ کا ہوتا ہے، وہی آپ کا کردار ہے۔

معزز چیئرمین صاحب! ایک اور چیز، بجٹ پر بحث کا تو وقت گزر گیا، ہم نے اتنے پلندے بنائے ہوئے تھے، لکھے ہوئے تھے، وہ تو گئے بھاڑ میں۔ میں اپنے لیڈر پر ہی بات کروں گی۔ میرا لیڈر isolation میں ہے۔ Isolation کی سزا عام cases میں نہیں دی جاتی، hardened criminals کو دی جاتی ہے۔ وہ اس ملک کا وزیراعظم رہ چکا ہے۔ وہ اس ملک کا عظیم کھلاڑی رہا ہے جس نے اس ملک کے لیے اعزازات جیتے ہیں۔ وہ اس ملک کا philanthropist ہے، top کا philanthropist ہے۔ اس کے باوجود اس کے ساتھ یہ سلوک؟ بار بار ہم کہہ رہے ہیں، بار بار ہماری demands آ رہی ہیں کہ چلیں ملاقات، وہ تو چھوڑیں، وکیلوں کی بھی ملاقات چھوڑیں، ہماری بھی ملاقات چھوڑیں، ہم پارٹی ورکرز، جناب چیئرمین! میں ایک بات آپ سے کہنا چاہوں گی کہ خان کی گرفتاری کے بعد مجھ سمیت پی ٹی آئی کا کوئی بھی بندہ normal زندگی نہیں گزار رہا ہے۔ ہم لوگ ادنیٰ ورکرز ہیں، ہمارا یہ حال ہے۔ جو ان کی family کا حال ہوگا، جو ان کی بہنوں کا حال ہے۔ جس طریقے سے وہ بے چاریاں اڈیالہ جیل کے باہر بیٹھی ہوتی ہیں، court orders موجود ہیں کہ آپ نے ملاقات کرانی ہے۔ کبھی ان پر پانی چھوڑا جاتا ہے، کبھی ان کو گاڑی میں بٹھا کر کہیں دور چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ کون سا طریقہ ہے۔ ہم نے تو کبھی بھی ایسا طریقہ نہیں دیکھا تھا۔ آپ ان کے بیٹوں کا حال دیکھ لیں۔ ان کے ساتھ telephonic conversation تک نہیں کرائی جاتی۔ انہوں نے کون سا ایسا جرم کیا ہے؟

جناب چیئرمین! ہم تین بڑے آسان سے، بڑے simple سے demands پھر دہرا رہے ہیں، اس میں آپ بھی بڑا اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وہ کیا ہے، کہ ان کے family کی موجودگی میں Al-Shifa Eye Hospital میں ان کا علاج کرایا جائے اور مستند ڈاکٹرز سے ان کا علاج کرایا جائے۔ PIMS کے کسی بھی ڈاکٹر کی competency پر ہم لوگ انگلی نہیں اٹھا رہے کہ وہ competent نہیں ہیں

یاان کی وہ expertise نہیں ہیں لیکن ہم صرف یہ چاہ رہے ہیں کہ Al-Shifa Eye Hospital specific eye hospital ہے تو that is why ہم لوگ چاہ رہے ہیں کہ وہیں پر ان کا علاج کرایا جائے۔ ان کی family کی موجودگی میں مستند ڈاکٹرز سے ان کا علاج کرایا جائے۔

جناب چیئرمین! دو منٹ مزید لوں گی۔ ہماری دو خواتین ہیں، ہماری جو بہنیں ہیں، جو سیاسی کارکن ہیں، first time in the history of Pakistan ہم نے دیکھا ہے، بالکل، ہم یہ نہیں کہیں گے کہ آپ کی پارٹی کے ساتھ کچھ نہیں ہوا، اس طریقے سے پیپلز پارٹی کے ساتھ کچھ نہیں ہوا ہے، مسلم لیگ (ن) کے ساتھ کچھ نہیں ہوا ہے یا دوسری سیاسی پارٹیوں کے ساتھ نہیں ہوا ہے۔ لیکن جناب چیئرمین! آپ کی پارٹی کے ساتھ سو میں سے ساٹھ ہو سکتا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے ساتھ سو میں سے تیس ہو سکتا ہے لیکن ہماری پارٹی کے ساتھ سو میں سے ایک سو دس ہوا ہے۔ یہ چیزیں میں اس لیے بتا رہی ہوں کہ تھوڑا سا آپ اپنا بھی کردار ادا کریں، آپ کا بڑا اہم role ہے۔ اس میں آپ اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں، آپ حکومت کا حصہ بھی ہیں، آپ حکومت کو بھی persuade کر سکتے ہیں کیونکہ Form 47 کے انوکھے لاڈلوں کا تو ہم نے کوئی اور دوسرا کام ایسا دیکھا ہی نہیں ہے، تھوڑا سا ہمیں اس میں بھی facilitate کر دیں کہ ہماری خواتین میں بیمار خواتین ہیں۔ یاسمین راشد کی عمر 78 سال سے زیادہ ہے اور وہ کینسر کی مریضہ ہے۔ ساتھ میں ہماری دو former MNAs ہیں۔ بشریٰ بی بی، بالکل غیر سیاسی خاتون، باپردہ خاتون ہے، صرف اور صرف ہمارے لیڈر کو pressurize کرنے کے لیے ان کو بھی جیل میں ڈالا ہوا ہے حالانکہ وہ بھی سخت بیمار ہے۔ تو ہم لوگ کیا کیا کہانیاں نہ سنائیں۔ آپ تو سیاسی لوگ ہیں۔ آپ ہی سے کہیں گے، یہ ایوان، یہ floor ہمیں available ہے، اسی پر کہیں گے یا اُدھر بھی request کریں گے کہ جس طرح ماشاءاللہ، ماشاءاللہ پاکستان کا نام international level پر آپ لوگوں نے روشن کیا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے، internally بھی وہی reconciliatory approach ہمیں رکھنی چاہیے۔ لیکن عدلیہ کا جو کردار ہے، اس سے بہت مایوسی ہوئی۔ میں خود law کی ایک student ہوں، وکیل ہوں۔ میں عدلیہ کے کردار پر اور کیا بات کروں گی۔ بس ایک شعر ان کی نظر کرنا چاہوں گی کہ:

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

شکریہ۔

Mr. Chairman: I have to make an announcement. [Followed by T09]

**T09-18June2026 Ali/Ed: Shakeel 02:10 pm**

Mr. Chairman: I have to make an announcement; the House welcome the students and faculty members of the Cadet College, Patero, Jamshoro, who are seated in the visitor's gallery. Senator Bushra Anjum Butt.

**Senator Bushra Anjum Butt**

Senator Bushra Anjum Butt: Thank you, Mr. Chair, for giving me this opportunity to address this honourable House. I believe, Sir, congratulations are in order. Today is a very historic day. Pakistan has achieved the status of a global peacemaker and there is no one personnel that we can give credit to the Armed Forces, the Prime Minister, the Deputy Prime Minister, everyone has played their role and today is a very happy day because finally Pakistan is being acknowledged as a global peacemaker. So just want to congratulate everyone.

My focus on the budget speech would primarily be on education. All I know, I am not going to look at the figures because this is quite evident that we have very limited resources.

تواس پر بات کرنا کہ اس کو اتنا دیا، اس کو اتنا۔ میرے خیال سے education کو جتنا بھی دیں کم ہے، but having said that

جتنا دیا، کیا اس کی allocation اور utilization proper طریقے سے ہو رہی ہے؟

خالدہ آپا نے بڑی پیاری بات کی کہ MQM نے ایک بڑا اچھا shadow budget دیا، but my question is کہ

MQM کے جو Minister ہیں، خالد مقبول صدیقی صاحب، he is the Education Minister۔ کیا یہاں بھی shadow

budget دیا گیا، یا یہاں جو budget دیا گیا، اس کو کوئی importance دی گئی؟ that's a big question mark

67% of our population consists of youth, we have a huge youth bulge. آج اگر ہم اس میں

invest نہیں کریں گے تو it's going to become a huge liability. Now, the Prime Minister's

prerogative is and we can see that it's very close to his heart. And it's not about having good intentions. There are no two ways about it. We need to invest in our youth because Pakistan enjoys a huge youth bulge.

اگر آج آپ بات کرتے ہیں، مجھے دو ڈھائی سال ہو گئے ہیں as the Chairperson for standing committee education, so I get to see the flaws. I get to see the intention of the Minister. Minister is hardly there, بات کہہ دینا کہ کراچی میں education ہونی چاہیے، ادھر education ہونی چاہیے، تو جو responsibility آپ کو دی گئی ہے، کیا وہ آپ پوری طرح نبھا رہے ہیں؟ and i am not criticizing, I am not getting political, I am not scoring any political points. It's very disturbing. It's disturbing for me as a person who is putting in so much effort. کل میری کچھ school teachers کے ساتھ ملاقات ہوئی، and i got to know کہ پندرہ سو روپے annual fee charge کی جا رہی ہے۔ and i said, this is the government's prerogative to provide free education. تو یہ پندرہ سو روپے آپ کیوں charge کر رہے ہیں؟ and i got to know کہ sanitary سہولیات اور pipe maintenance کے لیے ہم charge کر رہے ہیں کیونکہ ہمیں enough budget نہیں allocate کیا جاتا۔ so this is not the responsibility of the parents or the students to provide for updating schools and these facilities. So what i am saying is that the Minister really needs to get serious about this and stop focusing on shadow budgets and start focusing on the budget that you are actually getting. Other than that, this is the same thing that if I defend this thing that would be affecting my own credibility that we got a lot of money. جتنے ملے، اس میں سے جتنے پیسے دیے گئے، اس کی utilization کی بات ہونی چاہیے۔ Public-private partnership کی بات ہونی چاہیے۔

آئے دن میری committee کے اندر، i get to see so many new universities, so many people want to invest in Pakistan's youth. So many universities want to come and start their own agenda. پھر HEC کی بات آتی ہے۔ HEC کی طرف بھی کوئی دیکھنے والا نہیں ہے، HEC کی کارکردگی کو ہی دیکھ لیں۔ So my point is, whatever amount that has been allocated for education is not being utilized to the fullest, and the Minister needs to get serious and share with us a shadow budget regarding education. Thank you, sir.

جناب چیئرمین: حافظ عبدالکریم صاحب۔

**Senator Hafiz Abdul Karim**

سینیٹر حافظ عبدالکریم: السلام علیکم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، چیئرمین صاحب۔ سب سے پہلے تو میں آپ سب کو مبارک باد دیتا ہوں کہ آج پوری دنیا میں، پوری دنیا کے media پر پاکستان کی تعریف کی جارہی ہے، تو اس پر پوری قوم کو مبارک باد دیتا ہوں اور وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف صاحب اور ہمارے آرمی چیف، فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر صاحب اور اسی طرح اسحاق ڈار صاحب اور محسن نقوی صاحب؛ ان سب کی کوششوں سے یہ معاہدہ پایۂ تکمیل کو پہنچا ہے، جس سے الحمدللہ پاکستان کی تعریف ہوئی ہے۔ پاکستان کو پوری دنیا مبارک باد دے رہی ہے۔ تو میں اس حوالے سے اپنی حکومت کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور ہمارے جن ذمہ داران نے اس معاہدے میں جو اہم کردار ادا کیا ہے، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور اسی طرح میں اس معاہدے کی کامیابی کے حوالے سے یہ تجویز دیتا ہوں کہ کل جمعہ کا دن ہے اور اس کے اوپر signatures ہونے جارہے ہیں، بلکہ signatures ہو چکے ہیں، تو کل جمعہ کے دن پاکستان میں اگر یومِ تشکر منایا جائے کہ ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو عزت دی ہے۔ پاکستان پر جو الزامات لگائے جاتے تھے کہ پاکستان دہشت گردی پھیلاتا ہے، دہشت گردی کی سرپرستی کرتا ہے۔

جناب چیئرمین: میں آپ کی تجویز سے اتفاق کرتا ہوں اور وزیر صاحب تشریف فرما ہیں، رانا صاحب اس تجویز پر عمل درآمد کریں۔

سینیٹر حافظ عبدالکریم: شکریہ، چیئرمین صاحب۔ سینیٹ کی طرف سے اعلان ہو جائے، حکومت کی طرف سے اعلان ہو جائے کہ سینیٹ کی اس تجویز پر کل یومِ جمعہ ہے، اس پر ہم یومِ تشکر منائیں اور سب سے پہلے اللہ کا شکر ادا کریں کہ ہمارے اوپر جو الزام لگتے تھے کہ یہ دہشت

گردوں کی سرپرستی کرتے ہیں، آج پاکستان نے ثابت کیا ہے کہ دہشت گردی کی سرپرستی نہیں، بلکہ پاکستان ایک peacemaker ہے اور جہاں فریقین کے دستخط ہو رہے ہیں، امریکہ کے دستخط ہوئے، ایران کے صدر کے دستخط ہوئے، آج وہاں بطور mediator ایک تاریخی دستخط جو ہوئے ہیں، وہ میاں شہباز شریف وزیرِاعظم پاکستان، کے دستخط ہوئے ہیں۔ تو یہ پوری قوم کے لیے honour ہے، پوری قوم کے لیے عزت ہے۔ ہم اس پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں، اپنی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اپنی پاک فوج کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کی عزت میں مزید اضافہ کرے۔

بجٹ کے حوالے سے میری گزارش یہ ہے کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس معاہدے کی برکت سے International market میں oil کی قیمتیں کم ہو گئی ہیں۔ جنگ سے پہلے کی صورتحال جو تھی، آج اگر rate دیکھا جائے تو International market میں oil کی قیمتیں جنگ سے پہلے کی سطح پر آ چکی ہیں۔ آج کا rate ، جو ابھی چل رہا ہے، وہ 75 سے 77 کے درمیان ہے۔ تو میں محترم وزیرِاعظم پاکستان سے درخواست کروں گا کہ آپ اس خوشی میں اگر قوم کو یہ تحفہ دیں کہ جنگ سے پہلے جو petrol اور diesel کا rate پاکستان میں تھا اور آج International market میں بھی وہی rate بحال ہو چکا ہے، تو کل جمعہ کے دن جب آپ rate میں تبدیلی کریں، تو جنگ سے پہلے والا جو rate ہے، 250 روپے والا، اس کا اگر اعلان کر دیں تو یومِ تشکر بھی ہو جائے گا اور پوری پاکستانی قوم اس پر خوشی بھی منائے گی۔ اس کے علاوہ میری گزارشات یہ ہیں کہ بجٹ کے حوالے سے موجودہ ماحول میں، جنگ کے حالات میں ایک اچھا budget پیش کیا گیا ہے۔

(جاری ہے----T-10)

**T10–18June2026 Imran/ED: Mubashir 02:20 pm**

سینیٹر عبدالکریم: (جاری----) اور سب اس پر، پوری پاکستانی قوم اس پر خوشی بھی منائے گی اور اس کے علاوہ میری گزارش یہ ہے کہ بجٹ کے حوالے سے موجودہ ماحول میں، جنگ کی حالات میں ایک اچھا بجٹ پیش کیا گیا ہے کیونکہ جب بجٹ پیش ہوتا ہے تو شاید دنیا کے ممالک میں تو توقع رکھی جاتی ہے کہ عوام کو relief ملے گا، عوام کو کوئی سہولت ملے گی لیکن بدقسمتی سے میرے ملک میں جب بجٹ کا انتظار ہوتا ہے اور جب بجٹ پیش کیا جاتا ہے تو اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ کہیں نئے tax نہ لگائے جائیں۔ تو اللہ کا شکر ہے کہ اس دفعہ ہماری حکومت نے کوئی نیا tax نہیں لگایا بلکہ taxes میں مزید اضافے سے قوم کو محفوظ رکھا ہے۔ اس پر بھی حکومت شکریہ کی مستحق ہے کہ موجودہ حالات میں ایک اچھا متوازن اور

بہتر بجٹ پیش کیا گیا ہے اگرچہ کچھ شعبے ایسے ہیں جن میں مزید توجہ کی ضرورت تھی۔ مثلاً زراعت کا شعبہ ہے، اُس پر توجہ نہیں دی گئی اور اس کو کوئی relief نہیں دیا گیا۔ اسی طرح health اور تعلیم کے شعبوں کے لیے جو funds رکھے گئے وہ بہت تھوڑے ہیں۔ اگر ان میں اضافہ کیا جاتا تو ملک تعلیمی اعتبار سے اور زراعت کے اعتبار سے ترقی کرتا۔ اُس پر بھی حکومت کو توجہ کرنی چاہیے۔

آخری بات میں اپنے علاقے کے حوالے سے کرنا چاہتا ہوں۔ چیئرمین صاحب، آپ بھی کچھ عرصہ پہلے ڈیرہ غازی خان تشریف لے گئے تھے۔ آپ بھی اُسی علاقے کے ہیں۔ ملتان سے ڈیرہ غازی خان تک NHA کا جو G.T Road ہے، وہ double road ہے لیکن دریائے سندھ کے اوپر جو پُل ہے وہ پہلے کی طرح single ہے اور بعض دفعہ یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی ٹرک یا گاڑی وہاں خراب ہو جائے تو پانچ پانچ گھنٹے، چھ چھ گھنٹے traffic block ہو جاتی ہے، traffic jam ہو جاتی ہے اور لوگوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ یہ روڈ بلوچستان اور پنجاب کے درمیان رابطے کا ایک واحد ذریعہ ہے۔ Central Balochistan سے پنجاب میں تو اس پر کافی traffic ہوتی ہے اور پھر جب traffic block ہوتی ہے تو چھ چھ گھنٹے لوگوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ بعض اوقات تو دس دس، بارہ بارہ گھنٹے تک بھی یہ مسئلہ چل جاتا ہے۔ تو میری حکومت سے یہ گزارش ہے کہ اس پل کو double کرنے کا منصوبہ فوری طور پر اس بجٹ میں شامل کیا جائے تاکہ بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے لوگوں کی جو مشکل ہے وہ آسان کی جاسکے اور اُسے حل کیا جاسکے۔ یہ روڈ تقریباً پچھلے دور میں جب میاں شہباز شریف صاحب وزیر اعلیٰ پنجاب تھے، اُس دور میں double ہوا تھا۔ اب اس بات کو چھ سات سال گزر چکے ہیں کہ روڈ double ہو گیا تھا لیکن پُل double نہیں ہوا۔ تو اس پر اگر ہمارے وزیر خزانہ صاحب بلکہ رانا ثناء اللہ صاحب بھی بیٹھے ہیں تو آپ بھی سفارش کر دیں، اگر یہ بن جائے تو بلوچستان کے عوام اور جنوبی پنجاب کے عوام کے لیے بہت بڑی سہولت ہو جائے گی۔

اسی طرح بلوچستان سے جو traffic آتی ہے، جو پھل اور سبزیاں آتی ہیں، خاص کر پنجاب میں آتی ہیں، وہ جتنے بھی ٹرک آتے ہیں وہ ڈیرہ غازی خان شہر کے اندر سے گزرتے ہیں۔ 2017 میں ڈیرہ غازی خان کا bypass منظور ہوا تھا جس کے تحت بلوچستان سے آنے والی traffic کو bypass کے ذریعے باہر سے ملتان روڈ پر راستہ دیا گیا تھا لیکن 2018 میں جب حکومت ختم ہوئی تو جو منظور شدہ project تھا، نئی آنے والی حکومت نے اُسے بند کر دیا اور آج تک وہ منصوبہ اُسی طرح معطل پڑا ہے اور اُس پر کام نہیں ہوا۔

تو میں حکومت سے گزارش کرتا ہوں کہ یہ بلوچستان اور پنجاب کے ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے عوام کی سہولت کے لیے ڈیرہ غازی خان کے bypass کو بھی منظور کیا جائے اور اس پر بھی میں آپ سے سفارش کی درخواست کرتا ہوں۔ بہت شکریہ، اللہ آپ کو خوش رکھے، اللہ پاکستان کو عزت دے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر گردیپ سنگھ صاحب۔

## Senator Gurdeep Singh

سینیٹر گردیپ سنگھ: شکریہ چیئرمین صاحب۔ واہی گرو جی کا خالصہ، واہی گرو جی کی فتح۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ۔ جناب چیئرین، میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ کل مردان میں جو ہماری سکھ community کے گردوارے پر ایک حملہ ہوا ہے۔ تو اس میں ہمارے دو سیوادار تھے، اُن کا قتل ہوا ہے اور اُن کی شہادتیں ہوئی ہیں۔ اگر اُن کے لیے ایک منٹ کی دعا اور خاموشی ہو جائے تو مہربانی ہو گی۔

(اس موقع پر ایوان میں ایک منٹ کے لیے کی خاموشی اختیار کی گئی)

جناب چیئرمین: راناصاحب! یہ جو مردان میں گردوارہ ہے، اُن کا Sikh caretaker اور اُن کی بیگم، دونوں کو قتل کر دیا گیا ہے۔ تو اس پر آپ notice لیں۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جی جناب چیئرمین، اس اجلاس کے بعد میں ان سے request کروں گا کہ یہ مہربانی فرما کر یا تو میرے chamber میں تشریف لے آئیں یا میں ان کے پاس جہاں کہیں آ جاتا ہوں۔ تو جو متعلقہ حکام ہیں اُن سے بات کرکے اس معاملے کو احسن طریقے سے حل کریں گے۔

سینیٹر گردیپ سنگھ: جی چیئرمین، میں چلا جاؤں گا۔ شکریہ جناب۔ جناب چیئرمین، آج جو ہم تقاریر کر رہے ہیں تو ساری باتیں بجٹ پر ہو رہی ہیں کیونکہ پاکستان کا ایک سال 2026-27 کا بجٹ پیش ہو رہا ہے۔ اگر اُس حوالے سے ہم بات کرتے ہیں تو ہمیں بجٹ میں وہ چیزیں نظر نہیں آ رہیں جو اس غریب عوام کے لیے اچھی ہوں کیونکہ جو بھی بجٹ پیش ہوتا ہے اس میں tax کے علاوہ اور کچھ نہیں ہوتا اور وہ tax لگائے جاتے ہیں جو غریب پر ڈاکا ڈالنے کے مترادف ہوتا ہے۔ غریب کے لیے نہ کوئی سوچتا ہے اور نہ ہم نے ادھر غریب کے لیے کوئی اچھی بات سنی ہے کہ غریب کے لیے کیا ہو رہا ہے۔ تو جناب چیئرمین، ہم نے جتنے بھی بجٹ pass کرکے دیکھے ہیں تو وہ محض کاغذی کارروائی ہوتی ہے۔ ہمارے

آگے یہ کتابیں رکھ دیتے ہیں تو دو تین دن میں ہم یہ کتابیں کیسے پڑھیں گے اور کیسے ان کو دیکھ کر ہم بات کر سکیں گے۔ سب سے پہلے تو ہمارے department کی ادھر یہی ناکامی ہوتی ہے کہ نہ ہمیں کوئی on board لیتا ہے اور نہ ممبران سے کوئی مشاورت ہوتی ہے لیکن بجٹ بن جاتا ہے اور pass بھی ہو جاتا ہے۔ تو یہ بھی اس ملک میں ایک روایت بن گئی ہے۔

جناب چیئرمین، جس طرح ہم سوچتے ہیں کہ اس ملک میں ایک بڑی دہشت گردی ہو رہی ہے، اُس کے بارے میں کیا ہو رہا ہے؟ کیونکہ ہم تو super powers کے درمیان صلح کرا سکتے ہیں اور اُن کو بٹھا سکتے ہیں، آپ ایران جنگ کو دیکھیں لیکن ہم اپنے ملک میں کیا نہیں کر سکتے ہیں؟ اس پر کیوں بات نہیں ہو سکتی ہے؟ جناب چیئرمین، سب سے پہلے ہمیں اپنا گھر ٹھیک کرنا چاہیے کہ ہمارے گھر میں آئے روز ایسے حادثات ہوتے ہیں جو دل خراش ہوتے ہیں۔ وہ برداشت سے بھی باہر ہوتے ہیں اور ہمیں رونا آ جاتا ہے۔ ہم جب سے بھی دیکھتے ہیں، جتنی بھی ہماری ادھر زندگی گزر چکی ہے، تب سے ہم دیکھ رہے ہیں تو 2000 سے اس ملک میں جو ماحول بنا ہے تو اس پر اس House میں کیوں بات نہیں ہو سکتی؟ اکیلے بجٹ پر ہم بات کریں گے اور دیگر چیزوں پر ہمیں ادھر موقع نہیں ملے گا؟

جناب چیئرمین: بجٹ کی speeches میں جو چیز مرضی ہو، اُس پر آپ بات کر سکتے ہیں۔ (جاری-----T11)

**T11-18June2026 Naeem Bhatti/ED; Waqas 2:30 pm**

جناب چیئرمین: بجٹ کی speech میں آپ جس چیز پر مرضی ہو اس پر بات کریں۔

سینیٹر گردیپ سنگھ: جناب چیئرمین! میں تو یہی کہتا ہوں کہ ہم بجٹ کی تقریر پر بات کر سکتے ہیں کیونکہ اس کے علاوہ ہمیں بات کرنے کا موقع نہیں ملتا ہے۔ اس لیے آج موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں سب سے پہلے اپنے لیڈر کی طرف آتا ہوں کہ عمران خان کا کیا قصور تھا کہ اسے جیل کی تنہائی میں ڈال دیا گیا ہے؟ وہ اس ملک کا وزیراعظم بنا، آپ بھی اس ملک کے وزیراعظم رہے، اس لیے آپ کو بھی سزا دی گئی تھی؟ جناب والا! اس طرح ملک ترقی نہیں کر سکتا، ہم دنیا کو دیکھتے کہ وہاں یہ روایت نہیں ہے کہ کسی ملک کے وزیراعظم کو جیل میں ڈال دیا جائے جیسے یہاں ہے کہ چاہے نواز شریف صاحب ہوں، چاہے آصف علی زرداری صاحب ہوں۔ ہم نے دنیا کو کیا دکھانا ہے کہ ہمارے ملک میں ایسا نظام ہے کہ جس میں قانون کی کوئی حیثیت نہیں ہے، ہم جس کو بھی اپنے حساب سے پکڑیں، اسے جیل میں ڈال دیں اور اس سے اپنی باتیں منوائیں، جب وہ کسی کی power کو نہیں مانے گا تو پھر جیل میں جائے گا، اسے پھانسی دی جائے گی اور چالیس، پینتالیس سال کے بعد پھر کہیں گے کہ یہ غلط ہوا

تھا۔ اس طرح ملک ترقی نہیں کر سکتا، چاہے آپ سو بجٹ بنالیں لیکن اس طرح سے کبھی بھی ملک نہیں چل سکتے ہیں۔ ایک پارٹی کے ساتھ ایک سلوک اور دوسری پارٹیوں کے ساتھ دوسرا سلوک۔ اگر ہم اس طرح اس ملک کو لے کر آگے جائیں گے تو میرے خیال میں ہمارے ملک میں کبھی بھی اچھے دن نہیں آئیں گے اور یہ ملک آئے روز ایک نئے حادثے کا شکار ہوتا رہے گا۔

جناب والا! ہم نے افغانستان میں دیکھا کہ کیا ہوا، وہ لیڈر عمران خان تھا جس نے افغانستان میں صلح کروائی تھی، ان کا یہی قصور تھا کہ انہوں نے امریکہ کے ساتھ ان کی صلح کروائی، انہیں باعزت طریقے سے بھیجا۔ آج جب انہیں شکست ہوئی تو انہوں نے عمران خان کے ساتھ یہی کیا۔ یہ بھی خوش نہ ہوں کہ انہوں نے ایران کے ساتھ امریکہ کی صلح کروائی، ان کا بھی وہی حشر ہو گا، مجھے تو معلوم نہیں ہے کہ یہ اس ملک میں رہیں گے یا نہیں، میرے خیال میں یہ ملک سے بھی بھاگ جائیں گے کیونکہ عوام بھی انہیں accept نہیں کرتے، یہ Form 47 کی حکومت بنی، یہ حکومت عوام کے لیے کیا فیصلہ کرے گی، اس حکومت سے ملک میں کیسے ترقی آئے گی۔ انسان سوچتا ہے کہ میں اپنے ملک کے لیے اچھاکام کروں، ہم ان ایوانوں میں کس لیے آئے ہیں، مجھے Form 47 والی حکومت یہ بتائے کہ ہم اس چیز کے لیے آئے ہیں کہ اپنے ملک میں دہشت گردی کروائیں، کشمیر میں لوگوں پر ظلم کروائیں، گلگت بلتستان میں الیکشن پر ڈاکا ڈالا جائے، الیکشن چوری کرکے خود حکومت بنائیں۔ اس طرح ملک کبھی بھی ترقی نہیں کر سکتا، انہیں ہوش کے ناخن لینے چاہییں، ایسا نہ کریں۔ میرا لیڈر عمران خان آج بھی برداشت کر رہا ہے، وہ ایک سچا مسلمان ہے، وہ ایمان والا ہے، غیرت مند ہے۔ اس نے اقوام متحدہ میں کس کی بات کی، اس نے حضرت محمد ﷺ کے بارے میں بات کی، اس نے کہا کہ میرے مذہب اور حضرت محمد ﷺ کے بارے میں جو بھی گستاخی کرے تو اس کے لیے قانون بنایا جائے۔ آپ نے ایسے لیڈر کو جیل میں ڈالا ہے، یہ کیسا انصاف ہے؟ خدا کے لیے ایسا نہ کریں، اس ملک کو اچھی سمت میں لے کر جائیں تاکہ بہتری آئے، یہ ہم سب کا ملک ہے، ہماری جان، ہمارا سب کچھ یہاں ہے، ہمارا مرنا، ہمارا جینا پاکستان میں ہے، آئیں ہم پاکستان کی بات کریں۔ میں فیلڈ مارشل صاحب کو بھی کہتا ہوں کہ خدا کے لیے اگر آپ ایران اور امریکہ کی صلح کروا سکتے ہیں تو آئیں اس ملک کے سیاستدانوں کی بھی صلح کروائیں تاکہ ملک ترقی کر سکے۔ ہماری معیشت کہاں جا رہی ہے، اگر ہم معیشت پر بات کریں تو یہ سننے میں آرہا ہے کہ ملک default کی طرف جا رہا تھا، آپ نے اسے default سے کیسے بچایا کہ غریب عوام کے لیے پیٹرول جو ایک سو پچاس روپے لیٹر تھا اسے چار سو روپے کا کر دیا، آپ اسے پانچ سو روپے تک لے گئے۔ اس طرح ملک

default سے بچتے ہیں؟ یہ تو آسان طریقہ ہے اگر ہم کہیں کہ غریب عوام پر بوجھ ڈالیں تو ٹھیک ہے، نہ روٹی ہے، نہ کپڑا ہے، نہ مکان ہے، کچھ بھی نہیں ہے، صرف نعرہ ہے، ہم نعروں پر چلتے رہیں گے۔ اس طرح ملک ترقی نہیں کر سکتا۔

جناب والا! میں انہیں یہی suggestion دے سکتا ہوں کہ یہ اچھا بجٹ بنائیں، غریب کے لیے آواز اٹھائیں، غریب کے لیے سوچیں، جب آپ کا غریب بہتر ہو گا، اچھا ہو گا تو غربت ختم ہو گی، روزگار کے مواقع آئیں گے، ملک بھی ترقی کرے گا۔ اگر آپ یہی سوچتے رہیں گے کہ ہم نے آپس میں لڑنا ہے اور ایک دوسرے کو نیچے دکھانا ہے، ایک دوسرے کے ساتھ یہ سلوک کرنا ہے کہ جیلوں میں ڈالنا ہے۔ آج ہماری باری ہے اور کل آپ کی باری ہو گی، ہم اپنی اپنی باری کا انتظار کریں گے۔ ہم نے تو اس ملک میں یہی دیکھا ہے اور کچھ نہیں دیکھا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر گردیپ سنگھ: جناب چیئرمین! میرے ابھی دو منٹ باقی ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ repetition کر رہے تھے۔

سینیٹر گردیپ سنگھ: جناب والا! میں انہیں یہی suggestion دے رہا ہوں کہ خدارا! اس ملک کی بہتری کے لیے سوچیں، یہ نہ سوچیں کہ ایک لیڈر کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے اور آپ مزے لے رہے ہیں۔ اس طرح ملک ترقی نہیں کر سکتا، اس سے غریب کا نقصان ہو رہا ہے۔ میں تو صرف غریب کی بات کر رہا ہوں، عام آدمی کی بات کر رہا ہوں جس کے پاس روزگار نہیں ہے۔ اس وقت لوگ عمران خان کے نظریے کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میں رانا ثناء اللہ صاحب کو یہ suggestion دیتا ہوں کہ عمران خان کو ہسپتال میں لانے سے آپ کی کیا ناکامی ہو گی، وہ اس ملک کے وزیراعظم رہ چکے ہیں، اگر انہیں علاج کی سہولت مل جائے تو یہ بہت اچھا ہو گا۔ میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ عمران خان صاحب کا علاج اچھی جگہ پر ہو۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر جام سیف اللہ صاحب۔ اب تھوڑا مختصر کریں گے۔

سینٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین! ہمارے محترم سردار نبیل گبول صاحب ایم این اے تشریف لائے ہیں، میں انہیں welcome کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Welcome Nabeel Gabol Sahib in the House,

میں نے اُدھر دیکھا نہیں تھا۔

**Senator Jam Saifullah Khan**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین! نبیل گبول صاحب اور میں 1988 میں youngest MNAs تھے، ہم دونوں کی عمر پچیس سال تھی۔ وہ ماشاء اللہ ابھی بھی جوان ہیں۔ میں ایران اور امریکہ کی ہونے والی ceasefire پر پاکستان کے کردار کو appreciate کرنا چاہوں گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ہی complex مسئلہ تھا، جہاں باقاعدہ ساری civilization change کرنے کی بات ہو رہی تھی، World War 3 کی باتیں چل رہی تھیں اور خطرہ کافی بڑھتا جارہا تھا۔ جس اچھے طریقے سے انہوں نے Gulf, Iran, Saudi Arabia کو balance کیا اور انہیں بتایا کہ اگر یہ جنگ آگے بڑھی تو جو اس سارے معاملے کے پیچھے اسرائیل تھا، اسے فائدہ ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ شہباز شریف صاحب نے، فیلڈ مارشل صاحب نے، اسحاق ڈار صاحب نے اور خاص طور پر Foreign Office نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ ہم Foreign Office کو اتنا credit نہیں دیتے جتنا انہوں نے کام کیا ہے، انہیں بھی اس کا credit جانا چاہیے۔

جناب چیئرمین! میں یہ بھی کہوں گا کہ اگر ہم بہت زیادہ تعریف کر رہے ہیں تو ہمیں بھی خاص طور پر ہر کسی کو اپنے پاؤں ground پر رکھنے چاہییں، یہ نہیں ہونا چاہیے کہ ہم میں hubris اتنا آجائے کیونکہ جب کبھی انسان کی بہت زیادہ تعریف ہوتی ہے تو پھر وہ اپنے آپ سے نکل کر کچھ ایسے اقدامات کر جاتا ہے جس سے نقصان ہوتا ہے۔ جناب والا! پانی کا مسئلہ ہمارا ایک بہت crucial مسئلہ ہے۔ (جاری۔۔۔T/12)

T12-18June2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 2:40 p.m.

سینیٹر جام سیف اللہ خان: (جاری۔۔۔) جب انسان کی بہت زیادہ تعریف ہوتی ہے تو وہ پھر اپنے آپ سے نکل کر کچھ ایسے اقدام بھی اٹھاتا ہے جس سے نقصان ہوتا ہے۔ پانی کا مسئلہ ہمارا ایک بڑا crucial مسئلہ ہے۔ پانی کے مسئلے پر آپ کو پتا ہے کہ سندھ میں کافی shortage ہے اور اس میں shortage 50% ہے۔ منسٹر صاحب! ذرا تھوڑا دھیان ادھر دیں میں منسٹر صاحب کا میں ایک interview پڑھ رہا تھا پانی کے حوالے سے ذکر کر رہے تھے، پانی کی shortage ہے تو اس میں ہر کسی کو تکلیف ہوتی ہے۔ رانا ثناء اللہ صاحب کی میں بڑی قدر کرتا ہوں انہوں نے کوئی interview دیا تھا اس میں خاص طور پر پانی کے حوالے سے ذکر کیا تھا، انڈیا پیچھے چناب پر کافی پانی روک رہا ہے وہاں پر dams وغیرہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کوئی ذکر کیا تھا کہ ہمیں آگے چل کر چناب پر بھی کچھ dams بنانے پڑیں گے۔ اب مجھے پتا نہیں کہ ان

کے ذہن میں کیا ہے لیکن ہم جو سندھ کے لوگ ہیں وہ اپنے خدشات آپ کے سامنے رکھنا چاہیں گے کیونکہ کافی عرصے سے بہت کوشش ہوتی رہی ہے۔ کبھی پانی زیادہ آتا ہے، سیلاب سمندر میں جاتا ہے تب بھی شور مچ جاتا ہے کہ کالا باغ ڈیم بنانا چاہیے ساری بیماریوں کا حل کالا باغ ڈیم ہے۔

جناب والا! ہم lower riparian states ہیں، میں دو مرتبہ پانی کا وزیر رہا ہوں ہمیشہ ہمارا main challenge ہوتا تھا tail میں ساری زمینیں ہیں، وہاں پر ہمارے چار پانچ ایسے اضلاع ہیں جہاں پانی پہلے کافی مقدار میں آتا تھا تقریباً دس پندرہ سال سے اس میں پانی نہیں آ رہا اس میں کافی بڑے challenges ہوتے ہیں۔ ہم چاہیں گے کہ آپ کوئی بھی ایسی scheme نہ بنائیں جس سے eventually نقصان tail and lower riparian والوں کو ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے BISP کو صوبوں کے حوالے کرنے سے ایک اور statement بھی دی تھی۔ ان پر بھی ہماری بڑی سخت reservations ہیں۔ social welfare کے جو بھی funds ہوتے ہیں یہ وفاقی حکومت کے ہوتے ہیں، یہ کوئی صوبوں کے نہیں ہوتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا صوبہ ہے جس کی international institutions میں تعریف ہوتی ہے اور یہ ایک best model کرکے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر ان کی کوئی سوچ ہے بھی تو میں سمجھتا ہوں کہ نہیں ہونی چاہیے، ہم اسے resist کریں گے۔ ہمارے کچھ دوست ایسے ہیں آپ بے شک محترمہ کے نام پر کچھ لوگوں کو شاید پسند نہیں آتا تو ان کو تکلیف ہوتی ہے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ social welfare کا پاکستان میں سب سے effective نظام ہے۔ اس کو نہ صرف چلتے رہنا چاہیے بلکہ اگر آپ اس پر زیادہ funding کر سکتے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو مجبوریاں ہیں financial problems ہیں اس کی وجہ سے خاص طور پر خطے کی صورت حال ہے، جنگ کی صورت حال ہے، اس پر ظاہری بات ہے کہ ہمیں ہر چیز کا خیال رکھنا چاہیے لیکن اگر باقی چیزوں میں ہم نے funding کم کی ہے تو کم از کم اس کی نہیں ہونی چاہیے۔ M-6, motorway کے حوالے سے یہاں پر کافی ذکر ہوتا ہے آپ کو پتا ہے کہ M-6 سکھر سے حیدرآباد تک اتنا unfortunate موٹروے ہے اس کا تین مرتبہ تین وزرائے اعظم نے ان کا افتتاح کیا ہے۔ 2017 میں نواز شریف صاحب نے اس کا افتتاح کیا۔ عمران خان صاحب کے دور میں سکھر کا پھر 2021 دوبارہ افتتاح ہوا۔ میاں شہباز شریف نے بھی پھر اس کا افتتاح کیا۔ ابھی تک اس کے پانچ میں سے صرف دو projects ایسے ہیں جن کا loan approved ہوا ہے۔ تین projects ابھی تک نہیں ہوئے۔ میں چاہوں گا کہ گورنمنٹ اس کو تھوڑا sincerely لے۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ کراچی سے پشاور تک motorway ہے جو دو main links ہیں سکھر

سے حیدرآباد اور حیدرآباد سے کراچی یہ اصولاً شروع port سے ہونا چاہیے تھا کیونکہ جب بھی آپ motorway بناتے ہیں اگر آپ کراچی سے پشاور motorway کہتے ہیں سب سے پہلے آپ کو کراچی سے شروع کرنا چاہیے تھا کراچی port ہے اور traffic کی آمدورفت وہیں سے ہوتی ہے۔ ہر عام ملکوں میں سب سے زیادہ traffic کی economic sense سے viability ہے وہ بھی کراچی سے حیدرآباد اور حیدرآباد سے سکھر ہے۔ باقی ہم چاہتے ہیں کہ ہر صوبے میں بنے۔ سارے ہمارے بھائی ہیں، KP میں بنے، پنجاب میں بنے لیکن economic sense وہیں سے بننا چاہیے تھا۔

جناب والا! جس طریقے سے سارے challenges آ رہے ہیں، خاص طور پر جنگ کے بعد اور ceasefire میں سمجھتا ہوں کہ ceasefire اس میں ابھی بھی کافی ایسی قوتیں ہیں امریکہ میں جو American Zionist lobbies پوری کوشش کریں گی کہ اس کو scuttle کریں۔ پوری کوشش کریں گی کہ وہاں پر دوبارہ لڑائی جھگڑا ہو کیونکہ اس کے جو مقاصد ہیں ابھی تک حل نہیں ہوئے۔ وہ چاہتے ہیں کہ Greater Israel ہو۔ بنیادی طور پر سارا جھگڑا تیل کا ہے۔ انہوں نے Chevron کے ساتھ pipeline بنائی ہے اگر آپ اس pipeline کو دیکھیں تو غزہ اور غزہ کے بعد southern Lebanon یہ Israel والے بنا رہے ہیں۔ پھر آگے چل کر قبرص اور یونان تک جاتی ہے جو دوسری pipeline روس سے آتی تھی وہ تباہ کی ہے۔ یہ ان کا منصوبہ ہے کہ ہے ساری پٹی جو بھی oil belt ہے اس کی access یورپ کو دیں۔ ہمیں ذہن میں رکھنا چاہیے۔ ہمیں پوری کوشش کرنی چاہیے اگر منسٹر صاحب دونوں بیٹھے ہیں جو بھی policy makers ہیں ان کو بتائیں کہ اس وقت خطے کی جو صورت حال ہے geopolitical and geostrategic positions change ہو رہی ہیں، ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ایران کے ساتھ rail link بڑھائیں کیونکہ ایران کے land route کی بڑی اہمیت ہے۔ ایران کے ذریعے ہم ترکی، عراق اور سعودی عرب بھی جا سکتے ہیں اور دوسرے Middle East countries ہیں، یہاں پر ہم railway track بچھا سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: Please wind up.

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین! میں دو منٹ لوں گا۔ ہماری gas pipeline جو ایرانیوں نے پاکستانی بارڈر تک بنائی ہے اس کو بھی آگے take up کریں تاکہ وہ بھی ختم ہو سکے۔ یہی میری گزارشات ہیں۔ بہت بہت مہربانی۔

Mr. Chairman: I will give the floor. Yes, please.

**Senator Rana Sanaullah Khan**

سینیٹر رانا ثنا اللہ خان: جناب چیئرمین! سینیٹر جام سیف اللہ صاحب نے میرے حوالے سے بات کی ہے اس کے اوپر میں تھوڑی سی وضاحت submit کرنا چاہتا ہوں کہ دیکھیں! دریائے چناب کا catchment area وہ سارے کا سارا انڈیا میں ہے۔ اس وقت انڈیا میں پانچ dams زیرِ تعمیر ہیں۔ وہ 30-2029 تک مکمل ہو جائیں گے۔ یہ بالکل مستند اور verified information ہے اس میں قطعاً کسی قسم کا کوئی مبالغہ رائی نہیں ہے۔ جب یہ information موصول ہوئی اس کے بعد ایک مرتبہ نہیں دو تین مرتبہ اس کو مختلف طریقوں سے verified کیا گیا ہے۔ یہ verified بات ہے کہ دریائے چناب کے اوپر انڈیا اس وقت پانچ dams تعمیر کر رہا ہے۔ ان پانچ dams کی capacity یہ ہو گی کہ جب انڈیا چاہے گا تو 60 سے 90 دن تک دریائے چناب کا پورا پانی روک سکے گا اور پھر وہ کرے گا کیا؟ کرے گا وہ یہ کہ جب ہمیں ضرورت ہوا کرے گی، ہماری فصلوں کو پانی کی ضرورت ہوا کرے گی وہ اسے hold کر لیا کرے گا۔ جب ہمیں ضرورت نہیں ہوا کرے گی تو پھر اسے ایک دم چھوڑ کرے گا اور یہاں پر سیلاب آ جایا کرے گی یعنی ایک ہی سال میں پورا river area کے اوپر ہے اس پر ہم کیفیت کا شکار رہیں گے کہ کبھی ہم خشک سالی میں ہیں اور کبھی ہم سیلاب میں ہیں۔

انڈیا کا پانی کو weaponize کرنے کا جو ہتھکنڈا ہے اس پر وہ پوری ڈھٹائی کے ساتھ international law کو violate کرتے ہوئے عمل کرنے پر بضد ہے۔ اس کا پاکستان نے نوٹس لیا ہے جو بھی international forums ہیں وہاں پر اس معاملے کو اٹھایا ہے۔ اب اس کے متبادل کیا ہے؟ کیا اس کے متبادل ہم کوئی strategy اپنا سکتے ہیں؟ ٹھیک ہے international forums پر آواز اٹھانا ہمارا حق ہے اور بالکل ہم اُٹھائیں گے۔ اس کے علاوہ متبادل strategy اور کوئی نہیں ہے کہ پاکستان میں دریائے چناب کے اوپر تقریباً تین چار sites ایسی ہیں کہ وہاں پر water reservoirs بنائے جا سکتے ہیں۔ (جاری---T13)

T13-18June2026 Tariq/Ed: Mubashir. 02.50 pm

رانا ثناءاللہ خان ---(جاری)--- پاکستان میں دریائے چناب کے اوپر تقریباً تین چار sites ایسی ہیں جہاں پر water reservoirs بنائے جا سکتے ہیں اور اگر وہ اسی وقت شروع کیے جائیں اور ہم بھی 30-2029 تک اس قابل ہوں تو پھر انڈیا جو چناب کے پانی کو

weaponized کرنا چاہتا ہوں تو اس کا مقابلہ اس طرح سے ہو سکتا ہے کہ جب وہ وہاں سے پانی چھوڑیں تو ہم اسے store کریں اور جب وہ اسے روکے تو اس storage کو ہم استعمال کر سکیں۔

اب اس پر جس طرح سے جام صاحب نے بھی ابھی بات کی ہے کہ ان کے خدشات ہیں جو پانی کا 1991 already accord ہوا تھا اور اس میں صوبوں کا حصہ طے ہے لیکن ہمارے سندھ کے بھائیوں کو اس بات پر خدشات ہیں کہ پانی کی تقسیم کا جو سسٹم ہے وہ پوری طرح سے یا تو operative نہیں ہے، یا اسے اس انداز سے operate نہیں کیا جاتا جس سے تمام recipients کی تسلی ہو۔ اس سسٹم کو بہتر کیا جا سکتا ہے، اس سسٹم کی جگہ پر دنیا میں جو بہترین available system ہے اسے لا کر لگایا جا سکتا ہے۔ اس کا جو کنٹرول ہے اس سے متعلق چاروں صوبے یہ طے کر سکتے ہیں کہ اسے کس طرح سے کنٹرول کیا جائے گا، کون سا سسٹم ہو گا جس میں سب کا حصہ ہو گا اور اسے کنٹرول کیا جائے گا۔ یہ ساری چیزیں ہمارے آپس میں بیٹھ کر طے کرنے والی ہیں اور ہمیں انہیں بروقت طے کرنا چاہیے۔ اپنے آپ پر اعتماد کرنا چاہیے، اس سے پہلے اگر کوئی خدشات رہے ہیں جو ہو سکتا ہے کہ کافی حد تک ٹھیک ہوں یا کسی حد تک ٹھیک ہوں لیکن آگے بڑھنے اور انڈیا کی جو پاکستان کے خلاف سازش ہے کہ وہ پانی جو جس طرح سے weaponized کرنا چاہتا ہے اس کا اس کے علاوہ اور کوئی حل نہیں ہے۔ اس سے متعلق ہم نے صدر صاحب سے وقت لے کر وفد کی صورت میں ایک ملاقات کی تھی اور یہ ساری گزارشات ان کے سامنے بھی رکھیں۔ انہوں نے بھی یہ وعدہ فرمایا کہ ہاں اس پر ایک debate ہونی چاہیے اور سندھ کے لوگوں کے اس بارے میں جو خدشات ہیں انہیں پہلے دور کرنا چاہیے اور اس کے بعد اس بارے میں practical steps اٹھانے چاہییں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایوان بالا سب سے بہتر forum ہے اور اس بابت آپ اور President صاحب جب فیصلہ کریں تو اس پر debate بھی ہونی چاہیے اور ہمیں اس کے کسی نہ کسی حل پر پہنچنا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں انہوں نے تجویز دی ہے کہ چاروں صوبوں سے بات کی جائے گی۔ وہ منسٹر ہیں اور انہوں نے ایک معزز رکن کی بات کا reply دیا ہے۔ آپ اس کا جواب دینا چاہتے ہیں، حکومت نہیں دے سکتی؟ جی ندیم بھٹو صاحب۔

**Senator Nadeem Ahmed Bhutto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب میں پوری کوشش کروں گا کہ میں اپنی بات دس منٹ میں ختم کرلوں کیونکہ کل یہاں باقی سینیٹرز نے بیس بیس منٹ بات کی تھی۔

جناب چیئرمین: آپ اگر brief ہوں گے چونکہ وقت نہیں ہے۔آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے کیونکہ اس وقت آپ موجود نہیں تھے۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! بجٹ پر بات کرنے سے پہلے میں وزیراعظم پاکستان، صدر مملکت پاکستان، فیلڈ مارشل، وزیر خارجہ اور وزیر خارجہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں، انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں جس طرح سے انہوں نے یہ تیسری عالمی جنگ کے خطرات کو دور کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔ پوری دنیا اور میں ان کا شکر گزار ہوں۔

Mr. Chairman: I welcome former Senator Muhammad Saleh Shah in the House.

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب 2026-27 کے مالی سال کا بجٹ 18.8 trillion پیش کیا گیا۔ بہتر یہ ہوتا کہ pre-budget session ہوتا، آج جو ہم تقاریر کر رہے ہیں وہ اس session میں ہوتیں اور سینیٹ کا بجٹ بنانے میں کچھ role ہوتا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کچھ بہتر بجٹ بن سکتا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ بجٹ کی خوبیاں اور خامیاں اپنی جگہ لیکن زمینی حقائق یہ ہیں کہ مہنگائی نے عام عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ مہنگائی کی چکی میں عام عوام پس رہے ہیں۔

اگر بجٹ کی بات کی جائے اور NFC کی بات نہ کی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ میری بات ادھوری رہے گی۔Federation میں مالیاتی انتظام NFC کے ذریعے کیا جاتا ہے اور NFC کا کئی سالوں سے اعلان نہیں ہوا ہے۔آئین یہ تقاضا کرتا ہے کہ ہر پانچ سال بعد NFC ایوارڈ دیا جائے۔ آخری NFC ایوارڈ، 2010 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت میں جب آپ وزیراعظم تھے تب دیا گیا تھا۔ میں یہاں مطالبہ کرتا ہوں کہ نیا NFC ایوارڈ دیا جائے۔ میں مزدور کی بات نہ کروں تو میں سمجھتا ہوں کہ میری بات ادھوری رہ جائے گی۔ مزدور کی اجرت کم از کم پچاس ہزار کی جائے اور مہنگائی کی موجودہ شرح کے حساب سے تنخواہ اور پنشن میں اضافہ کیا جائے۔

جناب چیئرمین! پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے، ہم ابھی تک صنعتی ملک نہیں بن سکے ہیں تو زراعت کے حوالے سے اگر زرعی انشورنس پالیسی مرتب کی جائے تو اس کے بہت دوررس نتائج آئیں گے۔ زراعت کو نظر انداز کرنے سے خوراک کی قلّت بھی ہو گی اور

مہنگائی میں بھی اضافہ ہو گا۔ اس کا ایک نقصان یہ بھی ہو گا کہ دیہات میں بے روزگاری اور مہنگائی میں بھی اضافہ ہو گا۔ زراعت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ میں اگر تعلیم کی بات نہ کروں تو میں سمجھتا ہوں کہ میری بات ادھوری رہے گی۔ پاکستان میں سیکڑوں کالج اور یونیورسٹیاں ہیں جن کا تعلیمی معیار بین الاقوامی تعلیمی معیار سے نیچے ہے۔ اس کا نقصان یہ ہو رہا ہے کہ ہر سال ہزاروں طلباء اور طالبات بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کثیر رقم خرچ کر رہے ہیں، اس پر بھی ہمیں سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر ماحولیاتی تبدیلی کی بات نہ کی جائے تو مناسب نہیں ہو گا، پاکستان کے چاروں صوبوں میں پچھلے دو تین سالوں میں ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے بہت نقصان ہوا ہے۔ پاکستان ان دس ممالک میں شامل ہے جو براہ راست ماحولیاتی تبدیلی کا شکار رہے ہیں۔ ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے طوفانی بارشیں، سیلاب، heat waves, اور گلیشیئرز کا تیزی سے پگھلنے جیسے خطرات کا پاکستان سامنا کر رہا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ماحول دوست پالیسیاں بنائے۔ کاربن اور پلاسٹک کا استعمال کم سے کم ہو، زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ جناب ہم سب کو یہ سمجھنا ہو گا کہ یہ دھرتی ہماری ماں ہے اور ماں کی حفاظت ہر انسان کا فرض ہے۔

جناب چیئرمین! وفاق کے لیے سب سے زیادہ revenue میرا صوبہ سندھ اکٹھا کرتا ہے اور تھر کا کوئلہ پورے پاکستان کو روشن کرتا ہے۔ تھر کے کوئلے سے جو بجلی بنتی ہے وہ پورے پاکستان کے national grid میں آتی ہے لیکن افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ سندھ کے دیہاتوں کو آج بھی سولہ سے اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے۔ ہم وہ صوبہ ہیں جو پورے ملک کو روشن کر رہے ہیں لیکن ہمارے دیہات اندھیروں میں ڈوبے ہوئے ہیں، اس پر بھی سنجیدگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین! صوبہ سندھ کے لیے وفاق جو فنڈز مختص کرتا ہے اس کی مثال اس طرح ہے کہ ہسپتال میں پوری خون کی بوتل نکال کر جوس کا ڈبہ ہاتھ میں پکڑا دیا جائے تو سندھ کے ساتھ یہ رویہ اختیار کیا جاتا ہے۔ میں یہاں پر M-6 کے لیے ڈیمانڈ کروں گا کیونکہ یہ تین سو ارب سے زیادہ کا منصوبہ ہے اور اس سال اس کی allocation تیس ارب ہے۔ جناب یہ کہاں کا انصاف ہے کہ میرا شہر کراچی جو دو قدرتی ports رکھتا ہے۔

آگے جاری۔۔۔(T-14)

T14-18Jun2026 Mariam Arshad/Ed: Waqas 03:00 p.m.

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: (جاری۔۔۔۔) اس سال اس کی allocation تیس ارب ہے۔

جناب چیئرمین! یہ کہاں کا انصاف ہے کہ میرا شہر کراچی جو قدرتی طور پر دو بڑی ports رکھتا ہے اور پاکستان کی جو exports ہیں، پاکستان کی معیشت ہے وہ Port Qasim and Karachi Port پر depend کرتی ہے۔ دنیا کا یہ اصول ہے کہ جو port city ہوتے ہیں، بڑی شاہراہیں port city سے تجارتی شہروں تک جاتی ہیں۔ کسی صوبے میں بھی کوئی بھی ترقیاتی کام ہو ہمیں کسی پر اعتراض نہیں ہے، خوشی کی بات ہے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے صوبے کو اور ہمارے شہر کراچی کو جس طرح سے نظرانداز کیا جاتا ہے اس پر بھی غور کرنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ سندھ کا بہت سنجیدہ مسئلہ ہے پانی کے حوالے سے، سندھ کے کسان، کاشتکار پانی کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ نہ صرف معاشی قتل ہے بلکہ اس کا جو زرعی نقصان ہے۔

جناب چیئرمین! میں اس ایوان کی توجہ اس سے کافی زیادہ اہم مسئلے پر دلانا چاہتا ہوں۔ سندھ میں اس وقت تین اضلاع ہیں جو sea intrusion کا شکار ہیں جس میں ٹھٹہ، بدین اور سجاول شامل ہیں۔ Sea intrusion کی وجہ سے ضلع سجاول کی چار لاکھ ایکڑ زرعی زرخیز زمین تک سمندر برد ہو چکی ہے۔ شاہ بندر کی پانچ لاکھ اٹھارہ ہزار ایکڑ زمین سمندر برد ہو چکی ہے۔ جاتی کی چار لاکھ پانچ ہزار زرعی زرخیز زمین سمندر برد ہوچکی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ضلع ٹھٹہ کی ایک لاکھ ستر ہزار زرعی زرخیز زمین سمندر برد ہو چکی ہے۔ مختلف مطالعات، مختلف researches, مختلف studies ہیں ان کے مطابق تقریباً 3.5 million acre زمین یعنی 35 لاکھ زرعی زرخیز زمین سمندر برد ہو چکی ہے۔ یہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے اس پر وفاقی حکومت کو، concerned Ministry کو غور کرنا چاہیے اور اس پر سنجیدگی سے کام کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! اللہ رب العزت نے اس مملکت پاکستان کو ہر طرح کی نعمتوں سے نوازا ہے۔ اس مملکت پاکستان میں چاروں موسم ہیں، ایک طویل سمندری پٹی ہے۔ دنیا کے بلند ترین پہاڑ ہیں اور زرخیز زرعی زمین ہے، بہترین دریائی نظام ہے، ریگستان ہیں، ذائقے دار پھل ہیں۔ ہمارا آم دنیا کا بہترین آم ہے، ہمارا کینو دنیا کا بہترین کینو ہے، ہمارا امرود دنیا کا بہترین امرود ہے، ہمارا سیب، آڑو دنیا کے بہترین پھلوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ہم ان چیزوں کو export کرتے ہیں اس میں leather products, towels, textile industry شامل ہیں۔ ان سب چیزوں سے بڑھ کر جو ہمارا اثاثہ ہے وہ باصلاحیت نوجوان ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ہم آج تک IMF کے سودی نظام میں جکڑے ہوئے ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے اس ملک کو ہر طرح کی نعمت دی ہوئی ہے پھر ایسی کیا خرابی ہے کہ ہم آج تک قرضوں کے تلے ڈوبے ہوئے ہیں۔ ہم اس سودی نظام سے کب

باہر نکلیں گے۔ ریاست پاکستان میں جو مشکل فیصلے تھے، مشکل کام تھے میں سمجھتا ہوں جب قوم یکجا ہوتی ہے تو وہ مشکل کام بھی آسان ہو جاتے ہیں۔ میرا وطن، میرا ملک، میرا پاکستان اس وقت Nuclear State ہے، پوری دنیا نے کوشش کی کہ کسی بھی طرح پاکستان کو Nuclear State نہ بننے دیا جائے۔ آج ہم الحمداللہ Nuclear State ہیں۔

Mr. Chairman: Please wind up.

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: میں wind up کر رہا ہوں۔ ہمارے دشمن ہندوستان نے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کر کے پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تھی۔ ہم نے 0-9 سے دشمن کو دھول چٹائی۔ تیسری عالمی جنگ کے دہانے پر دنیا تھی پاکستان نے بہترین سفارت کاری کر کے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچایا اور امن کا تحفہ دیا۔ جب ہم مشکل کام اتنی آسانی سے کر سکتے ہیں۔۔۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب چیئرمین! میں wind up کر رہا ہوں۔ جب مشکل کام آسانی سے کر سکتے ہیں تو ہم اس ملک کے لیے ایک ساتھ کیوں نہیں بیٹھ سکتے۔ پاکستان کے لیے تمام سیاسی جماعتیں دونوں ایوانوں میں، چاہے وہ سیاسی جماعتیں ہوں یا مذہبی جماعتیں ہوں ہم کیوں ایک ساتھ نہیں بیٹھ سکتے۔

Mr. Chairman: I, now give the floor to Senator Rubina Qaim Khani.

(Interruption)

Mr. Chairman: Senator Rubina Waim khani. Thank you, be brief.

**Senator Rubina Qaim Khani**

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں آج 27-2026 کے بجٹ پر بات کر رہی ہوں۔ اس سے پہلے میں امریکہ ایران معاہدے اور پاکستان کی سفارت کاری پر بات کرنا چاہوں گی۔ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور امن معاہدے میں پاکستان نے تعمیری اور کلیدی کردار ادا کیا ہے جو پاکستان کی ایک بہت بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ اس پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ پاکستان کی بہترین سفارت کاری کو پوری دنیا نے تسلیم کیا ہے اور سراہا ہے اور الحمداللہ آج پاکستان کو ایک مقام ملا ہے۔ اس میں میں یہ کہوں گی کہ جہاں فیلڈ مارشل، وزیر اعظم شہباز شریف صاحب کا کردار رہا وہاں آصف علی زرداری صاحب اور میرے چیئرمین بلاول بھٹو صاحب کا بھی ایک بہت بڑا

کردار ہے۔ جس میں ان کی غیر معمولی سفارت کاری، جو ان کی کاوشیں تھیں یہ خطے کے امن و استحکام کے لیے ایک سنگ میل ہے۔ میں گلگت بلتستان کے حوالے سے بھی صدر آصف علی زرداری صاحب اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب کو گلگت بلتستان کے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں PPP کی historicاور شاندار کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتی ہوں۔ یہ صرف سیاسی کامیابی نہیں ہے بلکہ جمہوریت کی فتح ہے، عوام کے اعتماد کی جیت ہے۔ گلگت بلتستان میں تیر چلا ہے اور ایسا چلا کہ سب تنقیدیوں کے منہ بند ہو گئے۔ جو یہ کہتے نہیں تھکتے تھے کہ PPP صرف ایک صوبے تک محدود ہے۔ وہ اپنی آنکھوں سے بغض کا چشمہ اتاریں اور دیکھ لیں الحمد اللہ میری قیادت کی بصیرت اور دانشمندانہ حکمت عملی کا نتیجہ۔

جناب چیئرمین! اب میں بجٹ کی طرف آتی ہوں جس بجٹ پر اتحادیوں، پارلیمان میں موجود جماعتوں کی تجاویز نہ سنی گئی ہوں، مشاورت نہ کی گئی ہو تو ایسے بجٹ کو میں کیسے سمجھوں کہ یہ ترقی کا بجٹ ہے بلکہ یہ عوام کی جیبوں پر براہ راست حملہ ہے۔ یہ اعداد و شمار کے الفاظ کا ایک مجموعہ ہے۔ ہر سال ہر بجٹ میں یہی کہانی دہرائی جاتی ہے۔ ملک کی معیشت نازک صورت حال سے گزر رہی ہے۔ یہ بجٹIMF کی شرائط پر بنایا گیا ہے تو پھر اس میں عوام کو relief کہاں سے ملے گا۔ پاکستان کے عوام ہر سال reliefکا انتظار کرتے ہیں اور مایوس ہوتے ہیں۔ Public sector development programme (PSDP)میں اضافہ کیا جانا چاہیے تاکہ عوام کوreliefملے اور ترقی کی طرف بڑھا جا سکے۔ پاکستان کی عوام زندگی کی بنیادی ضروریات، صاف پانی، تعلیم، صحت، ,infrastructureروزگار کے متلاشی ہیں۔ ان کو یہ ملنے چاہیں۔ عوام میں سرمایہ کاری کی بجائے یہ حکومت IMFکے اہداف پورے کرنے پر مرکوز ہے۔ عوام کوreliefکہاں ہے، مہنگائیrecordبلندیوں پر ہے، بجلی کے بل دگنے ہو گئے ہیں، گیس کے بل تین گنا زیادہ ہیں۔Petroleum levy 117 per litreتک پہنچ گئی ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔T15)

T15-18Jun2026 FAZAL/ED: Shakeel 03:10 pm

سینیٹر روبینہ قائم خانی (جاری ہے۔۔۔) Petroleum levy 117 روپے فی لیٹر تک پہنچ گئی، جو اب تک کی سب سے زیادہ شرح ہے۔ بجٹ 2026-27 میں Petroleum levy کے لیے 1.7 ٹریلین روپے کا ہدف رکھا گیا۔ یہ پوری رقم براہِ راست وفاقی حکومت کی جیب میں جاتی ہے اور اس میں صوبوں کا کوئی حصہ نہیں۔ یہ بجٹ نہیں بلکہ ظلم ہے۔

جناب چیئرمین! شمسی توانائی کے مسئلے پر دیکھیں تو ایک طرف سولر پینلز پر 10 فیصد ٹیکس کی چھوٹ دی گئ جبکہ دوسری طرف انورٹرز پر 18 فیصد ٹیکس عائد کر دیا گیا۔ یہ ایک متضاد اور غیر منصفانہ پالیسی ہے۔ جنابِ چیئرمین! سولر پینلز انورٹرز کے بغیر بیکار ہیں۔ 2025 میں پاکستان نے 19,003 میگا واٹ کے سولر پینل درآمد کیے جن کی مالیت 1.71 بلین ڈالر جو کہ پاکستان میں 484 ارب روپے تھی جبکہ انورٹرز کی درآمد 410 ملین ڈالر رہی۔ میرا مطالبہ ہے کہ انورٹرز پر ٹیکس کو کم کرکے سولر پینلز کے مساوی زیرو کیا جائے کیونکہ یہ واحد چیز ہے کیونکہ پاکستان کے ہر شہر میں، ہر گاؤں میں اور ہر دیہات میں 20،20 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہے۔ تو براہِ راست اس چیز پر اگر ٹیکس کی چھوٹ دی جائے، تو میں یہ کہوں گی کہ یہ غریب آدمی کو براہِ راست ریلیف ہوگا۔

جناب چیئرمین! موٹروے تفریح کے لیے نہیں بلکہ ملک کی ترقی اور معیشت کے لیے بنائی جاتی ہے۔ یہ شعبہ تجارت کی شریانیں اور ترقی کی شاہراہیں ہیں۔ جب موٹروے کو نظرانداز کیا جاتا ہے تو پورا خطہ متاثر ہوتا ہے۔ حیدرآباد سکھر موٹروے اور عمر کوٹ ہائی وے کو مسلسل نظر انداز کیا گیا۔ کیا سندھ پاکستان کا حصہ نہیں؟ اگر بندرگاہیں سندھ میں ہیں، تو پھر سندھ کی شاہراہوں اور موٹرویز کو کیوں نظر انداز کیا جاتا ہے؟ میں مطالبہ کرتی ہوں کہ حکومت فوری طور پر ان شاہراہوں کی از سرِ نو تعمیر کے لیے فنڈز مختص کرے۔ سندھ میں کوئی ایک بھی موٹروے نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! بات کریں پاکستان ریلوے کی تو اس کی حالت بھی انتہائی خراب ہے۔ ریلوے پٹریاں پرانی اور ختم ہو چکی ہیں۔ مسافر پریشان ہیں۔ میں مطالبہ کرتی ہوں کہ حکومت فوری طور پر پاکستان ریلوے کی مرمت اور جدید کاری کے لیے اقدامات کرے۔

جناب چیئرمین! زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ کسان کو کھاد، ڈیزل، بجلی اور ٹیکس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے کچلا جارہا ہے۔ نام نہاد سبسڈیاں محض برائے نام ہیں۔ پچھلے سال ڈی اے پی کی قیمت 12 ہزار تھی، جبکہ اس سال 17 ہزار کر دی گئ۔ پٹرول لیوی 117 روپے تک پہنچ گئی۔

جنابِ چیئرمین! SIDA نے خبردار کیا ہے کہ پانی کی قلّت سے چاول کی پیداوار میں کمی کے باعث 4.5 بلین ڈالر کا نقصان ہو سکتا ہے۔ یہ کوئی قلّت نہیں۔۔۔

Mr. Chairman: Try to wind up.

جو important چیزیں ہیں وہ پہلے ہو جائیں۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جی، یہ صوبہ سندھ کے لیے بہت important ہیں۔ جناب چیئرمین! پانی کا issue ہے۔ ہم سارے جو بھی تقاریر کرتے ہیں ان کے لیے تیاری کرتے ہیں اور ایک ایک چیز دیکھتے ہیں۔ پھر ہم ایک Speech تیار کرتے ہیں اور پھر اس پر بات کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ دس منٹ میں جو کہہ سکتی ہیں کہہ دیں۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جی، شکریہ۔ یہ کوئی قلّت نہیں، یہ چوری ہے۔ سندھ کا پانی دوسروں کو دے دیا جاتا ہے۔ جب سندھ کے کسان اپنی فصل مرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ اس سال کسان نے اپنی دھان 2200 سے بیچی جو بہت کم ہے۔ جنابِ چیئرمین! سندھ کو حالیہ برسوں میں پانی کاسب سے شدید قلّت کاسامنا ہے۔ 2026 کے سیزن کے دوران اہم بیراجوں پر پانی کی قلّت تشویش ناک سطح پر پہنچ گئی ہے۔ سندھ سے موصول ہونے والی رپورٹس کے مطابق گڈو بیراج پر 42 سے 50 فیصد اور کوٹری بیراج پر 29 سے 35 فیصد تک پانی کی ریکارڈ کمی کی گئی ہے۔ یہ ایک بحران ہے۔ کسان اپنی فصلیں مرتے دیکھ رہے ہیں۔ اس کے باوجود وفاقی حکومت خاموش ہے۔ یہ سندھ پر کوئی احسان نہیں، یہ ایک بنیادی حق ہے۔ میری حکومت سے درخواست ہے کہ سندھ اور بلوچستان کے ساتھ پانی کی تقسیم میں ہونے والی ناانصافی کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ 1991 کے Water Treaty کو اس کی حقیقی روپ کے ساتھ نافذ کیا جائے۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب چیئرمین! صرف دو منٹ میں تجاویز پیش کرتی ہوں۔

جناب چیئرمین: نہیں، دو منٹ نہیں۔ ابھی سارا ہاؤس بیٹھا ہے۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: ہم Backbenchers ہیں ویسے ہی کم بولتے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب چیئرمین! یہ میرا آخری point ہے۔

Mr. Chairman: O.K. Thank you. I'll give the Floor to Senator Khurram Zeeshan.

**Senator Khurram Zeeshan**

سینیٹر خرم ذیشان: بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! ہمارے لیے وقت کی قید ہے۔آپ نے دس منٹ ٹائم رکھا ہے۔ مسائل اتنے ہیں کہ یہ سوچنے میں یا نتیجہ اخذ کرنے میں ہمیں مشکل ہے کہ کیا بولیں اور کیا چھوڑ دیں۔ ایک Oath آپ کی Chair نے مجھ سے لیا تھا اور ایک Oath آج میں اپنی پوری قوم کو گواہ بنا کر یہاں پر لیتا ہوں کہ اے خدا! ہمیں ان ایوانوں کا، ان کی غلام گردشوں کا، ان کرسیوں کا، کسی طاقت کا، کسی لالچ کا اور کسی خوف کے بت کا غلام نہ بنانا۔ یا اللہ! ہم نے اپنے آپ کو تیری پناہ میں دیا ہے، ہمیں ہمیشہ اپنی پناہ میں رکھنا۔ ہم کسی اور کی غلامی تیرے علاوہ نہیں کریں گے۔ Mr. Chairman, I will be damned if I were to believe this pack of lies جو یہاں پر میرے سامنے رکھا گیا ہے۔ I don't believe a single figure that has been cited in it. یہ الفاظ کا گورکھ دھندا ہے۔ بہت سارے ہمارے دوست اس پر اپنا اظہارِ خیال کر چکے ہیں۔

جناب چیئرمین! میرا ایک بنیادی سوال ہے۔ ہم نے پاکستان کس مقصد کے لیے بنایا تھا؟ اگر پاکستان ہم نے ایک جدید اسلامی، فلاحی ریاست کے قیام کے لیے بنایا تھا تو آج تک اس بجٹ کو سامنے رکھتے ہوئے کسی ایک بجٹ میں بھی وہ چیزیں reflect کیوں نہیں ہوتی؟ اگر پاکستان کا مقصد صرف مادی ترقی، موٹرویز اور انفراسٹرکچر بنانا تھا اور میں مانتا ہوں کہ یہ چیزیں ضروری ہیں، لیکن اگر صرف یہی کچھ آپ نے کرنا تھا، تو آپ ہانگ کانگ کی طرح UK special status کے ساتھ رہتے تو آج شاید آپ کا انفراسٹرکچر ان سے بھی بہت بہتر ہوتا۔ ہم نے پاکستان جس مقصد کے لیے بنایا تھا، ہم وہ مقصد حاصل نہیں کر سکے۔ یہاں ہمارا وزیراعظم ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ "We are beggars, we are not choosers". No, the Rulers of Pakistan may be beggars, the Pakistani Nation is not. ہم ایک آزاد قوم ہیں، ہم کسی کے غلام نہیں ہیں اور نہ کبھی کسی کی غلامی قبول کریں گے۔

میں اس پورے ایوان میں کسی ایک شخص کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر بتائے کہ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی ریاست مکمل طور پر آزاد ہے؟ آپ اپنی خارجہ پالیسی خود نہیں بنا سکتے۔ ایران آپ کا ہمسایہ ملک ہے مگر آپ ان سے گیس نہیں خرید سکتے۔ آپ روس سے سستا تیل نہیں خرید سکتے۔ آپ اپنی مرضی سے ایک بجٹ تک نہیں بنا سکتے۔ کیا آپ کی داخلہ پالیسی آزاد ہے؟ کیا آپ کی خارجہ پالیسی آزاد ہے؟ کیا آپ

کی مالیاتی پالیسی آزاد ہے؟ تو پھر آپ لوگ یہ بڑے بڑے اتنے chauvinistic قسم کے دعوے کس لیے کرتے ہیں کہ 90 ہم نے کر دیا۔ 90 ہمارا اسکور رہا۔ the fact of the matter is کہ آج بھی Indus Water Treaty is suspended. خود کو کب تک دھوکہ دیتے رہیں گے؟ جناب چیئرمین! جنگیں کل بھی ہتھیاروں سے زیادہ کرداروں سے جیتی جاتی تھیں اور جنگیں آج بھی ہتھیاروں سے نہیں کرداروں سے جیتی جاتی ہیں اور یہ بات ایران نے ثابت کی ہے۔ الحمد للہ۔

(اس موقع پر اپوزیشن کے اراکین نے ڈسک بجائے)

سینیٹر خرم ذیشان: آپ سات لاکھ لوگوں کے لیے تو تین ہزار کا بجٹ اور پوری پاکستانی قوم کے لیے، (جاری ہے-----T16)

**T16-18Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 3:20**

سینیٹر خرم ذیشان: (جاری) سات لاکھ لوگوں کے لیے تو تین ہزار کا بجٹ اور پوری پاکستان قوم کے لیے، پچیس کروڑ لوگوں کی صحت کے لیے ستانوے ارب۔ ہمیں شرم سے ڈوب مرنا چاہیے۔ یہ پاکستان ہم نے انسانوں کے ارتقاء کے لیے، انسانی معاشرے کے ارتقاء کے لیے، اس معاشرے کے قیام کے لیے بنایا تھا جو مدینہ کی ریاست کے سنہرے اصولوں پر استوار ہو۔ ہم اپنے human development پر کتنا خرچ کرتے ہیں؟ جناب! خود کو دھوکا دینے سے یہ ملک کبھی ٹھیک نہیں ہوگا۔ جتنے مرضی آپ دعوے کرتے ہیں، جو آپ کے دل میں آتے ہیں، حقیقت آپ کے بھی سامنے ہے، حقیقت ہمارے بھی سامنے ہے۔ آج ہم اس نہج پر آ چکے ہیں کہ ساڑھے آٹھ ہزار روپے کمانے والا below the poverty line نہیں ہے۔ اندازہ کریں، ساڑھے آٹھ ہزار روپے کمانے والا جس کے گھر میں چار dependents ہوں، ان کا ایک دن کا ڈیڑھ دو سو روپے کا خرچہ بھی نہیں بنتا، کوئی رکھ سکتا ہے؟ اگر رکھ سکتے ہیں اور آپ اس کو poverty line کے نیچے نہیں سمجھتے تو اس پورے ایوان کی وہی تنخواہ کریں جو آپ نے minimum wage رکھی ہوئی ہے۔ میرا نہیں خیال کہ یہاں زیادہ لوگوں کو تنخواہوں کی ضرورت بھی ہو۔ کس لیے یہ مراعات آپ نے رکھی ہوئی ہیں؟ آپ austerity کی بات کرتے ہیں، یہاں پر گاڑیوں کے fleet دیکھ لیں۔ ہمارے پاس صرف پروٹوکول کی پچاسی ہزار سے زیادہ گاڑیاں ہیں۔ کیا ہم غریب ملک ہیں؟ ہم خود کو دھوکا دیتے ہیں، اور کچھ بھی نہیں کرتے۔

جناب! وقت کی قلّت ہے، مجھے باتیں بہت ساری کرنی ہیں، میں نے تین calling attention notices, submit کروائے تھے جن میں سے ایک بھی admit نہیں ہوا۔

Number one, international media and United States themselves have accepted that cipher was a reality.

سائفر جھوٹ نہیں تھا۔ پاکستان میں صرف بیرونی مداخلت نہیں ہوئی تھی، ایک سازش کے تحت یہاں کی منتخب حکومت کا تختہ الٹا گیا تھا، وہ بین الاقوامی سامراج کی سازش تھی جس میں ہمارے اپنے مہرے بھی شامل تھے۔ میری آپ سے درخواست ہے اگر تو یہ واقعی پاکستان کا ایوان بالا ہے تو یہاں پر اس سائفر کو لایا جائے۔ اس قوم کو بتایا جائے کہ آپ کے فیصلے کہاں پر ہوتے ہیں۔ بتایا جائے کہ آپ کتنے خود مختار ہیں۔ بتایا جائے کس طرح یہاں کی جمہوری حکومتوں کو، منتخب ایوانوں کو، منتخب وزراءِ اعظم کو سازش کے تحت اُن کا تختہ اُلٹ کے اُنہیں گھر بھیجا جاتا ہے۔ ہے کسی میں ہمت انکار کر سکتا ہے آج کوئی کہ سائفر حقیقت نہیں تھا؟ سائفر حقیقت تھا۔ عمران خان آج بھی اس ملک کی واحد امید ہے، واحد امید۔ کسی کے ذہن میں اگر یہ خناس ہے تو اُسے نکال دے ورنہ ہم کھرچ کر اُس کو نکال دیں گے۔ گولی جیت کا نہیں، ہار کا نشان ہوتی ہے۔ آپ نے مذاق بنا لیا ہے، جہاں آپ کا دل کرے، خیبر پختونخوا میں، اسلام آباد میں، اہلِ تشیع پر، کشمیر پر، جہاں آپ کا دل کرے، آپ لوگوں پر گولی چلاتے ہیں۔ کیوں؟ یہ پاکستانی نہیں ہیں؟ آپ یہاں پر کوئی فاتح ہیں، کوئی قابض ہیں، کون ہیں آپ لوگ؟ پاکستان وہ ملک ہے جو ایک purely سیاسی اور قانونی جد و جہد کے تحت معرض وجود میں آیا تھا۔ This Pakistan was supposed to be ruled by the power of ballot, not bullet. کس نہج پر آپ نے لوگوں کو لگا دیا ہے؟ کب تک یہ لوگ برداشت کریں گے؟ میں پختون کمیونٹی سے ہوں، میرے جنوبی خیبر پختونخوا میں کوئی حکومتی رٹ نہیں ہے۔ پختونوں پر آپ ڈرونز مارتے ہیں، مارٹر گولے مارتے ہیں، غریب بچے، معصوم بچے، ماؤں کی گود میں پڑے ہوئے بچے، خواتین، بزرگ، کیا وہ دہشت گرد ہیں جو دونوں طرف سے مار کھاتے ہیں، کیوں؟ آج بھی پورے پختونخوا کا بارڈر بند ہے۔ ان غریب لوگوں کا روزگار، صرف پختونوں کی بات نہیں ہے، آپ پنجاب کے کسان، سندھ کے کسان، وہاں کے manufacturers سے پوچھیں، آپ نے کتنی بڑی مارکیٹ کو اپنے ہاتھوں سے خود ہی ختم کر دیا ہے۔ آپ سے وہ ساری مارکیٹ سینٹرل ایشیا کے اور ممالک capture کرتے جا رہے ہیں۔

حضور! ہمارے لہجوں میں اگر آپ کو تلخی نظر آتی ہے تو وہ اس لیے ہے کہ ہمارے دل دکھے ہوئے ہیں۔ جس طرح سے پاکستان کے سب سے پاپولر لیڈر عمران خان کے ساتھ ہوا، عمران خان کوئی عام لیڈر نہیں ہے، لوگ عمران خان کے ساتھ ایک جذباتی لگاؤ رکھتے ہیں۔ ہمیں اس

حقیقت کو سمجھنا چاہیے۔ ہم آگے بڑھنا چاہتے ہیں لیکن آگے بڑھنے کے طریقے یہ نہیں ہوتے کہ آپ کا جہاں دل کرے آپ گولی چلا دیں۔ خدا کی قسم اس گولی سے ہمارے حوصلے ٹوٹتے نہیں ہیں، ہمارا عزم اور بھی مضبوط ہوتا ہے۔ ہم پاکستانی ہیں، ہم پاکستان کو ہر صورت میں پھلتا پھولتا، ترقی کرتا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں لیکن آپ نے چار سال حکومت میں رہ کر دیکھ لیا اور یہ کہتے ہوئے میری طرف سے معذرت لیکن میں یہ کہوں گا کہ الٹے لٹک جائیں آپ پاکستان کو ٹھیک نہیں کر سکتے۔ پاکستان کو ٹھیک کرنے کی چابی اڈیالہ میں ہے۔ اس کو باہر لائیں۔ بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر اشرف جتوئی صاحب۔

**Senator Ashraf Ali Jatoi**

سینیٹر اشرف علی جتوئی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں بجٹ پہ بات کر سکوں۔ جناب چیئرمین! وقت کی کمی کی وجہ سے میں کچھ پوائنٹس پہ آ جاتا ہوں۔ چیئرمین صاحب! پیٹرولیم لیوی کا کالا قانون، وفاقی حکومت کسانوں اور غریبوں سے پیٹرول کے لیٹر پہ جو پیسے لے رہی ہے، اس کا ایک سو چالیس ارب روپے ہر ماہ وفاقی حکومت کو collection ہو رہی ہے۔ وہ کہاں لگ رہا ہے، بجٹ بک میں اس کے بارے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ Agriculture کو totally نظر انداز کیا گیا ہے۔ فرٹیلائزر کو اگر subsidy دی گئی ہے تو وہ صرف فرٹیلائزر کمپنیز کو دی گئی ہے اور وہ نیچے کبھی بھی ایک end user کو نہیں ملتی۔ Seeds پر بھی کوئی subsidy نہیں ہے۔ اس کے ساتھ سولر پینل پہ اگر ٹیکس نہیں بھی لگایا گیا تو بجٹ آنے سے تین ماہ پہلے سے سولر پینل امپورٹرز کی طرف سے ایک بلیک میلنگ شروع ہو جاتی ہے اور مارکیٹ میں اس کی پرائس بیس سے پچیس فیصد ویسے ہی بڑھا دی جاتی ہے۔

جناب! عوامی صحت کی طرف آئیں تو پچیس کروڑ عوام کی آبادی کے ملک کے صحت کے بجٹ کا ستر فیصد صرف اسلام آباد کے ہسپتالوں کی عمارتوں پر لگایا جا رہا ہے۔ یہ بجٹ غریب کو تو سستی دوا نہیں دے سکے گا۔ عالمی نرسنگ مارکیٹ میں مجرمانہ غفلت۔ لاکھوں نرسنگ اسٹاف ملک سے جا رہا ہے، امریکہ، لندن اور کئی دوسرے ممالک میں۔ اس بجٹ میں صرف دس کروڑ روپے نرسنگ کی ٹریننگ کے لیے رکھے گئے ہیں۔ اس کو فی الفور بڑھا کے کچھ ایسی amount کیا جائے تاکہ ہم بھی انڈیا کی طرح ہر سال چالیس سے پچاس ہزار نرسنگ اسٹاف دنیا کو دے سکیں۔

جناب! ہم یونیورسٹیز کے معاشی قتل تک پہنچ چکے ہیں۔ HEC نے اپنی یونیورسٹیز کو چلانے کے لیے ایک سو ارب روپے مانگے تھے جس کے لیے صرف 66 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ جناب! یہ کوئی PSDP کا پروجیکٹ تو نہیں ہے کہ جس پر cut لگا کے آپ یونیورسٹیز میں بچوں کو پڑھائیں گے۔ اگر اتنی amount کٹے گی تو یونیورسٹیز کی تعلیمی سرگرمیاں کیسے چل سکیں گی۔

جناب! کراچی کے ساتھ بجٹ میں اتنی بڑی دشمنی ہوئی ہے، ملک کا ستر فیصد ریوینیو دینے والا کراچی، پندرہ سو ارب روپے کے PSDP پروگرام میں، اس کو صرف تین فیصد تک رکھا گیا ہے۔ K-IV کے لیے صرف دس ارب روپے رکھے گئے ہیں جس کا balance work تقریباً ستر سے اسی ارب روپے کا ہے۔ اس کے بعد اس میں escalation ہے۔ یہ ملا کر اس حساب سے تو اگلے پندرہ سالوں میں بھی نہیں ہو سکے گا اور جو کام ہوا ہے، وہ بھی خراب ہو رہا ہے۔

جناب! Small industries کی بات کی جائے، small and medium enterprises کی بات کی جائے تو FBR کی جانب سے روزانہ کراچی کے دوکانداروں، gold مارکیٹ، کپڑا مارکیٹ اور اس طرح کی مارکیٹوں پر raids کیے جاتے ہیں اور ان کے کاروباروں کو بند کیا جا رہا ہے۔ کل بھی طارق روڈ کی ایک بہت بڑی مارکیٹ ہے، جس کی ایک پوری ہڑتال تھی، انہوں نے وہاں پر ٹائر جلائے ہیں اور ایک بہت بڑا احتجاج کیا ہے۔ FBR کو بھی دیکھا جائے کہ وہ کیوں ایسا کر رہا ہے۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام جس کو دنیا کے ہر ادارے نے recognize کیا ہے کہ وہ ایک بہت اچھا کام ہے، اس کے وظیفے میں 30 فیصد کا minimum اضافہ بہت ضروری ہے۔

جناب! اگر ہم M-6 موٹروے کی طرف آئیں تو سکھر حیدرآباد موٹروے، میں تو اس کو سکھر سے کراچی تک ہی کہوں گا کہ جو اس وقت موٹروے ہے، وہ بھی کوئی موٹروے کے standards کے مطابق نہیں ہے، اس کے لیے تیس ارب روپے رکھے گئے ہیں۔

(T17 پر جاری ہے)



سینیٹر اشرف علی جتوئی: (۔۔۔جاری) اس کے لیے 30 ارب روپے رکھے گئے ہیں اور جو اس کا باقی section ہے، وہ public private partnership کے تحت بنایا جائے گا۔ اگر ہم آج بھی اس project کو full fledge public private partnership پر start کریں تو پھر بھی دو سال لگ جائیں گے۔ اس کا جو financial loan ہوگا، بینکوں سے جو بات کی جائے گی،

اس کی designing میں بھی بہت وقت لگے گا۔ اگر اسے public private partnership پر کرنا بھی ہے تو اس پر رات دن کام کیا جائے اور اسے شروع کیا جائے۔ Imported cars پر لگائے گئے کچھ taxes کو change کیا گیا ہے۔ آپ imported cars تو بند کر سکتے ہیں لیکن جو local manufacturers ہیں، وہ 180 سے 200 ارب عوام کا پیسا اپنے accounts میں رکھتے ہیں اور اس پر interest لیتے ہیں۔ وہ advance booking پر یہ لیتے ہیں۔ اس کے بعد گاڑیاں چھ یا آٹھ ماہ کے بعد ملتی ہیں۔ جب imported گاڑیاں بھی بند ہوں گیں تو پاکستان کی transport کی جو ضروریات ہیں، یہ کیسے پوری ہوں گی، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ چونکہ Minister for Finance نے wind up کرنا ہے تو اس سے پہلے میں سینیٹر عمر گورگیج صاحب کو موقع دیتا ہوں۔

**<u>Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij</u>**

سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ مہربانی چیئرمین صاحب، آپ نے ہمیں بجٹ پر بولنے کی اجازت دی۔ ہم نے جو بجٹ میں دیکھا اور جیسے ہمارے دوستوں نے بھی کہا کہ اس بجٹ میں ایسی کوئی چیز نہیں جس کی ہم تعریف کریں۔ ملازم کے لیے صرف سات ہزار روپیہ رکھا گیا ہے جو میرے خیال میں ایک وقت کے کھانے کے برابر نہیں ہوتا۔ ملازم کے لیے سات ہزار روپے کچھ بھی نہیں ہے اور اسے بڑھانا چاہیے۔ ہر جگہ اور ایوان میں اس طرف اور اس طرف سے غربت کی بات ہو رہی ہے۔ اسے بھی ہمیں تھوڑا دیکھنا چاہیے۔ پہلے پٹرول مہنگا تھا، اب شاید سستا ہو لیکن اس پر بھی تھوڑی نظر رکھنی چاہیے۔ اب میں بلوچستان پر آتا ہوں۔ بلوچستان میں اس وقت اتنے حالات خراب ہیں اور ہم جتنا بھی کہیں لیکن کوئی بلوچستان کو سمجھتا ہی نہیں ہے۔ بلوچستان میں جو لوگ پہاڑوں پر جاتے ہیں، ان کی کیا مجبوری ہے۔ اس مجبوری کو ہم نے سمجھنا ہے۔ ہم نے کافی مرتبہ یہاں کہا ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کو سمجھیں۔ وہ پہاڑوں پر اس لیے جاتے ہیں کیونکہ ڈگری ہاتھ میں ہے اور نوکری ملتی نہیں ہے۔ وہ ہر دفتر کو کھٹکھٹاتے ہیں اور پھر مجبور ہو کر اسے پھاڑ دیتے ہیں اور موت کے لیے بندوق اٹھا کر پہاڑوں پر جاتے ہیں۔ اس وقت ایک لاکھ سے زیادہ نوجوان پہاڑوں میں ہیں۔ میں قوم سے کہتا ہوں کہ انہیں سنبھالنا چاہیے۔ ہم بھی پاکستانی ہیں اور پاکستان کو چاہتے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ اگر روزانہ اس طریقے سے لوگ پہاڑوں پر جائیں تو پھر کیا ہوگا۔ اس طرف سے ہمارے فوجی مر رہے ہیں، دوسری طرف سے بلوچ مر رہے ہیں۔ اسی طرح KP میں پٹھان مر رہے ہیں اور

ہمارے فوجی بھی مر رہے ہیں۔اس کا کوئی حل ہے یا نہیں۔ اس کا حل نکالنا چاہیے۔Dialogue کرنا چاہیے کیونکہ ہم dialogue سے بہت دور ہیں۔

سرداراختر جان مینگل ایک پارٹی کا سربراہ ہےاورایک قدآور شخصیت ہے۔ انہوں نے جیسے ہی استعفیٰ دیا،آپ لوگوں نے فوراً انہیں نکال دیا۔ وہ ایم این اے تھے۔اگر کسی نے استعفیٰ دیا تو آپ لوگ اسے چھوڑ دیتے لیکن انہیں بھی مایوس کیا اورآپ لوگوں نے نکال دیا۔ایسا ہے کہ کچھ پاکستانی جو پاکستان کو چاہتے ہیں،آپ انہیں تو سنبھالیں اورانہیں پہاڑوں کی طرف نہ بھیجیں۔ بیٹھیں،dialogue کریں اورلوگوں کے مزاج کو سمجھیں۔ جب انگریز نے یہاں پر حکومت کی توسب کو سمجھ کر کی۔ ہر صوبے کا ایک مزاج ہوتا ہے۔ بلوچ کو عزت دو۔ اگرآپ چارقدم آئیں گے، بلوچ آپ ساتھ سو قدم آئیں گے۔انہیں عزت چاہیے۔ منہ کی جو مار ہے، وہ زخم کبھی پر نہیں ہوتا۔ زخم صحیح ہو جاتا ہے لیکن جو زہر منہ سے نکلتا ہے، وہ کبھی صحیح نہیں ہوتا۔اگر کوئی آتا ہے تو بلوچستان میں بلوچوں اور پٹھانوں کے ساتھ اخلاق و خلوص سے بات کرے۔ بلوچ اور پٹھان عزت کے بھوکے ہیں۔ باقی ہمیں کچھ نہ ملے لیکن ہمیں عزت چاہیے۔ہمیں وہ عزت کیوں نہیں مل رہی ہے۔کے پی میں ایسا ہے اوربلوچستان میں بھی ایسا ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ کوئی جیل میں ہو۔ جمہوریت ہے۔ اگر آج وہ جیل میں ہیں توکل ہم بھی جیل میں ہو سکتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ جمہوریت میں سب برابری کی بنیاد پر چلیں اورسب مل کر کوشش کریں کہ ملک بن جائے۔ہم یہی چاہتے ہیں کہ dialogue بہت ضروری ہے۔بندوق کے زور سے کوئی بھی اب تک کامیاب نہیں ہوا کیونکہ dialogue, اخلاق اورخلوص سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔ میری ایک گزارش یہ ہے کہ بلوچستان آئیں اوروہاں کے سردار، معتبر اور عزت دارلوگ ہیں، انہیں بٹھائیں اور پوچھیں کہ آپ کو کیا چاہیے۔ مجھے پتا ہے انہیں جو چاہیے، وہ آپ دے نہیں سکیں گے۔

پچھلے چالیس، پچاس سال سے سوئی گیس بلوچستان سے نکل رہی ہے۔ پنجاب کو مل رہی ہے، سندھ کو مل رہی ہے، سب کو مل رہی ہے لیکن بلوچستان کو نہیں مل رہی ہے۔ بلوچستان کے LPG plants جب آپ وزیراعظم تھے توآپ نے مہربانی کی اور ایک پٹھان علاقے اور ایک بلوچ علاقے میں دیے۔ اس کے بعد ایک بھی نہیں لگایا گیا ہے۔ ہمارے کوئی 10 یا15 اضلاع ہیں جو گیس سے محروم ہیں۔ اب تک وہاں گیس نہیں ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ بلوچ خراب ہے۔ پہلے بلوچ کی خرابی کو سنیں کہ خرابی ہے کیا۔ بے روزگاری ہے۔جب پیٹ بھوکا ہوتا ہے تو اسی سے چوری ہوتی ہے۔ جس کا جہاں پیٹ پالا جائے، وہ وہیں جائے گا۔ کہا جاتا ہے کہ وہاں انڈیا کی مداخلت ہے، فلاں ملک نے خراب کیا

ہے لیکن آپ کے آدمیوں کو کیوں کوئی اور خراب کرے۔ آپ اپنے آدمیوں کو سنبھالیں۔ اگر آپ نہیں سنبھالیں گے تو وہ لامحالہ خراب ہوں گے اور پھر کچھ مت کہیں۔ بیٹھیں dialogue کریں کیونکہ اس سے ہر چیز بنتی ہے۔ اگر ہم اسے سمجھیں تو میرے خیال میں اس کا حل ابھی بھی ہے اور ہم سنبھالیں۔ خیبر پختونخوا میں جو آپریشن ہے، جب میں جوان تھا، یہ اس وقت سے شروع ہوا اور اب تک جاری ہے۔ بلوچستان کے شہید نواب اکبر خان بگٹی کو مشرف نے ایک پاکستانی ہوتے ہوئے بھی شہید کیا۔ اس کے بعد بلوچستان ایسا خراب ہوا کہ ہم اپنے حلقوں میں نہیں جا سکتے اور روڈ پر کوئی سفر نہیں کر سکتا۔ کوئٹہ ٹو تفتان روڈ پر کوئی نہیں جا سکتا، کوئٹہ ٹو کراچی روڈ پر بھی کوئی نہیں جا سکتا، بولان کا راستہ جو سندھ کی طرف جاتا ہے، یہاں پر کوئی جا نہیں سکتا۔ وجہ کیا ہے؟ سارے روڈ بند ہیں۔ میری یہ گزارش اور تجویز ہے اور اگر آپ اس پر عمل کریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے سارے راستے کھل جائیں گے۔۔۔۔۔ (جاری T18)

T18-18-06-2026 Babar:Ed/Shahkeel 3:40PM

سینیٹر الحاج سردار محمد عمر گورگیج: (جاری۔۔) وجہ کیا ہے؟ سارے روڈ بند ہیں، تو اس سے یہ ہے کہ میری یہ گزارش ہے، یہ ایک تجویز ہے، چاہے آپ اس پر عمل کریں تو انشاء اللہ، اللہ کے فضل سے، سارے راستے بھی کھل جائیں گے۔ اب ایک خاتون کو جیل میں رکھنا، یہ خود کوئی بڑی بات نہیں ہوتا،، سردار ہیں، اس کے ورثاء ہیں، نواب ہیں، وہ آپ ہیں، بیٹھ کر اس سے مشورہ کریں، اس کو منالیں۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ میرا دل جلتا ہے کہ اس وقت ہم پاکستان کو زیادہ عزیز سمجھتے ہیں، لیکن باقی لوگوں کو بھی عزت دیتے ہیں۔ جناب، وہاں پر آپ آ جائیں، کوئی اپنے علاقے میں جا نہیں سکتا، کوئی اپنے گھر میں جا نہیں سکتا، تو ہمیں دکھ ہوتا ہے۔ ہمارا ملک ہے اور ہم سارے پاکستانی ہیں، اگر مل کر ہم پاکستان کو اپنے طور پر سنبھال سکیں تو بہت بہتر ہوگا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب، آپ late آئے ہیں، اس وقت بھی آپ کو دیکھتے رہے، آپ نہیں تھے۔ اب مختصر کر لیں۔

**Senator Muhammad Talha Mahmood**

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میں مختصر کر دیتا ہوں لیکن، میں تھوڑا سا شکایت بھی کروں گا۔ میں ایک ہفتے سے Finance Committee کے اندر صبح سے لے کر رات تک بیٹھا رہا ہوں، اور میں اور صرف چیئرمین صاحب، ہم دو لوگ وہاں پہ بیٹھے ہیں۔ اگر میں بھی اٹھ کر وہاں سے آ

جاتا، تو کمیٹی کا اجلاس جو ہے وہ wind up ہو جاتا ہے۔ میں آج تقریر آپ کے سامنے ہے، کل رات تک وہ لگے رہے، تو اب مجھے آج ہی موقع ملے گا۔ تو میں آپ کا شکر گزار ہوں، آپ نے مجھے موقع دیا ہے۔

میں اس میں جو وفاقی بجٹ 27-2026 پر میں کچھ گزارشات کرنا چاہتا ہوں، اور بطور ممبر Finance Committee میں نے تمام meetings میں شرکت کی ہے اور بھرپور طریقے کے ساتھ اس کے اندر اپنی contribution دی ہے، جو ہم اپنی وسعت میں کر سکتے تھے۔ اور کل رات پھر Ministry of Finance میں ہماری minister صاحب سے اور باقی FBR کے لوگوں سے بھی ملاقات کرکے اس کو wind up کیا۔ میں سمجھتا ہوں جی کہ جو میں نے analysis کیا ہے بجٹ کے حوالے سے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ بجٹ کے اندر بہت زیادہ وہی ایک لائن، ایک طریقہ کار چلایا گیا، جس میں جو already tax دے رہا ہے اس کو زیادہ دبایا جائے۔ وسعت کرنے کا طریقہ کار جو ہے، اب ایک نیا یہ لے کر آنا چاہتے ہیں، مجھے نہیں معلوم کہ وہ کامیاب ہوتا ہے یا نہیں ہوتا، لیکن جو چیزیں کامیاب نہیں ہوتیں، ہر سال، ہر بجٹ کے اندر نیا تجربہ کیا جاتا ہے۔ میں آپ کو اس کی ایک چھوٹی سی مثال دے دیتا ہوں کہ 16-2015 کے اندر انہوں نے ایک tax introduce کرایا تھا، super tax، اور آج اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد بھی ہم نے دیکھا ہے کہ وہ super tax آج تک موجود ہے۔ آج اتنا عرصہ گزر چکا ہے اور بتدریج اس کے اندر وسعت دی جا رہی ہے۔ میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ اگر کوئی اچھا کام کرتا ہے یا کوئی اپنے کام میں مہارت حاصل کرتا ہے، اس کو کوئی award دیا جاتا ہے، یہ کون سا award ہے کہ کوئی زیادہ اچھا کام کرے اور زیادہ اچھے طریقے سے business چلا کے زیادہ سے زیادہ tax دینے کی کوشش کرے، تو اس کو penalty کے طور پر fine کے طور پر super tax لگایا جاتا ہے۔ میں سختی سے اس کی مخالفت بھی کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت مجھے بات کرنی ہے صنعت کے حوالے سے۔ صنعت جو ہے ہر ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے، اور industries ملک کو کھڑا کرتی ہیں۔ اگر آج آپ پوری دنیا کے اندر دیکھیں گے، جاپان ہے، Germany ہے، South Korea ہے، Thailand ہے، اور Malaysia ہے، ان علاقوں کے اندر اگر ان لوگوں نے ترقی کی ہے، یورپ کے دوسرے ممالک ہیں، انہوں نے ترقی کی ہے اپنی industry کے بل کے اوپر۔ مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے جب باہر سے کسی ادارے سے ایک ارب ڈالر یا دو ارب ڈالر نکالنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو اس کی بڑی خوشیاں منائی جاتی ہیں، لیکن وہ لوگ جو tax دیتے ہیں، کاروباری

لوگ، ان کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ یہ وہ tax استعمال ہوتا ہے جس کو استعمال کرنے کے بعد انہوں نے وہ رقم واپس نہیں کرنی، لیکن اس کے باوجود ان کو حقارت اور نیچ کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، ان کو مزید دبانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس رویے کے خلاف عرصہ دراز سے، جب سے میں سینٹ کے اندر ہوں، 20,21 سال ہو گئے ہیں، میں نے ہمیشہ اس کے اوپر یہ بات کی ہے کہ اگر nation کی بات کرتے ہیں، countryکی بات کرتے ہیں، تو ہمیں سب سے پہلے اپنے businessmenکی عزت کرنا سیکھنا چاہیے۔ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے۔ پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہیں، مانتا ہوں، businessmenکے اندر بھی short comings ہیں،اسی طرح bureaucrats میں بھی short comings ہیں، لیکن ان کی short comings کو نہیں دیکھا جاتا، جبکہ کاروباری لوگوں کو انتہائی حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

میں ہزارہ صوبے کے حوالے سے بات کروں گا۔ ہزارہ صوبے کے اندر بڑے بڑے projects بن رہے ہیں، Suki kinari project ہے، Diamer bhasha Dam, Dasu Damہے، اور اس وقت یہ CPEC کا gateway ہے، لیکن یہاں پر اگر آپ developmentکے حالات دیکھیں تو شرم آتی ہے کہ کس طریقے کے ساتھ اس علاقے کا حشر نشر کیا گیا ہے۔نہ وہاں صحت کی صحیح facilities availableہیں، نہ education کے حوالے سے۔ اگر میں کوہستان کی بات کروں، ان علاقوں کی جہاں سے ہمیں بہت زیادہ فائدہ ہو سکتا ہے۔

اب میں بات کرنا چاہتا ہوں، جو میرا حلقہ انتخاب ہے، جہاں سے میں نے election لڑا ہے، وہ ہے چترال۔ چترال میں اس وقت communicationکا نظام بالکل تباہ و برباد ہے۔ communication کے لیے roads بنانے کی جو بات کی جاتی ہے، مجھے نہیں معلوم کہ یہ roads کس طرح بن سکیں گی، جس انداز میں بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔اس وقت گرم چشمہ، کریم آباد اور ان علاقوں کے اندر اگر آپ دیکھیں تو ان کے لیے PSDP کے اندر فنڈ ہی نہیں رکھے گئے۔ اگر یہ فنڈ ہوں گے ہی نہیں تو کام کیسے چلے گا؟ یہ سب سے پہلی بات ہے۔

میرے دو اعتراضات ہیں، ایک تو جو رقم رکھی جاتی ہے، کیا اس کا استعمال صحیح ہوتا ہے؟ جہاں کروڑ روپے کے اندر کام ہو سکتا ہے، وہاں 50-50 کروڑ روپے لگائے جاتے ہیں۔ اس لیے کہ میری بہت بڑی reservation ہے کہ کیا وہاں کے local لوگوں کو involve کیا

جاتا ہے؟ بجلی کا نظام دیکھ لیں تو بجلی کے اندر جو حالات ہیں بونی، مستوج، اپر چترال، لاشپور، یرخون، لشکور، فور لشکور، ترچ ویلی، رچ ویلی، مولکو، کھوت ویلی اور لوئر چترال کے اندر دروش، ارندو، بدکلشت، ایون، کیلاش ویلی، بمبوریت، دھرمپور، بریر، گرم چشمہ، کریم آباد، موریلائز میں نے ان علاقوں کا نام اس لیے لیا ہے کہ یہاں dialysis center نہیں ہے، hospitals کی category D کی سہولیات بھی میسر نہیں ہیں، emergency trauma centers موجود نہیں ہیں۔ جہاں بچوں کے لیے صحت کے مراکز موجود نہیں ہیں۔ میں لاسپور گیا، لاسپور کے اندر dispensary تک نہیں ہے۔ میں نے اپنی جیب سے وہاں dispensary بنانے کی کوشش کی ہے۔ اپر چترال میں بونی، مستوج کے بارے میں، جو road بن رہی ہے شندور سے لے کر بونی تک، اور بونی سے لوئر چترال تک، اس کے لیے اگر PSDP کے اندر فنڈ نہیں ہوں گے تو یہ کس طریقے سے چلے گا؟ ہم اس میں interruption نہیں کر رہے کہ یہ لوگ اس کو کس طریقے سے استعمال کر رہے ہیں، اور quality of work کیا ہے، یہ بھی ایک علیحدہ reservation ہے جو quality of work ہے کیا وہاں اس کی روح کے مطابق کام پورے کیے گئے ہیں؟ لوئر چترال میں دروش ہے، ارندو ہے، گرم چشمہ ہے، جیسا کہ میں نے ذکر کیا، freelancing training institutes نہیں ہیں، higher secondary schools میں computer labs موجود نہیں ہیں۔ آج دنیا artificial intelligence کی طرف جا رہی ہے، اور ان کے پاس computer بھی نہیں ہیں کہ وہ یہ سیکھ سکیں۔ یرخون ویلی، تھری ویلی، مورکھو ویلی، مستوج، ترچ ویلی، رچ ویلی، گرم چشمہ ان علاقوں کے اندر ایک problem یہ بھی ہے کہ روایتی نہروں کی بحالی، flood protection walls، نہروں کی concrete lining اور چھوٹے آبی ذخائر کا کوئی مؤثر نظام نہیں ہے۔ یہ علاقے پانی کے حوالے سے rich ہیں، لیکن اس کا نظام موجود نہیں ہے۔ لوئر چترال کے اندر لوگ سڑکوں پر بیٹھے ہیں، احتجاج کر رہے ہیں، کیونکہ بجلی وہیں بنتی ہے، لیکن پہلے جو rate تھا، اس کے بجائے اب تین چار گنا زیادہ price لیا جا رہا ہے۔ کیونکہ پہلے وہاں بجلی PEDO سے ملتی تھی، لیکن اب جب سے اسے PESCO کے اندر دیا گیا ہے، PESCO نے اس کا rate بہت بڑھا دیا ہے۔

(جاری T19)

سینیٹر محمد طلحہ محمود: (جاری) پیسکو نے اس کا rate بہت بڑھا دیا ہے۔ تو اس چیز کو کون look after کرے گا۔ کون اس چیز کو دیکھے گا، کون ان مسائل کو حل کرے گا۔ Upper Chitral میں، جب یہ discuss ہوئی، میری کئی مرتبہ بات ہوئی ہے کہ مستوج سے بروغل تک جو روڈ ہے، یہ قاعدہ جا کر بارڈر تک ہے، افغانستان کا بارڈر ہے، Wakhan Corridor ہے، اس روڈ کے حوالے سے بات ہوئی تھی۔

Mr. Chairman: Please wind up.

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب! میں بجٹ کے حوالے سے بات کر رہا ہوں کہ اس میں پیسا رکھنا چاہیے تھا، اس میں کوئی پیسا رکھا نہیں گیا۔ یہاں پر یہ بھی بات ہوئی تھی کہ یہ روڈ این ایچ اے کو دے دی جائے گی۔ این ایچ اے نے اس کو OK کیا ہے۔ اب اس وقت صوبائی حکومت۔۔۔

جناب چیئرمین: براہ مہربانی wind up کریں۔ وزیر صاحب نے بات کرنی ہے۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب! میں ایک منٹ میں wind up کر رہا ہوں۔ صوبائی حکومت نے اس کی فنڈنگ کرنی تھی، اس نے فنڈنگ نہیں کی، اجازت نہیں دی۔ جناب! اس میں بہت سارے مسائل ہیں، میں آپ کا شکر گزار ہوں، میں زیادہ وقت نہیں لیتا۔ اپنی طرف سے جو ہم اپنی contribution اس میں ڈال سکتے تھے، ہم نے اپنی contribution ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ میں آخر میں اپنی یہ بات کرکے ختم کرتا ہوں کہ Lower Chitral اور Upper Chitral میں سڑکوں کا کوئی نظام نہیں ہے، بجٹ میں کوئی پیسا نہیں رکھا گیا۔ واپڈا میں کوئی نظام نہیں ہے، اگر 200 KV transformer کی ضرورت ہے تو 50 KV کا ٹرانسفارمر لگا ہے۔ وہاں پر کوئی اس کا والی وارث نہیں ہے۔ سیاحت کے حوالے سے وہاں پر آپ داخل ہو جائیں، وہاں پر ایئرپورٹ موجود ہے لیکن جہاز کی سروس نہیں ہے۔ وہاں پر لوگوں کے پاس موبائل ہے لیکن موبائل سروس نہیں ہے۔ Protection wall نہیں ہے۔ بہت ساری جگہوں پر دریا چوڑا ہوتا جا رہا ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: بہت مہربانی۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: گھر اور مسجدیں دریا کے اندر جا رہی ہیں۔جناب! مہربانی ہوگی کہ PSDP میں،اس بجٹ میں میری recommendation ہے کہ زیادہ سے زیادہ پیسا رکھا جائے تاکہ اس پیسے کا صحیح استعمال بھی ہو۔جناب! میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ میں اس پر بہت زیادہ بات کرنا چاہتا تھا۔

Mr. Chairman: Thank you. Leader of the Opposition.

**Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition**

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، بجٹ کے حوالے سے ہم سب نے تقاریر کی بھی ہیں اور سنی بھی ہیں۔ میرے خیال میں تقریباًTreasury Benchesکے بزرگان اور سینیٹر صاحبان بھی اس بجٹ سے مطمئن نہیں ہیں اور اسی طرح اس طرف والے بھی مطمئن نہیں ہیں۔ اپوزیشن پارٹیوں کے جتنے یہاں پر دوست تھے، میں نے بیٹھ کر ان کی لیڈرشپ سے بات کی۔ ہم متفقہ طور پر اپوزیشن کی طرف سے اس بجٹ کوreject کرتے ہیں۔ یہ بجٹ عوام کش ہے، غریب کش ہے، پاکستان کو مزید معاشی بحران کی طرف لے کر جارہا ہے۔ یہ پاکستان کے فائدے میں نہیں ہے۔آپ دیکھیں کہ اس بجٹ میں آٹھ ہزار ارب روپے آپ قرضے کا سود دے رہے ہیں اور اس کا کوئی حل نہیں نکال رہے ہیں کہ ہم اپنی exports کیسے بڑھائیں گے، غربت کو کیسے ختم کریں گے۔ ترقیاتی فنڈ آپ ختم کر رہے ہیں۔آپ نے ملک کو جمود کا شکار کر دیا۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ کاpoint of viewآگیا۔جی۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میڈم شیری رحمان نے بھی تقریر کی تھی، باقی سب نے کی تھی۔ سب نے دیانت داری سے خطاب کیا ہے۔ ہم اس بجٹ کوreject کرتے ہیں۔ یہ بجٹ پاکستان کے منافع میں نہیں ہے بلکہ تباہی و بربادی کے لیے ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر منظور احمد صاحب۔ آپ ذراbrief کریں گے کیونکہ وزیر خزانہ صاحب important issues پر لے کر آئے ہیں تو انہوں نےwind up کرنا ہے۔

**Senator Manzoor Ahmed**

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں short کروں گا۔ 18,500 ارب روپے کا2026-27 کا بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ یہاں پر میں نے جو تقریریں سنیں، ان میں کافی حد تک کوئی ایسی چیز حکومت کی طرف نہیں دی گئی ہے، کوئی ایسی تجویز نہیں دی گئی ہے کہ اس پر عمل

کیاجائے۔ شاید مجھ سے میرے کچھ دوست ناراض ہو جائیں، سوائے political point scoring کے مجھے تواور کچھ بھی نظر نہیں آیا۔ آپ کو suggestions دینی چاہیے تھیں اور حکومت کو یہ suggestions accept بھی کرنی چاہیے تھیں، جواچھی اچھی suggestions ہیں۔ جو عوام کے حق میں ہوں، جو پاکستان کے حق میں ہوں اور جو ملک کے حق میں ہوں۔

جناب چیئرمین ! ریاست اور عوام کے بیچ میں ایک معاہدہ ہوا ہے۔ ریاست نے عوام کے جان، مال اوران کی زندگی کو تحفظ دینا ہے اور عوام نے ریاست کو taxes دینے ہیں۔ جب taxes ہوں گے، یہ جو معاہدہ ہے، یہ اسی طرح چلتا ہے۔ یہ معاہدہ صرف پاکستان میں نہیں، یہ معاہدہ پوری دنیا میں ہے لیکن یہاں پر، میں بد قسمتی کہوں گا، کہ عوام تو اپنا حق ادا کر رہی ہے، عوام اس ملک کے لیے ابھی تک اپنی contribution کررہی ہے لیکن حکومت، ریاست کی طرف سے ابھی تک ایسا کچھ بھی نہیں ہو سکا کہ عوام کو relief دے۔ یہاں پر جتنے بھی ہم بیٹھے ہوئے ہیں، ہم سب اس کے ذمہ دار ہیں، ہم سب عوام کے مجرم ہیں۔ Form 47 اور Form 45 کی باتیں ہوتی رہتی ہیں لیکن پھر میں یہاں پر ایک بات رکھوں گاکہ جب میں حکومت میں ہوتا ہوں تو مجھے وہ 25 کروڑ عوام، وہ غریب، انکا کھانا، ان کا کپڑا، اس کا لباس، ان کی چیزیں مجھے یاد آتی ہیں لیکن جب میں اقتدار میں آجاتا ہوں تو پھر مجھے وہی پبلک جس کے لیے میں آواز اٹھاتا تھا، ان ہی 25 کروڑ غریب عوام کے لیے جو 30 فیصد غربت کی لکیر سے نیچے کی زندگی گزار رہے ہیں، ان کے لیے پھر میں کوئی بات نہیں کرتا، پھر میں بھول جاتا ہوں اور پھر میں آئی ایم ایف کے آگے لیٹ جاتا ہوں، جو میں کسی حکومت کے خلاف بات کرتا ہوں کہ یہ آئی ایم ایف کا بجٹ ہے لیکن جب اس وقت آپ بیٹھے ہوتے ہیں تواس وقت پھر کیوں وہ آئی ایم ایف آپ کو یاد نہیں آتا، وہ عوام آپ کو یاد نہیں آتے لیکن اس وقت جب ہم بیٹھتے ہیں، پھر ہمیں یہ چیزیں نظر آتی ہیں۔ جناب چیئرمین ! یہ دورائے کیوں ہیں؟ پھر ہم یہاں پر آکر قسمیں بھی کھاتے ہیں۔ ہم حلف بھی لیتے ہیں لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ اگر آپ نے کچھ کرنا ہے تواپنے آپ سے شروع کرنا ہوگا۔ احتساب کرنا ہے تو اپنے آپ سے شروع کرنا ہوگا۔ دوسروں پر تنقید کرنا بڑاآسان ہے۔ ملک کس مشکل میں ہے۔ ملک کس طرف جارہا ہے لیکن ہم اپنی لڑائی لڑ رہے ہیں، ہم اپنی لڑائی میں پڑے ہوئے ہیں۔ پھر کہوں گا کہ تمام لیڈرشپ محترم ہے، ہمیں اس کی عزت کرنی چاہیے لیکن سب سے پہلے پاکستان کے حوالے سے ہم نے بات کرنی ہوگی۔ اگر یہ پاکستان ہوگا تو یہ ایوان ہوگا۔ اگر یہ پاکستان ہوگا تو قومی اسمبلی ہوگی۔ اگر یہ پاکستان ہوگا تو صوبائی اسمبلیاں ہوں گی۔ اگر یہ پاکستان ہوگا تو ہم اس کو بجٹ پر بات کر

سکتے ہیں۔ اگر یہ پاکستان ہوگا تو ہم اپنےdoctors بنا سکتے ہیں۔ اگر یہ پاکستان ہوگا تو ہم engineers بنا سکتے ہیں لیکن یہاں پر جناب چیئر مین! ہم نے کبھی بھی یکجہتی کی بات نہیں کی۔ ہم ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔

جناب! اگر یہاں پر تعلیم کے حوالے سے میں بات رکھوں، تعلیم نہایت ضروری ہے، جن ملکوں نے تعلیم حاصل کی ہے وہ ممالک آج کہاں سے کہاں تک پہنچے ہیں۔ایک suggestion ہےجو پاکستان میں تعلیم کے حوالے سے ہے۔اس بجٹ میں 32.86 ارب روپے رکھے گئے ہیں جو ناکافی ہیں۔ اگر ہم دنیا کی مثال لیں تو نیپال میں 55 ارب ہیں، بنگلہ دیش میں 56ارب روپے ہیں، انڈیا میں 156 ارب روپے ہیں۔ اگر میں چین میں فی کس اخراجات لے لیتا ہوں تو وہ 425 ہیں۔ جناب چیئر مین! اب اگر تعلیم کے لیے ہم 32 ارب روپے رکھیں گے تو چیزیں ہمارے لیے مشکل ہوں گی، اس میں کوئی شک بھی نہیں ہے۔ (جاری۔۔۔T20)

T20-18June2026 Ali/Ed: Waqas Khan 04:00 pm

سینیٹر منظور احمد: (۔۔۔۔۔جاری) تو یہ چیزیں ہمارے لیے مشکل ہوں گی، اس میں کوئی شک بھی نہیں ہے۔ لیکن دنیا اور ترقی پسند ممالک کو دیکھیں، وہ knowledge-based کے اوپر ہیں، وہ knowledge-based economy چلا رہے ہیں، جیسے Japan ہے، جیسے China ہے۔ میں صحت کے حوالے سے بات کروں گا، صحت میں بھی ہمارے ساتھ یہی مسئلہ ہے۔ اس پر دوستوں نے باتیں کی ہیں۔، Same اسی طرح agriculture بھی ہمارے سامنے ہے۔ اس پر ہمیں کام کرنا ہوگا، ہم agriculture میں کتنے آگے چلے گئے ہیں؟ ہم نے agriculture میں کیا کام کیا ہے؟ اگر ہم climate کی بات کرتے ہیں، ہم IT کی بات کرتے ہیں، اس پر ہم نے کیا کام کیا ہے؟ اس پر تمام جماعتوں نے مل کر سوچنا ہے کہ اس کو کیسے growth دینا ہے، کیسے اس کو آگے لے کر جانا ہے۔

FBR کے حوالے سے صحیح سے یہاں پر کسی نے بھی بات نہیں کی، اس وقت ہمیں جو مشکل ہے، ملک جو اس وقت مشکل حالات سے گزر رہا ہے، اس کی وجہ FBR ہے، جو taxes لگا رہا ہے، جو لوگوں کو taxes دے رہے ہیں، جس نے لوگوں کا جینا مشکل کیا ہوا ہے۔ جناب! ایک دن میں video دیکھ رہا تھا، اس video میں ماں کی گود میں ایک بچہ تھا، وہ بچہ پانچ یا چھ سال کا ہوگا، کوڑے دان کے پاس وہ ماں گھوم رہی تھی اور ادھر اُدھر لوگوں کو بھی دیکھ رہی تھی۔ بچے کو کوڑے دان کے اندر اتارا اور کوڑے دان سے دو سیب یا جو بھی تھے وہ نکالے اور صاف کیے۔ خود بھی کھا رہی تھی اور اس بچے کو بھی کھلا رہی تھی، خدا کے لیے ان لوگوں کے بارے میں سوچیں۔ ایک اور دنیا بھی ہے۔ ہم نے وہاں پر

بھی جواب دینا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری leadership ہمارے لیے محترم ہے اور ہمیں ہونا بھی چاہیے۔ لیکن ہماری پچیس کروڑ عوام بھی ہے۔ آپ ان سے پوچھیں کہ وہ اپنی زندگی کیسے گزار رہے ہیں، وہ کس مشکل سے گزر رہے ہیں، اس کے لیے ہم نے کیا کیا ہے، اس کو ہم نے دیا کیا ہے؟ میں detail میں نہیں جانا چاہتا کہ وہ اپنی زندگی کیسے گزار رہے ہیں۔ یہ آپ بھی جانتے ہیں، میں بھی جانتا ہوں، سب جانتے ہیں۔ لیکن ہم نے پھر بھی وہ تہیہ کیا ہوا ہے، ہماری نیت نہیں ہے کہ ہم اس کو ٹھیک کریں۔ ابھی یہاں پر جو FBR کے حوالے سے میں نے بات رکھی ہے، FBR والوں کو ہم لوگ چھ چھ، سات سات، آٹھ آٹھ honorarium دے دیتے ہیں، مطلب ایسے دیتے ہیں کہ پتا نہیں انہوں نے کون سا تیر مارا ہے۔ انہوں نے پتا نہیں کون سا اتنا بڑا کمال کر دیا ہے۔ ہم نے bureaucracy کے حوالے سے کوئی بات رکھی ہے؟ ابھی یہاں پر صنعت کی بات ہوئی ہے کہ صنعت کے حوالے سے ہم نے کام نہیں کیا، ہم نے کام کیا ہے؟ ہماری bureaucracy جو باہر سے investors لاتی ہیں، وہ investors کیسے آئیں گے؟ ہم ان investors کے انتظار میں کھڑے ہیں کہ ہمارا ملک ترقی کرے گا، لیکن ہم نے ان کے لیے یہاں پر سالوں سال سے مشکلات پیدا کر رکھیں ہیں۔

آپ سے آپ کی local industry جا رہی ہے، آپ سے آپ کے local businessmen جا رہے ہیں۔ ہم نے ان کو کیا تحفظ دیا ہے؟ وہ یہاں سے اپنا business wind up کر کے جا رہے ہیں، اس FBR کی وجہ سے، ان taxes کی وجہ سے۔ Taxes لگا لیں، کوئی مسئلہ نہیں ہے، ہم taxes دینے کے لیے تیار ہیں، لیکن اس کا بھی کوئی طریقہ ہوتا ہے، اس کا بھی کوئی راستہ ہوتا ہے، مثال دوں گا، بجلی کا bill دس ہزار روپے ہے، اس میں تین ہزار روپے تو آپ کا اصل bill ہے، لیکن اس میں سات ہزار روپے آپ taxes میں دے رہے ہیں، تو یہ کیسے چلے گا؟ اس میں ایک اور منطق بھی ہے کہ اگر آپ کم units استعمال کرو گے تو آپ پر taxes double لگیں گے۔ اس سے زیادہ ظلم کیا ہوگا؟ میری مرضی ہے، میں چلاؤں یا نہ چلاؤں۔ نہیں، آپ نے لازماً اتنے units چلانے ہوں گے، کیونکہ آپ نے ان کا خون چوسنا ہے۔

بہت سی چیزیں ہمارے سامنے ہیں۔ یہاں پر بلوچستان کی بات ہوئی۔ بلوچستان کے حوالے سے بات کر کے پھر میں wind up کر دیتا ہوں۔ ہمارے بلوچستان میں تقریباً سات، آٹھ منصوبے چل رہے ہیں۔ اگر میں کچلاک، ژوب اور اسلام آباد منصوبوں کی بات کروں، اگر اس منصوبے کی لاگت پچاس ارب روپے ہے، تو آپ نے اس کے لیے دو ارب روپے رکھے ہوئے ہیں۔ یہ منصوبہ بیس سال سے چل رہا ہے اور اس کے باوجود آپ اس کو دو ارب روپے دے رہے ہو، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ نے اسے مکمل نہیں کرنا اور جو چھ، سات، آٹھ ارب روپے اس پر خرچ

کیے ہیں، یعنی وہ بھی ضائع ہو چکے۔ سپیرا راغہ وہ بھی اسی طرح ہے۔ تقریباً سات ارب روپے کے منصوبے کے لیے آپ نے پینتیس کروڑ روپے رکھے اور پھر ہمیں کہتے ہیں کہ بات نہ کریں۔ تو میں کیسے بات نہ کروں؟ اسی طرح کوئٹہ شہر کا bypass ہے، اس کے لیے تقریباً 1345 Million روپے درکار ہیں، اس کے لیے آپ نے کیا رکھا؟ کچھ بھی نہیں رکھا۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ کراچی والے منصوبے کے لیے آپ نے full پیسے رکھے ہوئے ہیں۔

میں آپ کو appreciate کرتا ہوں کہ privatization کے حوالے سے government نے جو steps اٹھائے ہوئے ہیں۔ اس پر میں آپ کو appreciate کرتا ہوں۔ اگر ہم ان چیزوں کو دیکھیں، تو میں صرف government سے یہ request کروں گا کہ جہاں پر ہم غریبوں کو facilitate کر سکتے ہیں، تعلیم یا health کے حوالے سے ہو، اگر یہ چیزیں کر سکیں، تو ہم اس government کو credit دیں گے، ہم جتنے بھی اتحادی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، کم از کم ایک چیز آگے جائے گی۔

بلوچستان کے حوالے سے جو دہشت گردی چل رہی ہے، جو system چل رہا ہے، اس پر میں ایک بات کہوں گا کہ بلوچستان میں People's Party کی حکومت ہے، میرے بھائی People's Party سے تعلق رکھتے ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ بلوچستان میں حالات ٹھیک نہیں ہیں۔ اگر حالات ٹھیک نہیں ہیں تو حکومت کس کی بیٹھی ہے؟ آپ کے اپنے Minister Irrigation نے کہا کہ میں اس road پر travel نہیں کر سکتا، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ government کس کی ہے؟ بیروزگاری ہے، میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ government کس کی ہے؟

بیروزگاری کے حوالے سے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ SBK University میں نو، دس ہزار نوکریاں تھیں، جو وہاں بک چکی ہیں اور anti-corruption کے پاس وہ case بھی پڑا ہوا ہے۔ لیکن میں نام نہیں لینا چاہتا کہ وہ وزیر کون ہے، تو ان سے یہ پوچھا جائے۔ نیا Trauma center بنا، اس میں تقریباً چھ ہزار نوکریاں آئیں، جس پر non-technical لوگ لگائے گئے اور کوئی بھی technical نہیں لگا۔ Trauma center ایک اہم جگہ، خدانخواستہ کوئی واقعہ ہوتا ہے، وہاں پر کوئی مریض جاتا ہے، تو اس کا کیا حال ہوگا؟ تو اس کا بھی پوچھا جائے۔ پشین میں دن دیہاڑے، hotel کے باہر لوگ بیٹھے ہوتے ہیں، ان میں کاکڑ بھی ہیں، سید بھی ہیں، تمام وہاں کے رہائشی موجود ہوتے ہیں۔ لوگ آکر ان کو مار کر چلے جاتے ہیں۔ میں کس کے ساتھ بات کروں؟ جس نے ریاست کے خلاف بندوق اٹھائی ہے، میں اس سے

بات کروں؟ جو میری ماں، بھائی، بہنوں؛ سب کو شہید کر رہے ہیں، forces کو شہید کر رہے ہیں، میں اس سے بات کروں؟ میں اس سے بات نہیں کرنا چاہتا، اس لیے کہ اس نے بندوق اٹھائی ہے۔ جس نے بندوق ریاست کے خلاف اٹھائی ہے، وہ کبھی بھی پاکستان کا ہو ہی نہیں سکتا، نہ وہ ہمارا ہو سکتا ہے، نہ وہ ہمارا بن سکتا ہے۔ Negotiation اس کے ساتھ ہوتی ہے، جو political party ہو یا جب کوئی political dialogue کرے۔ ہمارے سامنے roads پر trucks جل رہے ہیں، پہلے تو صرف بلوچ belt میں تھا، اب پشتون belt میں بھی trucks جلنا شروع ہو گئے ہیں۔ کیا وہاں پر ریاست کی writ ہے؟ کیا وہاں حکومت کی writ ہے؟ آپ نے لک پاس پر customs کا warehouse جلایا اور وہاں سے اربوں روپے کا جو سامان نکالا، تو ان لوگوں کے لیے آپ نے کیا کیا ہے؟ اب کل پرسوں D.I. Khan میں پھر ایک اور warehouse جلایا ہے۔ تو یہ ایک اچھا business، ایک اچھا دھندا شروع کر لیا؛ وہاں سے سارا سامان نکال لو، سارا سامان لے جاؤ، بعد میں پھر وہاں پر کچھ بھی نہیں ہوتا۔

میں آخر میں یہ بات کروں گا کہ تاریخی طور پر اگر ہم دیکھیں تو پاکستان کی economy ماضی میں بھی بڑی مشکلات میں رہی ہے اور اس بار بھی مشکلات میں رہی ہے۔ لیکن ان مشکل حالات میں جو budget پیش کیا گیا ہے، یا جو چیزیں کی گئی ہیں، میں government کو appreciate کرتا ہوں کہ ان مشکل حالات میں بہت سی چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے انہوں نے budget بنایا ہے۔ مشکلات پہلے بھی تھیں اور آج بھی ہیں، لیکن ہمیں مل کر فیصلہ کرنا ہے کہ ہم نے اس ملک کو آگے لے کر جانا ہے، ہم نے اس ریاست کو آگے لے کر جانا ہے۔ Iran war کے حوالے سے جو پاکستان نے اپنا کردار ادا کیا ہے، میں تمام team کو مبارک باد دینا چاہتا ہوں، شکریہ چیئرمین صاحب۔

جناب چیئرمین: وزیر خزانہ صاحب۔ انہوں نے جانا ہے۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: جنگ کے دوران ایک headline لگی تھی، جو پوری parliament کے تقدس کو پامال کرنے والی بات ہے، اس کا notice لیا جانا چاہیے۔ ورنہ یہ سلسلہ شروع ہوا تو میں سمجھتا ہوں کہ عوامی نمائندوں کی تذلیل اس حد تک پہنچ جائے گی کہ لوگ ہمارے گریبان پکڑیں گے۔ FBR کہتا ہے کہ بجلی کے bills سے 620 ارب روپے کمائے۔ یہ headline لگی ہوئی ہے۔ اس کو کمانا کہتے ہیں، یہ تو ڈاکہ ہے۔

(جاری ہے----- T21)

سینیٹر کامل علی آغا: (جاری۔۔۔۔) FBR کہتا ہے کہ بجلی کے بلوں سے چھ سو بیس ارب روپے کمائے ہیں۔ یہ headline لگی ہوئی ہے۔ اس کو کمانا کہتے ہیں؟ یہ تو ڈاکا ہے کہ لوگوں کی سانس روک دو اور سانس روکنے کے بعد اُن کا ڈاکا ڈالو اور اُن کی جیبوں کو خالی کر دو۔ یہ کوئی کمائی ہے؟

Mr. Chairman: This is not a point of order. Please, I give the floor to the honorable Minister for Finance and Finance Minister *sahib*, there is no one کہ جس نے تقریر نہ کی ہو۔ پورے House نے کی ہے۔ یہ practice میری جب میں سپیکر تھا، تب سے شروع ہے۔ تو سب نے کی ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈسک بجائے گئے)

سینیٹر محمد اورنگزیب (وفاقی وزیر خزانہ): اچھا، ماشاء اللہ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ یہ کوئی Point of Order نہیں ہے۔

**Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance and Revenue)**

سینیٹر محمد اورنگزیب: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو Standing Committee on Revenue and Finance ہے، جس کو سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب نے chair کیا۔ پہلے تو میں ذکر کرنا چاہتا ہوں جو انہوں نے پہلے annual report پیش کی۔ تو جیسے سینیٹر صاحب نے اپنی تقریر میں کہا اور اس کا احاطہ دیا کہ کتنے issues پر throughout the year اُنہوں نے Finance and Revenue Standing Committee کے کتنے sessions کیے۔ اس میں ہر قسم کے topics کو discuss کیا گیا جس میں remittances بھی آئیں اور remittances کے سلسلے میں جو وہاں ساری discussion ہوئی اور اُسی کے تسلسل میں آپ یہ دیکھ لیجیے کہ پہلے remittances کہاں تھیں اور الحمد للہ

we will close this year at about 41-42 billion dollars.

دوسرے طرف اس سینیٹ کمیٹی میں new economy پر بہت زیر حاصل بحث ہوئی with respect to the Virtual Asset Regulatory Authority because اُس کو ہم نے tokenizationکی طرف لے کر جانا ہے، licenses of exchanges کی طرف لے کر جانا ہے اور خاص طور پر ہمارے youthکے لیے that is going to be a very very important enabler اور جتنی یہاں ہوئی سینیٹ کی کمیٹی میں، جس میں پھر overall پارلیمان نے Pakistan Virtual Asset Regulatory Authority بنائی۔ تو before I get to the budget, I once again، سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب کی اور ان کی پوری کمیٹی کا اور جس حساب سے during this fiscal year اُنہوں نے ہمارے ساتھ engage کیا ہے، میں ان کا بہت شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

Now coming to the budget. یہ پچھلے ہفتے سے جو clause by clause جس میں Customs تھا، income tax, sales tax, tariffs, یہ ساری discussion honorable members نے چیئرمین صاحب کی قیادت میں کیں، نہ صرف انہوں نے یہ کیا بلکہ اس کمیٹی نے ساری associations and forums, جن کو ہم پچھلے پانچ چھ مہینے بھی ملتے رہے لیکن پھر بھی انہوں نے اور اس قلیل مدت میں بھی اُس سب کو بلایا اور اُن سب کو سنا گیا اور اُن کی recommendations جو ہے، اس میں سے کچھ recommendations جو final recommendations آئی بھی ہیں from various associations and chamber اور اُس میں کل رات کو جو ہماری ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے آ کر پوری recommendations پیش کیں، تو once again جی، اس میں جو محنت ہوئی ہے over the weekend and during the course of this week, میں ان کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

دیکھیں، جہاں تک بجٹ کا تعلق ہے اور سب نے بجٹ پڑھا بھی ہے، budget speeches بھی تھیں، چیئرمین صاحب، ہم نے اس میں اس دفعہ بھرپور کوشش کی ہے کہ ہم معاشی استحکام سے معاشی ترقی کا سفر جو شروع ہو چکا ہے، دیکھیں ہم کئی دفعہ بھول جاتے ہیں کہ آج سے تین سال پہلے ہماری economy actually contract کر رہی تھی۔ We started with minus 0.2

GDP growth اور اس سال جب ہم یہ ختم کرنے جا رہے ہیں تو یہ percent in terms of negative GDP growth تین اشاریہ سات پر ختم ہو گی۔

دیکھیں، If we were talking here back in January تو اُس وقت State Bank کا بھی یہی تخمینہ تھا اور ہمارا بھی یہی تخمینہ تھا کہ اس سال اس economy کی GDP growth تین اشاریہ سات پانچ سے چار اشاریہ سات پانچ کے درمیان کہیں پر ہو گی اور مارچ تک ہمارا پورا خیال تھا کہ چار فیصد سے تو یہ exceed کر جائے گی لیکن over the last three months جو conflict ہے اور الحمداللہ آج جو سارا sign بھی ہو گیا ہے اور ان شاءاللہ جو ہمارا خیال تھا کہ کوئی second or third order impact ہمیں اگلے fiscal year میں دیکھنا پڑے، تو it's been mitigated to quite a bit. اُس کی وجہ سے یہ تین اشاریہ سات فیصد پر آئی but in any case میں صرف وہ trajectory دکھانا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال تین اشاریہ ایک تھا، اس سال تین اشاریہ سات ہیں۔ جناب چیئرمین، اس کو ہمیں تھوڑا سا global context میں بھی دیکھنا ہے۔ Global context میں اس معاشی سال میں GDP growth نیچے ہوئی ہے .So, I think we are moving in the right direction لیکن اب بجٹ پر آئیں۔

اب بجٹ پر پہلے ہم نے taxation کے معاملات پر، چونکہ taxation کے معاملات یہاں کافی discuss ہوئے ہیں۔ ہم نے obviously یہ realize کیا ہے کہ documented corporate sector and salaried class پر in terms of taxation ایک disproportionate burden تھا تو ہم نے corporate taxation میں، خاص طور پر جو export sectors ہیں، ان پر advance tax کو ختم کر دیا ہے۔ اُس سے پہلے وزیر اعظم صاحب کی ہدایت پر EDF کی مد میں جو 0.25 percent جاتا تھا وہ پہلے ہی ختم ہو چکا تھا۔ اب exporters پر جو Super Tax تھا وہ ختم کر دیا گیا ہے۔

اسی طرح Super Tax کی جو پہلی چھ slabs تھیں، وہ ختم کر دی گئی ہیں۔ پچاس کروڑ سے اوپر دس فیصد سے اب آٹھ فیصد پر لے کر گئے ہیں اور مقصد ہی یہ ہے کہ جو taxation والی discussion کی سمت اور direction of travel کو ہم واضح کریں۔ دیکھیں، different chambers, different associations اور یہاں بھی میں بہت مشکور ہوں جنہوں نے اس کو

definitely will take  ان شاءاللہ appreciate کیا ہے اور جو ہمیں بڑی constructive advice بھی آئی ہے، اُس کو ہم ان شاءاللہ on board.

اسی طرح جو construction industry ہے، جس کے ساتھ کہتے ہیں کہ جی چالیس دیگر industries جڑی ہوئی ہیں، اُس میں ہم نے transaction taxes کم کیے ہیں اور خاص طور پر جو salaried class ہے۔ چیئرمین صاحب، پچھلے سال ہم نے یہ کوشش کی کہ جو سب سے lowest rungs ہیں وہاں سے ہم یہ relief شروع کریں۔ تو چھ لاکھ تک تو ویسے ہی tax نہیں ہے۔ تو اُس سے جو اگلی slab تھی، اُس کو ہم پانچ فیصد سے ایک فیصد پر لائے۔ اُس سے جو اگلی slab تھی، اُس کو ہم پندرہ فیصد سے تیرہ فیصد پر لائے۔ یہ پچھلے سال ہو چکا تھا but we could not provide the necessary relief because fiscal space available نہیں تھی لیکن اس سال ہم نے slabs بھی بڑھائی اور اب ستر لاکھ میں جا کر جو tax کی پینتیس فیصد کی شرح اُس پر آتی ہے which was previously much lower. تو ہر slab پر ہم نے یہ rates کم کیے ہیں اور جو surcharge ہے کیونکہ اس میں بھی بہت ذکر آتا تھا کہ جی دیکھیں، جو ہمارا C-suite and talent ہے اور خاص طور پر IT sector کے جو top talent ہیں، اُس پر بہت بوجھ بڑھ گیا ہے۔ تو وہ surcharge ہم نے ختم کیا۔ IT sector پر جو 0.25 percent fixed tax تھا، اُس کو ہم نے برقرار رکھا اور وہ آپ نے دیکھا ہے کہ الحمدللہ جو IT export services ہیں، وہ ان شاءاللہ اس سال تقریباً چار اشاریہ پانچ بلین ڈالر کے قریب close ہوں گی۔

اُس سے اچھی خبر یہ ہے کہ جو freelancers ہیں، یہ بچے اور بچیاں جو اپنے گھروں میں بیٹھ کر کام کر رہے ہیں اور اُن کی جو export ہے، it has touched 1.6 billion dollars. تو یہ جو ہم بات کرتے ہیں کہ ہم نے اپنے youth کو آگے future کیا دکھانا ہے، اُن کے حوالے سے ہمارے لیے important یہ ہے کہ اُن کو ecosystem ٹھیک دیں۔ اب 5G spectrum کی جو auction ہوئی ہے، اُس سے connectivity بہتر ہوگی، اُس سے جو internet services ہیں because that is their raw material اور وہ ہم نے ان شاءاللہ provide کیا ہے۔

چیئرمین صاحب، اسی طرح ان کی training پر اب جو کام ہو رہا ہے کہ we are trying to upscale and rescale these young men and women because اگر آج یہ دس سے بارہ dollar پر coding کر رہے ہیں،

اگر یہ blockchain اور اس training پر جس پر اس وقت سارا زور ہے، جو ہماری IT Minister کی قیادت میں these trainings are underway تو اگر یہ بچے اور بچیاں پچاس سے ڈھائی سو ڈالر تک کی coding کر لیں fantastic for them and great for the country. تو جی یہ ہماری کچھ چیزیں ہیں جن پر ہم نے اس دفعہ بہت emphasis کیا ہے۔

اسی طرح میں زراعت کے شعبے کی بات کرنا چاہوں گا کیونکہ اُس میں خاص طور پر agriculture credit تو بڑھا ہے، وہ تو سب کو جاتا ہے لیکن خاص طور پر جو چھوٹے کسان ہیں، اُن کے لیے اب تین سو ارب روپے کی loaning مختص کی گئی ہے اور اس میں جو main چیز یہ ہے کہ ایک تو rates کم ہیں اور اس میں دوسری سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ اس میں کوئی collateral نہیں ہے۔ (جاری۔۔۔T22)

**T22-18June2026 Naeem Bhatti/ED: Shakeel 4:20 pm**

سینیٹر محمد اورنگزیب (وزیر برائے خزانہ) : (جاری۔۔۔) جناب والا! میں زراعت کے شعبے کی بات کرنا چاہوں گا کیونکہ اس میں خاص طور پر agricultural کا rate تو بڑھا ہے، وہ تو سب کو جاتا ہے لیکن خاص طور پر چھوٹے کسانوں کے لیے اب تین سو ارب روپے کی loaning مختص کی گئی ہے۔ اس میں main چیز یہ ہے کہ ایک تو rates کم ہیں لیکن سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ اس میں collateral نہیں ہے، کسی سے کوئی فرد نہیں مانگا جائے گا، کسی سے کوئی گھر گروی نہیں رکھوایا جائے گا۔ اس میں سے disbursement already شروع ہو چکی ہے۔ اسی طرح Prime Minister Youth Loan Scheme میں تقریباً ایک سو دس ارب روپے زراعت کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ زراعت کے لیے جو machinery آتی ہے، harvesters ہیں، tractors ہیں، خاص طور پر technology والی machinery پر ساری duties کو صفر کر دیا گیا ہے، customs duties, additional customs duties, regulatory duties. یہ بات ہمیشہ آتی ہے کہ آپ نے net کو بڑھانا ہے یا جو لوگ already پیسے دے رہے ہیں، انہی کے پاس واپس جانا ہے۔ اس مرتبہ ہمارے جو چھوٹے دکاندار اور تاجر بہن، بھائی ہیں، ان کو net میں لانے کے لیے بہت محنت ہوئی ہے۔ ایک بڑی simple scheme کو متعارف کروایا گیا ہے and we are very confident کہ ان شاءاللہ this will help us in bringing retailers into the tax net لیکن اس کے لیے انہیں facilitation دی گئی ہے، ان کے لیے یہ سہل بنایا گیا ہے۔

جناب والا! میں ایک اور چیز کا ذکر کرنا چاہوں گا کہ یہاں بہت گفتگو ہوئی کہ FBR کے role میں بہت ساری مشکلات ہیں، harassment بھی ہے، corruption بھی ہے،اس کا ایک طریقہ ہے کہ ہم نے پچھلے دو یا تین سالوں سے جو سفر شروع کیا ہے، اس میں ہم human intervention جتنی بھی reduce کر سکیں, and the role of technology یہ operating model Senate Standing Committee on Finance and Revenue میں پیش کیا گیااور انہوں نے اسے endorse کیا۔ اسی طرح قومی اسمبلی کی Standing Committee on Finance میں کل اسے وہاں پیش کیا گیا، وہاں اسے سراہا گیاہے اور میں نے اپنی بجٹ تقریر میں اس کا ذکر کیا تھا۔ جناب والا! یہ بڑی fundamental changes ہیں، یہ paradigm shift ہے کہ کس طرح we bring the trust and credibility back into the tax authority کیونکہ پہلے بات یہ ہے کہ ہر segment کو اپنا tax ادا کرنا ہے تاکہ ہم ایک ایسی قوم بن سکیں جو اپنے پاؤں پر کھڑی ہو سکے، tax to GDP کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ کوئی دس ہزار feet کی بات ہے، میں اس کی صرف ایک مثال دینا چاہوں گا کہ جب معاشی استحکام ہو اور آپ کے پاس اپنے جو وسائل موجود ہوں۔ جب پچھلے ستمبر، اکتوبر میں سیلاب آئے، آپ کو یاد ہو گا کہ 2022 میں بھی سیلاب آیا تھا جبکہ 2025 میں آنے والا سیلاب زیادہ خطرناک سیلاب تھا because this time, three rivers were involved, and all the provinces were involved. وزیراعظم صاحب اور کابینہ نے بڑی clearly یہ چیز decide کی کہ اس مرتبہ we are not going to go for international appeal because ہمارے پاس اپنے وسائل موجود ہیں جس سے ہم rescue, relief and reconstruction کی طرف جا سکتے ہیں۔ جب آپ کے پاس یہ وسائل موجود ہوں تو خدا نخواستہ اس طرح کے indigenous shocks آتے ہیں تو پھر economy اس کو برداشت بھی کر سکتی ہے اور اپنے وسائل کے ساتھ آپ اس کے ساتھ نبرد آزما ہو سکتے ہیں۔

جناب والا! میں آخر میں اس ایوان کا بہت شکر گزار ہوں، ہمیں یہاں سے جو بھی recommendations آئی ہیں from our perspective کچھ چیزیں ہیں ہم winding up speech میں ان کا ضرور کریں گے، we will take those

recommendations on board اور کچھ ایسی چیزیں ہیں جو short to medium term میں in term of direction of travel ہمیں اس معزز ایوان سے جو guidance ملی ہے ان شاء اللہ اسے آگے لے کر چلیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف): جناب والا! آج چونکہ یہ process ختم ہوا ہے، ایک report laying کا item ہے اور اس کے ساتھ اس کا Bill ہے۔ FBR Act میں ایک چھوٹی سی amendment ہے جو time sensitive ہے۔ I would request the Chair کہ اسے take up کر لی جائیں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ بعد میں پڑھ لیجیے گا۔ ان کا مسئلہ یہ ہے کہ کمیٹیوں میں نہیں جاتے ہیں، یہ House میں lay ہوا ہے، کمیٹی کی report لگی ہوئی ہے۔ یہ کمیٹی میں جاتے نہیں ہیں اور یہاں چڑھائی کر دیتے ہیں۔ آپ تنخواہیں لے رہے ہیں، TA/DA لے رہے ہیں خدا کے لیے کمیٹیوں میں جایا کریں، یہ منافقت چھوڑ دیں، یک رنگ ہو جائیں۔ کمیٹی نے یہ unanimously pass کر کے بھیجا ہے، two amendments ہیں، انہیں take up کر لیں۔

جناب چیئرمین: پارلیمانی لیڈر! یہ آپ کی table پر پڑھا ہوا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ کمیٹی کو refer ہوا، اس نے اسے unanimously pass کیا ہے، three amendment ہیں، ایک ہم withdraw بھی کر رہے ہیں کیونکہ کمیٹی نے کہا ہے کہ اسے rethink کر لیں۔ علی ظفر صاحب! وہ provision نکال دی ہے، آپ سے ابھی جو مشورہ کیا تھا۔

جناب چیئرمین: یہ کمیٹی سے approved ہیں۔ وہ legal expert سے بات کر رہے ہیں۔ علی ظفر صاحب کمیٹی نے اسے pass کیا ہوا ہے۔

As requested by the Minister, the Secretariat is directed to circulate the supplementary Orders of the Day. Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance, may move Order No. 10 on the supplementary Orders of the Day.

**<u>Introduction and Passage of [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026]</u>**

Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance): Mr. Chairman, I move that the Bill further to amend the Federal Board of Revenue Act, 2007 [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: 2nd reading of the Bill. Clause 2. There is no amendment in Clause, so I will put this Clause before the House. The question is that Clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. Clause 3. There is an amendment in Clause 3. The Minister for Finance and Revenue, may move the amendment on his behalf Minister for Law.

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I move an amendment in the Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026 that Clause 3 of the Bill may be omitted and remaining Clause may be renumbered accordingly.

میں بتا بھی دیتا ہوں کہ محترمہ شیری رحمان صاحبہ اور علی ظفر صاحب سے میں نے آج discuss کیا تھا، انہوں نے کہا ہمیں یہ Clause تھوڑی سی لگ رہی ہے، اسے دیکھ لیں۔ میں نے پھر بات کی، وزیر صاحب نے کہا کہ اسے omit کر دیں، ہم omit کر رہے ہیں، renumber ہو جائے گی۔

Mr. Chairman: I now put the amendment before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The amendment is adopted. Clause 3 of the Bill stands omitted and remaining clauses of Bill be renumbered accordingly. Renumbered clauses 3 to 5. There is no amendment in renumbered clauses 3 to 5, so I will put these clauses before the House as one question. The question is that renumbered clauses 3 to 5 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Renumbered clauses 3 to 5 stand part of the Bill. We may now take up the Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title stand part of the Bill. Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance, may move Order No. 11 on the supplementary Orders of the Day.

Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance): Sir, I move that the Bill further to amend the Federal Board of Revenue Act, 2007 [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously.

## **Announcement by Mr. Chairman**

Honourable members, it is for the information of the House that, in the discharge of its constitutional responsibility, the Senate of Pakistan has undertaken

a comprehensive consideration of the Finance Bill, 2026, and the Annual Budget Statement over the course of four consecutive days. Members from across the political spectrum participated actively in the debate and put forward valuable recommendations and proposals aimed at improving the budgetary measures. A total of 56 Honourable Members took part in the discussions, reflecting the Senate's commitment to meaningful parliamentary scrutiny of public finances.

The Senate Standing Committee on Finance and Revenue and the Senate Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives held extensive deliberations and marathon meetings to examine the proposals submitted by Honourable Members. Their report has been presented to the House today and was adopted unanimously by the Senate. The recommendations of the House have accordingly been transmitted to the National Assembly for its consideration.

I wish to place on record my appreciation for all Honourable Members for their constructive participation and valuable contributions to the budget process. I also commend Senator Saleem Mandviwala, Chairman of the Standing Committee on Finance and Revenue, and Senator Qurat-ul-Ain Marri, Chairperson of the Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives, for their leadership, diligence, and tireless efforts in steering their respective committees through this important exercise.

I further acknowledge and appreciate the dedication and professionalism of the officers and officials of the Senate Secretariat, particularly those of the Legislation Branch and the Committees Branch, who worked tirelessly often around the clock to facilitate the proceedings of the House and its committees

during the Budget Session. Their collective efforts have reinforced the Senate's vital role in ensuring transparency, accountability, and effective parliamentary oversight of the nation's finances.

Leader of the House, while you were not present, I made an announcement that when I was the Speaker of the National Assembly; I used to say anybody left who has not made a speech. Today I said the same and there was none

جس نے تقریر نہ کی ہو۔

Now I will read out the prorogation order. In exercise of the powers conferred by Clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Syed Yousuf Raza Gillani, Chairman, Senate of Pakistan, hereby prorogue the Senate Session on the conclusion of its business on Thursday, the $18^{th}$ June, 2026.

Sd/-

(Asif Ali Zardari)
President of Pakistan

----------------

*(The House was then prorogued sine die)*

----------------